ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

الحمد للہ والمنۃ کہ یہ قصہ عاقل و نظر بند جسکے ایک زمانہ دراز سے لوگ مشتاق تھے لہذا اس عاجزہ نے خریداران و تاجران کتب کی خواہش پر بصرف زر کثیر و مبلغ خطیر خرچ کر کے مذکور کتاب کو حلیۂ طبع سے آراستہ کیا

قصہ عاقل و نظر بند

باہتمام مریم بی صاحبہ زوجہ محمد اکبر صاحب مرحوم مالک مطبع سنوری
محلہ چام بازار اندرون کمانی دروازہ دہلی در سنہ ۱۳۱۵ھ مطبوع گردید

دہلی مطبعی سنوری ملا اس مطبوع گردید

عمل حافظ محمد عبدالقادر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع مین کیا ہون بنام کریم
کہ ہیگا وہ بیشک علی العظیم

وہ واحد ہے یکتا وہ خلاق ہے
وہ معبود برحق وہ رزاق ہے

رسانندۂ روزی بندگان
کشائندۂ کار واماندگان

وہ ہیگا کریم اور وہ ہے رحیم
وہ ہیگا قدیم اور ہے وہ حکیم

وہی بادشاہِ زمین و زمان
وہ سب اپنے بندون پہ ہی مہربان

وہی ہے علی کل شئ قدیر
نہین کوئی اوس سا وہ ہی بے نظیر

وہ ستار ہیگا وہ غفار ہے
وہ قدوس و مومن وہ جبار ہے

وہی ہیگا قادر وہی بے نیاز
وہ سب اپنے بندونکا ہی کارساز

زوال اوسکو نہین ہے وہ ایسا ہے شاہ
بہانہ طلب ہے بہر عفو گناہ

عجب ہیگا وہ اکرم الاکرمین
عجب ہیگا وہ ارحم الراحمین

عجب المک [illegible] کا شریک | نہین تھی نہین ہیگا اُسکا شریک

وہ اللہ ہیگا رحیم و حلیم | وہ بھیجا نبیون کو ز لطف عمیم

در نعت حضرت محمد مصطفی سلطان انبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبیون مین ہے خاتم محمد نبی | دیا اپنے حق نعمت اوسکو سبھی

وہ ہے نعمت حق جہان پر تمام | دیا اوسکو تین رب نے عالی مقام

یقین وہ عرب سے بلا مین کا | [illegible]

وہ [illegible] ہے یقین | ہے سب [illegible] جنکی خدمت کرین

وہ سالار ہے انبیا کا تمام | علیہ الصلوٰۃ و [illegible] السلام

کہا [illegible] شاہ [illegible] | [illegible]

[illegible] | برون [illegible]

[illegible]

بحق جانشین رسول خدا
دیا رب نے اسکو تو یہہ مرتبا

امیر عرب جفت پاک بتول
که از تیغ او کفر را شد نزول

که نفس نبی خواند او را خدا
که وه افضل است از همه انبیا

نبی کے سوا افضل انبیا ہے
وصی نبی اکمل انبیاء

محمد نبی کو علی سا وصی
نہ ایسا نبی کہین نہ ایسا وصی

نماز اوسکے تا کہین نہووے قضا
دیا رب نے خورشید کتین پھرا

نفاق علی میکند دل سیاہ
بود منکرش کافر از خواه

محبت علی کی خوش آئین ہے
عدوے علی خاین دین ہے

مجھے کب زبان ہے جو بولون ثنا
مین اوسکا غلام ہون وہ ہی بادشاہ

در مدح حضرت سیدة النساء حضرت فاطمة الزہرا صلوٰة اللہ علیہا

کہون بعد اوسکے ثنائے بتول
کہ بیشک ہے وہ نور چشم رسول

اوسے بضعتہ نبی کا ہے خطاب
خدا دوست اوسکا ہی نبی اوسکا باپ

اوسے زوج ہے شاہ مردان علی
پسر اوسکے حسنین جنکے ولی

یہان فاطمہ جس ستی شاد ہے
سدا دو نو جگ مین وہ آباد ہے

سنو فاطمہ جس سے بیزار ہے
جہنم اوسیکو سزاوار ہے

خدا و نبی اوسپہ ہے ور غضب
یقین ہیگا سو وہ کافر بے ادب

بود بس یقین موذئے فاطمہ
سزاوار آن دوزخ حاطمہ

مجھسے اوسکے تعریف کو نہین زبان	خدا و نبی اوسکے ہے مدح خوان

در مدح یازدہ پیشوایان دین متین یعنے حضرت آئمہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام

کہون اب ثنا سے دہ و دو امام	جنہون سے ہوا دین کیتین انتظام
ہمہ چون محمد ہمہ چون علے	ہمہ وارث علم دین نبی
جہان قائم ہے انکے ہی ذات سے	قضا و قدر انکے ہی بات سے
نبی کے وصی ہین یہہ گیارا امام	انہون پر درود او انہون پر سلام
کہ من نام ایشان بیان میکنم	چو بر ہر دو عالم عیان میکنم
حسن ابن حیدر حسین سے علے	یہہ دو نو ہین بیشک امام ولی
کہ ہے بعد سجاد ابن حسین	ہی باقر جو ہے سجاد کا نور عین
پچہے اوسکے صادق علیہ السلام	ہے کاظم شہنشاہ عالی مقام
علے ابن موسیٰ رضا بعد ازین	تقی و نقی ہین شہنشاہ دین
حسن عسکری ہے نقی کا خلف	ہی ہے مہدی دین شہ با شرف
جہان مین سلامت ہے میرا امام	نبی و علی کا وہ قائم مقام

در بیان دعاے خروج حضرت صاحب الزمان صلوات اللہ الملک المنان

امام زمان حجت کردگار	فرزندہ کو ہر ہشت و چار

که وه حال غیب مین هے شاهدین	خدا اسکو بهیجیگا وقت معین
جهان کے طرح اب هوی هے خراب	اے میرے شهنشاه آ تو شتاب
جهان مین بهت شور وغل هے مچا	محبون په تیرے بهت هے جفا
تو اپنے قدم سے جهان پاک کر	میرے تئین تیرے پاؤن کی خاک کر
مجھے اپنے همراه رکھ لے امام	تو میرا هے مولا مین تیرا غلام
یهه خادم کو تیری هے اب آرزو	میری آرزو بر لے آ جلد تو

نعت ازواج مطهرات وصحابه خاص رضی الله تعالی عنهم اجمعین

نبی کے سب ازواج واصحاب پر	هزاران سلام هوے جو احباب پر
نبی پر کیے جب کہ یهه جان فدا	رضی الله عنهم کها هے خدا

در مناجات پروردگار گوید

مین بنده گنهگار هون اے کریم	مجھے بخش دے اے غفور الرحیم
مین عاجز هون مضطر هون حیران هون	گناهون سے اپنے پریشان هون
الهی منم بندهٔ عاصیت	همه عمر من گشت در معصیت
الهی تو هی خالق کارساز	بکن عفو اے قادر بے نیاز
الهی کرم کر میرے حال پر	اس ایام گردش کے جنجال پر
الهی بحق محمد رسول	بحق علی و بحق بتول

الٰہی بحق حسین و حسن بہ سجاد و باقر شہ مومن

بصادق بکاظم رضا و تقی بحق نقی و شہ عسکری

بحق محمد امام زمان کہ نامش بود مہدی او راعیان

الٰہی بحق ہمہ انبیا بحق ہمہ اوصیا و لیا

میرے فکر و آزار کو اے کریم دفع کر میرے سے ای میرے حکیم

میرے دلکی خطرات کو رفع کر میرے دشمنون کو تو سب دفع کر

میرے دین و دنیا کے مطلب تمام تو برلا بحق نبی و امام

الٰہی دعا کو میرے کر قبول بحق رسول و بہ آل رسول

در تعریف بادشاہ اسلام و امرائے زمان خلد اللہ ملکہم

اور اسلام کے اب جو ہین بادشاہ سلامت رکہے وہ جہانمین سدا

خدا دین احمد کا غالب رکہے سبہی خلق کو اوسکا طالب رکہے

جو اسلام کے ہین امیر زمان خدا اونکو جیتے رکہے درجہان

خدایا سدا اونکو تو شاد رکہہ دونو جگ مین تو اونکو آباد رکہہ

رہے تیز شمشیر اون کی مدام جو کفار پر تا بروز قیام

پہر آل نبی کے جو ہین دوستدار رہین شاد و خرم میرے کردگار

جہان مین جو ہے مسلم و مومنین سدا شاد رکہہ ارحم الراحمین

میرے ماکتین شاد رکہہ اے خدا سدا اوسکو آباد رکہہ اے خدا

تو کر خضر سے عمر اوسکو عطا — بحق محمد رسول خدا

میرے اقربا و نپہ نت کر کرم — کبہی اونکیتین کو نہ بتلا تو غم

میرے دوستون کو تو آباد رکہہ — عدو کو سب اونکے تو برباد رکہہ

جہانمین جو ہے شیعہ و سنی و مومنین — کرم سے تو رکہہ شاد اونکے تئین

انہون کے طرف سے مجہے رکہہ تو شاد — میرے دو جہان کے تو بر لا مراد

در تضمین ابیات باذل علیہ السلام

یہ نسخہ مین باذل کے ابیات ہین — کیا درج اوسکو خوشی سات ہین

وہ بیتان ہی درجملہ جلد ری — ہوے جس سے باذل کتین برتری

ہے باذل تو مداح شاہ نجف — جو پائے دو نو جہانمین شرف

در سبب تالیف این نسخہ گوید

تفکر میرے دلپہ تہے ایک روز — مین یہ نقل یک سے سنے دلفروز

میرے دلمین ایا کہ اوسکو تمام — جو ابیات ہندیمین دیوان نظام

زن و مرد اس سے ہوین بہرور — اسے پڑہینگے خوش ہون جیسے مگر

اسی واسطے مین بنایا اسے — سبہی خلق پر اب سنایا اسے

یہہ قصہ سے ہاشمی ہے میرا نام — بحق محمد علیہ السلام

ذرا شعر مین میرے تین راہ نہین — کہ اس بات سی سارے آگاہ ہین

غرض نام اسکا ہے اسرار عشق — شروع اب ہوا یہان سے تو مار عشق

آغازِ داستان قصہ شاہ روم یعنی فیروز شاہ کا

خوشی سے پلا مجھکو ساقی شراب — کہ تا مین کہون ایک کہانی شتاب
خوشی سے پلا تو مئے پر خمار — کرون مین رقم ایک قصہ نگار
کہ تہا روم کے ملک مین ایک شاہ — بہت خوبی و خلق کا بادشاہ
تہے کل بادشاہ اسکے زیر خراج — رہا تا اوسے روم کا تخت و تاج
شجیع اور عادل تہا او سخی — ہی صائم نمازی بڑا متقی
اوسے خلق کہتی تہی فیروز شاہ — بہت عدل و انصاف کا بادشاہ
رعیت سپاہ اور پیر و جوان — سبہی اوس سے خرسند تہے خرد و کلان
پر ایک بات سے شاہ دلشاد تہا — مگر ایک غم تہا سو اولاد کا
اسی فکر سے غم مین تہا بادشاہ — کہ مجہہ بعد وارث نہین کوئی مرا
اسیطرح کئی روز گذرے مگر — یہی فکر مین تہا وہ شام و سحر
سو ایک دن شہنشاہ بہت غم ستی — بصد آہ و زاری مناجات کی
لگا کہنے اے قادر بے نیاز — تجہے سب سکت ہے تو ہی کارساز
مرے پر کرم کر اے میرے کریم — عطا مجہکو اولاد کر اے رحیم
کیا بیقراری سے شاہ نے دعا — خدا سے اجابت ہوی مدعا
کئی روز بعد از سنا شاہ خبر — کہ شاہزادی تو گہر مین ہے بارور

یہہ سنکر بہت خوش ہوا بادشاہ | کیا شکر حق اور دوگانہ پڑھا
دعائیں فقیروں سے لینے لگا | زر و مال فقرا کو دینے لگا
غرض نو مہینے گئے جب گذر | کہا شہ نے بیگم سے بہت آن کر
میں کہتا ہوں تجویز تیرے سے ایک | چھپا دل میں رکھہ کسکو مت بول دیکھ
تولد کے دن کس کو نہ کر خبر | ترے پاس ایک دائی رکھہ معتبر
اگر ہووے دختر تو کہنا پسر | میرے تئیں کرے کان میں آ خبر
اگر ہووے بیٹا بہت خوب ہے | نہیں تو یہی فکر محبوب ہے

بیان تولد ہونا نظر بند کا ملکہ فیروز شاہ کی اور دختر کو چھپا کر فرزند مشہور کرنا اور خوشی کرنا بادشاہ وغیرہ کا

ایا ساقی مجھے اب تو دے جام بھر | ہوی ایک دختر بتا تئیں پسر
مجھے مے پلا تا کہ میں اتر خمار | کروں جشن میں عیش کا کاروبار
کئی دن گئے جب اسی فکر میں | اسی گفتگو اور اسی ذکر میں
پھر ایسا ہوا سے سنو مجھ سے یہہ | اوٹھا شاہزادی کو جب درد زہ
وہیں شاہ کو جاکے بولے خبر | دیا بھیج یک دائی شاہ معتبر
بہ ان گھر کے اندر گیا بادشاہ | سو پوچھا وہ دایا کے نزدیک جا
کہا اوسنے بیٹی ہوی تجھکو شاہ | غرض شاہ نے دیکھہ اوسے غش کیا

ولیکن ہے صورت مین مانند ماہ
بہت خوش ہوا دل مین بخشش کیا

اوس دم شہر مین منادی کیا
وزیرون کو بلوا کے شادی کیا

سبھی آ کے نذرین دئے شاہ کو
کہ بیٹیا مبارک شہنشاہ کو

امرا نے سبھی شاہ کہلوا دیا
غریبون فقیرون پہ رلوا دیا

منجم نے آ زائچہ جو لکھے
سبھی شاہ کنتین مبارک کہے

نظر بند رکھا شاہزادے کا نام
لگا تربیت کرنے کو صبح و شام

وہ بیٹے کی شہرت دیا اوسکے تئین
تعین کیا چند سہیلون کتین

سہیلیان رہین اوسکے نت گرد و پیش
نہ مرد اوس کے نزدیک جاوے نہ خویش

وہ کیئے دنہین سب علم مین طاق ہوئی
یہی شہرت مین یکتاے آفاق ہوئی

سنی یہ خبر جب نظر بند کی ما
جسے خلق کہتی تھی زیب النسا

بلا اوسکے اوستادونکو بادشاہ
کیا سب کو جاگیر و منصب عطا

بیان انتقال کرنا فیروز شاہ و زیب النسا کا اور تخت شاہی پر نظر بند کا جلوس فرمانا اور نذرین گذراننا جملہ وزرا و امرا کا

نظر بند کو جب ہوے سات سال
ہوا اوسکے ما نباپ کا انتقال

سو شاہ وقت آخر وزیرونکتین
نصیحت کیا یون امیرون کتین

سپرے بعد رحلت تمہین کل تمام
نظر بند کو دیو شاہی کا کام

موافق نصیحت کے سارے وزیر / بجا لائے فرمان سارے امیر
نظر بند کتنین کئے بادشاہ / سبھی خلق نذرین دیتی تہی لا
خوشی سے شہر مین منادی کئے / سبھی خلق سن اوسکو شادی کئے
نظر بند نے عدل و انصاف سے / کیا نام نیک اپنا اوصاف سے
سخاوت عدالت شجاعت کے ساتھ / لگا سب سے چلنے مروت کے ساتھ
لگا جا کے ہر روز کرنے شکار / ممالک مین اوس کا ہوا اشتہار
کہ ہے شاہ فیروز کا ایک پسر / بہت خوبی و عدل سے نامور
اوسے تخت شاہی سزاوار ہے / پدر سے زیادہ وہ ہشیار ہے
خدا دے اوسے عمر و دولت زیاد / لگی کہنے اسطرح ہو خلق شاد
ہمیشہ اسیطرح رہنے لگا / بہت عدل و انصاف کرنے لگا
یہان تو یہہ قصہ کو بالفعل چھوڑ / سوئے شہر مگریال باگ اپنی موڑ

بیان شہر مگریال اور مسعود شاہ وہان کے بادشاہ کا

مجھے ساقیا جلد دے جام بھر / کہ میرا ہے مگریال پر اب گذر
پلا میرے تئین تو شراب طہور / کہ جس سے ہمیشہ او بلتا ہے نور
تہا مگریال مین ایک صاحب کلاہ / جسے خلق کہتی تہی مسعود شاہ
سبھی اوس سے خوش تہی رعیت سپاہ / تہا سب اپنے لوگون کا پشت و پناہ
سبھی ملک اوس شاہ سے آباد تہا / کہ سب شاہ سے خلق دلشاد تہا

تہا مگر پال اوس شہر کا خوب نام ۔ گل موتیا کا تھا وان اژدنام
تہی سب بات سے شاہ کتین خوشی ۔ نہین تہی سو اولاد تہی ناخوشی
اسی غم سے رہتا تھا ہو دلفگار ۔ گزرتا تھا اسطرح سے روزگار
کئی روز بعد از سنا شاہ خبر ۔ کہ رہتا ہے کہین ایک صاحب ہنر
فقیر ایک رہتا ہے صاحب کمال ۔ جہان مین نہین کوئی اوسکے مثال
یہہ سن شاہ نے دلمین رکہہ اپنی آس ۔ بہی افتان و خیزان گیا اوسکے پاس
کہا جاکے احوال اپنا تمام ۔ اونے سنکے بولا کہ اے نیکنام
تجہے ایک دیتا ہے اللہ پسر ۔ بہت عقل و فرہنگ سے بہرہ ور
دیا شاہ کو ایک مہرہ نکال ۔ کہا اوسکتین رکہہ تو اے خوشخصال
عطا جب کرے تیرے تئین رب پسر ۔ یہہ مہرے کو تو باندھہ بازو اوپر
یہہ ہے خاصیت اوسکے بندنے مین ۔ پہچانیگا وہ جا نور کا سخن
یہہ سن شاہ خوشحال ہو کر گیا ۔ خوشی سے بہت دل مین وہ بہر گیا
اوسی سال شاہ کے ہوی گھر امید ۔ ہر اک دن ہوا شاہ پر مثل عید

بیان تولد ہونا شاہزادہ عاقل کا اور خوشی کرنا پادشاہ کا

پلا ساقیا میرے تئین جام بہر ۔ کہ شاہ کو ہوا ہے تولد پسر
گزر گئے ہین جب نو مہینے تمام ۔ تولد ہوا شاہ عالی مقام
بہت خوبصورت تھا جون آفتاب ۔ کوئی دیکہہ اوسکو نہ لاتے تہے تاب

مبارک خبر شاہ نے جب سنا — بہت ہوکے خوشحال شادی کیا
منجم و وزرا و امرا تمام — ہے عاقل رکھے شاہزادہ کا نام
وزیر اور امیر آکے سب در حضور — مبارک کہے اور دیئے سب نذور
شہنشاہ اوس دن بہت شاد تھا — خوشی ساتھہ گھر اوس کا آباد تہا
غرض خوش ہوی خلق سب خاص و عام — وزیر و امیر اور رعیت تمام
وہ شاہزادے کے دیکھے طالع کتین — نجومیون نے شاہ سے کہی عرض یہ
ہے خطرہ اوسے چودہوین سال مین — مگر خیریت ہوگا سب حال مین
نجومیون سے شاہ سن ہوا گہبرا — بہت باخبر پالنے کو لگا
کہا میرا ہے وہ خدائے کریم — مجھے کیا ہے پروا میرا ہے رحیم
لگا شاہ کرنے اوسے پرورش — کہ جسطرح سے تہی شہونکی روش
غرض جب کہ مکتب کے دن آگئے — بڑے شادی و دہوم رچوا گئے
بہت دہوم سے شاہ مکتب کیا — سبہون کو اضافے و منصب دیا
سو پہر شاہزادیکو پڑہنے بٹہائے — سبہی علم شاہزادے کتین سکہائے
پڑہائے ہین اول خدا کا کلام — تفسیر بہی اوسکی کرائے تمام
کیا جملہ علمون کو وہ اختتام — بہی سکہلائے سب فن بہی اوسکو تمام
سبہی بات مین وہ ہوا باوقار — ہر ایک علم و فن مین ہوا ہوشیار
خبر جب سنا ہے شہ بحر و بر — ہے ہر بات مین طاق اپنا پسر

بہت شاد و خرم ہوا بادشاہ — وہ شکر خدا تب لے آیا بجا
بہی شاہزادیکوں کہیلنے کتین — بلایا ہے دربار مین اوسکتین
وہ شاہزادہ ہر روز آنے لگا — مدام اسطرح آنے جانے لگا
جو بیستی بلندی زمانہ کی ہے — دکہایا ہر ایک کارخانہ اوسے
پہرے چار دہ سال جب اوسکتین — تب عاقل لگا کہنے شہ سے وہین
بہت دن سے مجہکو ہے شوق شکار — مجہے حکم دے اسے شہ نامدار
بہی ہے میرے تئین یہ بڑی آرزو — مجہے حکم دیکر تو کر سرخرو
یہہ سن شہ کہا دل مین کچہہ نین ہی ڈر — منجم کہے سو گئے دن گذر
کہا اسطرح سے وہ بیٹے کتین — تیری آرزو بر لے آتا ہون مین
تو ڈر مت تجہے بہیجتا ہون شکار — بہت حشمت و جاہ سے باوقار
غرض شاہ تیاری کرنے لگا — وزیرون امیرونکو سارے بلا
کہا اون سے تم جاؤ شاہزادیکے ساتہ — رہو اوس سے ہشیار دن اور رات
بہیجے فوج ساری وہ شاہ جہان — دیا ساتہہ اوسکے کہا تو مہان
بلا شاہ پہر شاہزادے کتین — نئی ایک خلعت پنایا وہین
وہ مہرے کتین یاد کر شاہ منگا — بہی بیٹے کے بازو پہ مہرہ بندہا
کہا بیٹے کو یہہ خواص اوسکے سن — پہچانے گا تو جانور کے سخن
منگا بعد اپنا جواہر تمام — بندہا بیٹے کو شاہ عالی مقام

غرض شاہ بیٹے کو رخصت دیا
بہت کر تو فے بیسے روانہ کیا

سو اجب کہ سب خلق مین اشتہار
کہ شاہزادے کو شاہ بہیجا شکار

تماشے کنتین خلق کر اثر دحام
سبہی آئے ہین دیکہنے خاص عام

امیران فقیران غریبان تمام
سبہی مرد و زن اور بچیان تمام

لگے شاہزادے کو سب دیکہنے
جو دیکہے سو شاہزادے کو غش کیے

بہت خوبصورت تہا وہ مثل ماہ
نہ تہی ٹہیرتی اوسپہ کسی کی نگاہ

لگی خلق سب دینے اوسکو دعا
ہمیشہ یہہ جیتا رہے اے خدا

بیان جانا شاہ عاقل کا شکار کیلیئے اور سننا گفتگو چند و چنڈول مین اور عاشق ہونا اونکا

غرض شاہزادہ بڑے شوق سے
چلا حکم لے باپ کا ذوق سے

لگا دیکہنے کو تماشے تمام
لگا خلق کا لینے کنتین سلام

سبہی فوج لیکر وہ باہر چلا
چلا صاف جنگل کا لے راستہ

شکاری ریون نے لیکر چلے اوسکنتین
جہان جانور تہے شکار سے وہین

لگے کہیلنے کنتین سب شکار
وہ گہوڑون کو دوڑانے لے اختیار

قضارا ہرن ایک پیدا ہوا
وہ جنگل مین سے ہویدا ہوا

بہی شاہزادے نے دیکہکر اوسکنتین
لیا باگ گہوڑے کی فوراً وہین

کیا ایکے پیچہے سو بہاگا اونے
لگا پیچہے سے شاہزادہ اوسے

جو شاہزادہ پیچھے ہرن کے لگا
کہین دوڑ جنگل مین جاتا رہا

ہرن غیب ہوا یہہ ہوا منفعل
ہوا شاہزادہ نہایت خجل

کبھی گھر سے باہر وہ نکلا نہ تھا
یکایک پہنچا ہی وہ جنگل مین جا

ہوا اول مین تب وہ بہت ہی اداس
لگی تھی اوسے اور شدت سی پیاس

چلا ڈھونڈھتا وہ جو پانی کے تئین
نظر مین پڑا ایک چشمہ وہین

وہ چشمہ پہ ایک جہاڑ پر مغز تھا
سو وہ بارور اور سبز سبز تھا

اوتر کر وہ چشمے مین منہہ ہاتھ دہو
وہ پانی پیا اور کیا ہے وضو

وہ بیٹھنے سے ہوکر بہت سا اداس
خفا ہو کے وہین گیا جہاڑ پاس

بندہا جہاڑ سے اپنے گھوڑے کتئین
بچھا اپنے جامہ کو لیٹا وہین

چند اور چندلی کہین از قضا
اوسی جہاڑ پر دو نو بیٹھے ہین آ

چندلی چند سے یہ کہنے کتئین
ارے دیکھہ اس شاہزادہ کتئین

کبہی گھر سے باہر یہہ نکلا نہ تھا
بہت نعمت و ناز سے یہہ پلا

تو دیکھہ اوسکین کس خرابی سے آج
پڑا جہاڑ نیچے نہ تخت و تاج

چند سنکے بولا چندلی سنی
کہ آئے ہین مین تو جہان سے ابہی

ا [illegible] تو وہ کس شان سی
چلا آتی ہے ملک اپنے فرمان سے

عمر اوسکی دس سال کی ہے یقین
وہ عورت ہے اوسکو دیکھی نہین

چندلی سنی سو ہوی گہبرا ہی
چند سے پہر وہ پوچھنے کو لگی

بہت خوبصورت و جوان ماہ سے ہے ‏ وہ محبوبہ نہین جیسے شہنشاہ سے بہ

چند نے کہا پہر چندنی کو سن ‏ مین کہتا ہون اوس کا سراپا سخن

پدر اوس کا یک شاہ فیروز تہا ‏ وہ تہا بانجہ فرزند اوسکو نہ تہا

یہہ بیٹی ہوی بعد کئے روز کے ‏ وہ مشہور بیٹا کیا سبہہ اوسے

جب اوسکے ہوا باپ کا انتقال ‏ لیا بیٹا سب مملکت کو سنبہال

کوئی خلق اوسکو نہین جانتی ‏ سبہی مرد ہے کرکے پہچانتی

تاسف او عورت پہ کیون تونے کیا ‏ تو کیون اوسکتین دیکہہ نہ ڈہلا سکے

وہ ظاہر مین تو مرد کی ذات ہے ‏ یہہ عورت سے ہونا محالات ہے

یہہ کہکر چند کا وہ جوڑا اوڑا ‏ غرض شاہزادہ تہا جگمتا پڑا

یہہ سنکر بلا مین ہوا مبتلا ‏ نظر بند کا دل سے عاشق ہوا

تب عاقل نے یہ اپنے دلین کہا ‏ میری فوج گر دیکہے مجکو ذرا

نہین جانے دیونگے مجکو سبہی ‏ یہہ بہتر مجہے ہے کہ تا مین ابہی

چلے جاؤن اوٹہہ ڈہونڈہتا اوسکتین ‏ ملونگا تو آخر نظر بند سے مین

یہہ بولا سو دلمین ہوا ہوشیار ‏ ہوا گہوڑے پر زین بند کر سوار

نہ معلوم تہا اوسکتین راستہ ‏ چند بہی نہین کچہہ کہا تہا پتا

بیان عاشق ہونا شاہزادہ عاقل کا اوپر نظر بند کے اور جانا فراق مین اوسکے

توکل سے گھوڑے پہ ہو کر سوار ۔ چلا عشق سے ہو کے دیوانہ وار
غرض شاہزادہ چلا دن تمام ۔ شب ہونے مین اوترا ہی وہ نیکنام
وہ جنگل اندہارے مین آکر پڑا ۔ نہ یار کوئی اوسکے تئین جز خدا
اوسے نیند آئی نہ شب کو زرا ۔ تڑپتا رہا صبح تک برملا
صبح ہوتے ہی پہر وہان سے نکل ۔ چلا ڈہونڈہتا اوسکو ہر اک جنگل
اسیطرح سے روز چلتا تہا وہ ۔ ہوی شب کہین ہی اوترتا تہا وہ
لگی بہوک تو اوسکو جنگل کے پہل ۔ اوسے کہاکے چلتا تہا پہر وہ سنبہل
وہ گہوڑے کو چہوڑا بیابان مین ۔ چلا ہے پیادہ وہ کوہستان مین
زر اوسکو بوجہے کی طاقت نہ تہی ۔ کہین ہی اوسے وہان تور اہتی
غرض اوسنے زیور کو اپنے نکال ۔ بیابان مین سب دیا پہینک ڈال
ہی شاہزادہ اسطرح چلنے لگا ۔ نہ معلوم تہا اوسکو کوئی راستہ
نہ چلنے کی عادت کبہی تہی اوسے ۔ بہت پاؤن مین اوسکے آئی چہلے
وہ پاؤن کو کپڑے لپٹا تمام ۔ لگا چلنے آہستہ وہ خوشخرام
اسیطرح وہ چہہ مہینے چلا ۔ وہ ایک روز دل مین بہت لہو گہونٹتا
وہ روکے خدا سے کیا یہہ دعا ۔ کرم کر تو میرے پہ میرے خدا
مین عاجز ہون مضطر ہون حیران ہون ۔ یہہ جنگل مین بالکل پریشان ہون
خدانے کیا ہے دعا کو قبول ۔ کیا رب نے مطلب کو اوسکے حصول

ملے دوسرے دن آدمی اوسکو تین
تب عاقل بہت جلد پانی کو لا
چھڑکنے میں پانی ہوے ہوشیار
تو ہے کون اس شکل کا خوش جوان
وہ تینوں سے کہنے لگا یوں وہ شاہ
تمہارے سریکا میں ہوں ایک جوان
کہاں تم چلے ہو سو بولو مجھے
وہ تینوں لگے کہنے عاقل کتین
ہم اوس شاہ کتین سنتے ہیں سخی
یہ سنکر وہ بے جان کو آیا ہے جان
چلونگا تمہارے ہو ہمراہ میں
کہ میں بہی تو اب نوکری کیلئے
ہوں میں بہی بہت دن سے بیروزگار
تمہاری مجھے اب تو صحبت ملی
ہوے ہیں بہت خوش وہ آپس میں مل

اوسے دیکھکر گر پڑے سب بیہوش ہو
وہ تینوں کے چہروں پہ چہڑکا ہی بیا
لگے پوچھنے اوس سے وہ تین یار
تو ہے شاہزادہ یا شاہ جہان
نہ ہوں میں امیر اور نہ ہوں بادشاہ
میں راہ کو کیا گم ہوں ایسا پریشانحال
کہ تا میں تمہارا چلوں ساتھ یہ
نظر میں ہے کے پاس ہم جاتے ہیں
غریبوں کو رکھتا ہے نوکر سبھی
بہت دل میں اپنے بھی خوش ہوا وہ جوان
کسی جا نہ ہو جاؤں گمراہ میں
چلا ہوں اوسی شاہ کے آس سے
اوسی جا پہ جاتا ہوں ہو لاچار
تمہیں اور ہم مل چلینگے سبھی
چلے اوس شہر کو بہی ہو ایکدل

بیان سننا مسعود شاہ کا بیٹے کی حالت فوج کا جستجو کرنا اور نہ پانا شاہزادہ اور عاقل کو بہت غم کرنا ماں باپ کا

تو اب چھوڑ احوال بہانکا ذرا
کچھ احوال سن شاہ ستیہ و کا

نکا ایک دن شاہزادہ جب وہ شکار
ہوا غیب سو جب ہوا آشکار

جب ارکان سارے خبر یہ سنی
لگے جستجو کرنے ہو کر ہر سے

لگی فوج کرنے بہت جستجو
پہاڑوں میں جنگل میں ہر ایک سو

او سے ڈھونڈھ کر جب نہیں پائے ہیں
پڑے غم ستی شہ کے پاس آئے ہیں

ہوی فوج آخر سبھی کو بہ کو
تھے عاقل کے تلاشی ہر ایک سو

سنا ہے شہنشاہ جب یہ خبر
زمیں پر لگا مارنے اپنا سر

لگا غم سے رونیکو وہ زار زار
لگا آہ کرنے کہتیں بار بار

سنی شاہزادے کی ماں جب خبر
بہت غم سے کپڑوں کتیں پھاڑ کر

زمیں پر تڑپنے لگی ایک بار
لگی رونے کو ہو کے زار و نزار

کہی ہائے بیٹا میرا کان گیا
وہ کل تھا نہیں آج دستا سو کیا

ہوی ہے بہت غم سے بیہوش و تاب
لگی کہنے کان او میرا آفتاب

غرض اسطرح غم سے تہی زار زار
بہت غم سے مضطر تہی وہ بیقرار

غرض شاہ نے جستجو کے لئے
سبھی فوج اپنی روانہ کئے

ازاں بعد ہرکارے بلوائے گئے
ہر ایک شہر میں ڈھونڈنیکو چلے

بہت شاہ نے شہر میں غم کیا
وہ دولت کو سب اپنے برہم کیا

شب و روز رونے لگا بادشاہ
نہ کہاتا نہ پیتا نہ سوتا ذرا

ہوا شہر گریاں میں جب یہ غم — یہہ غم ہے ہوا شہر پر سب الم
سبھی ملک حیران الم سے ہوا — شہنشاہزادے کے غم سے ہوا
وہ سب فوج ہرکارے آکر کہے — بہت ملک ہم جاکے ڈھونڈ کر آئے
کہیں بھی نہیں پائے اونکا سراغ — سبہوں کے پڑا ہے پڑا دلوں داغ
یہہ سن شاہ [illegible] ماتم ہوا پھر منیا — او بل اوسکے آنکھوں سے [illegible]
زمیں پر وہ لوٹنے [illegible] ایکبار — لگا رونے کو [illegible]
اسی غم میں اوقات جانے لگی — غم و غصہ کہ سارے [illegible]
مختصر تو بس کر یہہ احوال غم — اب عاقل کے احوال کو [illegible]

بیان داخل ہونا مین شخص کا روم [illegible] اور نوکر ہونا عاقل کا حضور مین بادشاہ و مجلس آرائے نظر بند مین

وہ پہنچے ہیں جب سرحد روم میں — عجائب وہ دیکھے ہیں اوس بوم
ملک دیکھے ہے وہ بہت خوش فضا — سرا اور کنوئے ہر ایک جا بجا
اور اوس ملک کی خوش تھی آب و ہوا — بہت خوبصورت تھا شہر صفا
یہہ آسودہ ہونے کو ہر ایک سرا — غرض چل اوتر آئے ہیں ایک جا
وہاں جاکے آرام پائے ذرا — پھر اوٹھ کر وہ چلنے لگے راستہ

بہت شخص پہر راہ مین ملنے لگے
نظر بند کی تعریف کرنے لگے

کہے وہ سخی اور بہت خوب ہے
وہ کمسن ہے در گہر محبوب ہے

بہت خوبصورت ہے وہ نوجوان
شجیع اور عادل ہے اور مہربان

رعیت سپاہ کو کرے پرورش
وہ ہے بادشاہونکی یادے روش

یہہ تعریف شاہ کی جب عاقل سنا
تب وہ دل کے اندر بہت خوش ہوا

غرض تہوڑے دن بعد پہنچے یہہ جا
جہان تخت گاہ تہا شہنشاہ کا

جو کوئی دیکہتا [illegible] کو بیہوش ہوا
وہ خود آپ سے ہی فرامش ہوا

وہ تینون جو عاقل کے صحبت مین تہے
وہ سب جا رسالے مین نوکر ہوے

بہت خوبصورت تہی وہان ایک سرا
یہہ ماندا تہکا اوسمین اوترا ہی جا

سبہی لوگ دیکہہ اوسکو حیران ہوے
تہی دیکہہ حسن اوس کا پریشان ہوے

لگے کہنے اوترا ہے کیا آفتاب
تصدق ہے اس حسن پر ماہتاب

ہوا تہا سرا مین بہت اژدہام
کہڑے دیکہتے تہی سبہی خاص عام

سہیلی کہین ایک اوس شاہ کی
سوار ہوکے گہوڑے اوپر تہی چلی

کہ برحکم شاہنشہ نامدار
چلی جاتی تہی جونکہ بادبہار

قضارا ہوا جب کہ اوس کا گزار
جہان تہے کہڑے سب صغار و کبار

یہہ زن سب کنتین دیکہہ حیران ہوئی
لگی پوچہنے کنتین سب ستی

ہوا کیا سبب اس جگہہ اژدہام
جمع ہین سبہی خلق کیون خاص عام

سہیلی سے ایک شخص نے یون کہا ۔ کہ اے مہ جبین تو پری زاد ہے [illegible]
یہ بیشک وہ صاحب حسن صاحب جمال ۔ نہ ہوگا جہان مین کوئی اسکا مثال
کہ اوسکے چہرے پہ جاتی نہین ۔ اوسے دیکہکر تاب آتی نہین
سنی سو مین دیکہنے کو چلی ۔ اوسے دیکہہ غش کہا زمین پہ پڑی
کوئی دوڑ کر اوسپہ چہڑکا آب ۔ تب وہ ہوش مین آ گئی پیشتاب
تعجب کری وان کے اندر وہ زن ۔ زبان پہ نہ لائی کچہ ایک سخن
لگی پوچہنے خلق سے اوسکا حال ۔ کہی مہرسے اوسکو [illegible]
سبب کیا ہے تو آکے یہان جو پڑا ۔ تو آیا ہے اس ملک مین کیا [illegible]
سہیلی سے عاقل نے کہنے لگا ۔ مین تحقیق اس ملک مین ہون نیا
مین اس شاہ کا عدل و داد سنا ۔ جو آیا ہون یہان شہ کے اشتیاق مین
مین چیندے کرون شاہ کا روزگار ۔ کہ تا جان اس غم سے ہو رستگار
یہہ سنکر سہیلی نے تب اوسکا حال ۔ کہا چل مرے ساتھ اے نونہال
مین کرتی ہون جا شاہزادہ سے عرض ۔ میرے پر ہوا ہے ترا کام فرض
غرض اوسکنین اپنے گہر لے چلی ۔ کہلا اوسکو کہانا بہت خوش کری
حجامت کرا اور نہلائی اوسے ۔ نیا جامہ ایک لا پنہائی اوسے
حجامت اور نہانیسے وہ خوشخصال ۔ دوچندان نکلا اچہا پیا جمال
کہی مین ترا حال کہتی ہون جا ۔ بلاویگا تجہکو میرا بادشاہ

سہیلی نے تب شاہ کے پاس جا ۔ سبھی حال اوسکا کہی جو کہ تھا
شہنشاہ نے اوسکو بولا کہ لاؤ ۔ میرے روبرو لاکے مجرا کراؤ
سہیلی مکان مین بہت جلد آئی ۔ اور عاقل کو مژدہ یہہ لاکر سنائی
کہی تیرے تئین شاہ کرتا ہے یاد ۔ بر آئے تیرے دل کے سارے مراد
تو مجرا کر آ شاہ کو دور سے ۔ بہت ہی ادب اور دستور سے
یہہ سن شاہزادہ بہت خوش ہوا ۔ تب یہہ اپنے دل مین وہ کہنے لگا
ہے معشوق میری نظر بند یقین ۔ نہ عیب اوسکے مجرے سے ہو مہ جبین
ہین قربان اگر اوسپہ ہون لاکھ بار ۔ مجھے عیب نہین ہے وہ میری ہی یار
وہ اسطرح سے ٹھانکر دل مین بات ۔ چلا جلد اوٹھکر سہیلی کے ساتھ
سہیلی اوسے لا بر آداب گاہ ۔ کہی کر تو مجرا وہ بیٹھا ہے شاہ
تب عاقل نے جلدی سے مجرا کیا ۔ وہ پھر بعد سر دیکہہ شاہ کے گیا
نظر بند نے دیکہہ اوسے ایکبار ۔ ہوئی ایسی بیہوش اور بیقرار
وہ ظاہر مین کچھ بھی نہ بولی سخن ۔ سنبہالی وہ اپنے کو ہوشیار زن
جو دیکہا نظر بند کو یہہ نامدار ۔ کہا کیا خدا ای سکے ہین کار و بار
ملاحت عجب اوسکے صورت پہ تھی ۔ نہ اسطرح پھر کسکے مونہ پہ تھی
نہایت وہ خوش شکل تھی اور حسین ۔ تھی سر تا بپا وہ ملاحت گزین
سبھی بار ابرن تہی اوسمین تمام ۔ مہ چہار دہ تھی وہ با احترام

کہ جو جو کہ خوبصورتی تہی ڈوب
سبھی اودیکھ [illegible]

یہی جو چہرے سے حسن کتین ضرور
دیا اوسکو تین تہا خدا نے شعور

غرض اوس کا ثانی نہ تہا در جہان
ملاحت تہی چہرے سے اوسکے عیان

چمکتا تہا چہرے سے اوس مہ کے نور
چمکتا تہا چہرہ اوسکا رشک حور

تب عاقل نظر بند کو دیکہہ کر
وہ غش کہا زمین پر پڑا بیخبر

غرض دوڑ کر اوسکو سب نے اوٹہا
لگے پوچہنے کیا سبب تو گرا

سہیلی کو تبلا کے عاقل وہ مین
کہا یہہ کہ لالی تہی کہا نہ کتین

مین دو دن سے بہوکا تہا غش تین پڑا
جو کہانا پڑا [illegible] جیسا

یہی ہے سبب غش ہوا میر تئین
اسی واسطے مین گرا بر زمین

یہہ سن شاہ سہیلیونسے کہنے لگا
اسے بولو گہر جاکے آرام پا

سہیلیان کہے اوس سے سن اے جوان
تم اب جاکے گہر پاو آرام یان

یہہ عاقل نے سن اونسے کہنے لگا
ذرا مجہہ یہہ دوران غش تہا پڑا

بحال اب تو میرا ہوا ہے مزاج
کہڑا ہون شہنشاہ کے نزدیک آج

یہہ سنکر بہت خوش ہوا دلمین شاہ
کیا مہربانی سے اوس پر نگاہ

نظر دل مین پہر اپنے کہا
بہت خوبصورت ہے یہہ دلربا

اگر شاہزادہ یہہ ہوتا تو مین
یقین عقد کر لیتی مین اوسکے تئین

ہے افسوس کوئی ہلکا ہے یہ بالیقین
اب افسوس کرنے سے حاصل نہین

سپاہیوں سے شاہ نے کہا پھر سو — تہیں اس سپاہی سے یہ بول دو

ترے حال پر رحم آیا مجھے — میں رکھتا ہوں نوکر اسے

ترا حوصلہ پانچ کا ہی نہ تھا — تجھے تیغ زن روپیہ کا نوکر کیا

سپاہیوں نے عاقل کو جب یہ کہا — تب عاقل کہا یہ عرض اسے پادشا

میرا حوصلہ سچ ہے اوس سے زیادہ تھا — ولیکن ہے شاہ کا میرے پر کرم

یہ بولا سو آداب لایا بجا — بہت دل میں شاہ اوس سے خوش ہو گیا

پھر عاقل سہیلی کے گھر میں گیا — اوسی کے وہ گھر جاکے رہنے لگا

بیان جانا عاقل کا واسطے مارنے شیر ببر کے اور مارنا شیر کا

اسی طرح جب ایک مدت ہوی — نظربند ایک روز کہنے لگی

میرے دل میں آتا ہے کہ یوں شکار — سپاہیوں کو کہنا کہ رہنا تیار

یہ بخشی سنا سو کہا شہ سے جا — شکاریاں کئے عرض میرے سے آ

جہاں جاکے حضرت نے کرتے شکار — وہاں شیر رہتا ہے انسانخوار

تو حضرت کا جانا مناسب نہیں — برا شیر رہتا ہے وہاں سہمگین

نظربند نے سنکے تب چپ رہا — بہت دل میں اپنے وہ ناخوش ہوا

مگر یہ کہا شاہ سہیلی کتیں — وہ بخشی کتیں بول بھیجا وہیں

تو جلدی سے جا کر کے وہ باگ مار — بہت دل میں میرے ہے شوق شکار

سہیلی کہی جلد بخشی سب — یہہ سن بخشی شہ پاس حاضر ہوا
لگا عرض کرنے کو وہ شاہ کے پاس — کہیے حاضر ہون جانے کتنین سر
میرے سر مین ہے درد بے اختیار — کہ جانیکی طاقت نہین زینہار
سوا اس پہ بہی مجکو حکم ہوا گر — ابہی مین چلا ہون سن شہ پہر دیر
یہہ بخشی سے سنکر کہا بادشاہ — منرسے سر مین ہے درد تو تو نہ جا
توجلدی سے جا بہیجدے کوئی امیر — کہ جلدی ستی جا کے مارے وہ شیر
یہہ سنکر چلا شاہ سے کرکے بات — وہین گہر کو آیا ہے وہ نیک ذات
امیرون کو جا بولا شاہ کا پیام — امیران نمانے کوئی اوس کا کلام
وہ ہر ایک نے ایک بہانہ کیا — نظر بند سے دل مین کوئی نین ڈرا
غرض شاہ نے یہہ خبر جب سنا — امیرون کے اوپر بہی غصہ ہوا
کہا میری ہووے سواری تیار — کہ مین شیر کا کرتا ہون جا شکار
یہہ عاقل سنا سو ہوا گھابرا — کہ یون دل ستی اپنے کہنے لگا
ارے دل تو جلدی ہتی مار باگ — نہین تو یہہ جاتی ہے ہو در و ناک
اگر مار وے اوسکتین باگ آ — میرا جینا مجکو تلخ ہووے گا
اگر جاوے معشوق یہہ ہاتھ سے — میگی نہین کچہ کسی بات سے
ہے بہتر یہی کہ کسی طور سے — ابہی مین جاؤن اوس باگ کو مارنے
یہہ سنکہ بیزکر دل مین محکم اساس — گیا ہے وہ اپنے سہیلی کے پاس

کہا جا کے اوس پاس بیٹے سنا — کہ شاہ مارنے شیر کنتین چلا
شہنشاہ اگر میرے تئین حکم دے — مین آتا ہون اوس شیر کو مارکے
یہہ سنکر سہیلی بہت خوش ہوی — وہین بادشاہ پاس جا عرض کی
یہہ سنکر بہت شاہ نے خوش ہوا — کہ نوکر نیا کام آیا مرا
کہا شہ نے بولو اوسکو کہ جاوٗ — وہ شیر ببر کتئین مار آوٗ
سو پہر وہ سہیلی کہی اوسکو آ — یہہ سنکر کہا مجکو سامان دلا
نہ گہوڑا ہے مجکو نہ ہتیار ہے — یہہ سامان سب مجکو درکار ہے
بہر ان پہر سہیلی گئی شہ کے پاس — کہا تہا جو اوسنے کہی بے ہراس
کہا شاہ گہوڑا منگا دو اوسے — سب ہتیار سامان دلا دو اوسے
یہہ سنکر سہیلی لے عاقل کو ساتھ — طویلے کنتین گئی ہے وہ نیک ذات
تب عاقل نے ایک جا کے گہوڑا لیا — سو داروغہ یہہ دیکہہ غصہ مین آ
کہا تو یہہ گہوڑے کے لایق نہین — یہہ نفرا یہہ گہوڑے ہیں فایق نہین
یہہ گہوڑا نہ دونگا مین تیری تئین — یہہ سنکر سہیلی کہی اوسکتین
اے داروغہ کیا تو دیوانہ ہوا — کہ اسکو کیا حکم ہے بادشاہ
اوسی وقت داروغہ گہوڑنکولا — اوسی آن عاقل کتئین دیدیا
سو بعد از سلح خانہ کو وہ چلا — سہیلی کو ہمراہ اپنے لیا
خراب اوسنے ہتیار جو لا دیا — سو عاقل نے ہرگز نہ اوسکو لیا

تو داروغہ غصہ مین آکر کہا — کہ اس بہیا کا یہہ کیا سر پہرا
یہہ شاہون کے ہتیار چاہتا سبہی — نہین دونگا اوسکتین مین نہی
سہیلی یہ سنکر کہی اوس سے جا — کہ یہہ شاہ کے کام پر ہی چلا
جو مانگا وہ دیدینا تم بے فکر — توقف کچہہ اس کام مین تو نہ کر
یہہ داروغہ سن نہین ہو گہبرا — وہ سب خاصے ہتیار لاکر دیا
سہیلی سے داروغہ کہنے لگا — یہہ شاہون کے ہتیار زین مین دیا
وگرنہ کبہی مین نہ دیتا یقین — یہہ ہتیار شاہون کے نذر کنتین
غرض اوسنے ہتیار پانچون لگا — مسلح ہو گہوڑے کے اوپر چڑہا
سہیلی سے پوچہا کہ وہ راستہ — نہین تجکو معلوم ہے وہ بتا
سہیلی ایک ہرکارہ کہتین بلا — بہی عاقل کے دی ساتھ اوسکو چلا
بہی عاقل نے لے ساتھ اوسکو چلا — جہان شیر جنگل مین رہتا تہا
کیا حکم تہا پہر سہیلی کو شاہ — کہ عاقل کے وے ساتھ تہوڑے سپاہی
سہیلی نے بخشی سے بولی ہے جا — کہ اسطرح سے حکم ہے شاہ کا
یہہ بخشی سنا سو مگا اوسکتین — دیا ساتھ تہوڑے سپاہ اوسکتین
کیا تہیس ایک آدمی اوسکے سات — کیا جاو عاقل کی تم سنلو بات
بجا لائے آداب بخشی کنتین — بہی سارے چلے آئے اپنے گہر مین
سو تیار ہونے لگا اون کو دیر — گیا آگے عاقل تہا نزدیک شیر

جو عاقل نے ہرکارے کو لیکے ساتھ — چلا تہا جہاں رہتا وہ شیر ذات
جو نزدیک جب اوسکے پہنچے ہین جا — وہ ہرکارہ عاقل سے کہنے لگا
وہ سوتا ہے پانی کے چشمہ پہ باگ — تمہین مارو اوسکو مین جاتا ہوں بہاگ
یہہ ہرکارہ اوس سے کہا سو چلا — وہ جہاڑی مین جا کر کہین چہپ رہا
تب عاقل نے کر یاد نام خدا — بہی نزدیک اوس شیر کے جب گیا
بہی دیکہا کہ سوتا ہے اوس جا پڑا — کہا اوسکو یون مارنا نہین روا
کہ نامردی ہے اوسکو یون مارنا — اگر مارنا تو جگا مارنا
سو عاقل نے ایک بار للکار کر — بہی حملہ کیا اوسکو ہشیار کر
وہ ہشیار ہوتے ہی اوس پر کہڑا — بہت گڑگڑا اوسکے اوپر پڑا
وہ دل مین نہ ڈر کر کیا ایک وار — کیا ہے اوسی وار مین اوسکو ٹہار
بہی جیہہ گز کا تہا قد مین وہ شیر نر — بلا خوف مارا اوسے بیخطر
جو مارا اوسکو عاقل کہڑا ہو رہا — وہ کنٹے کیتین ہاتہہ دہونے چلا
سو کنٹے مین جا ہاتہہ دہویا ہے وہ — لہو بہی لگا تہا سو دہویا ہے وہ
بہی ہرکارہ تہا دور سے دیکہتا — جو دیکہا ہے وہ یہہ سبہی ماجرا
سنو اب نظر بند کا یہانسے حال — کہ کیا اوسکے گزرا تہے مین خیال
وہ عاقل کو بہیجا تہا جنگل مین جو — کہا تہا اوسے باگ کو ماریو
خیال اوسکے دل مین ہوا یون گزار — کہ عاقل کو لیوے اگر باگ مار

میرے تئین بہت بد لگیگی یہہ بات
وہ یہہ مرد ہے عاقل بہت نیک ذات

بہانہ اوٹہاؤن مین اب سیر کا
تماشہ بہی دیکہونگی مین شیر کا

کری دل مین یہہ بات جب استوار
کہی ہو وے میری سواری تیار

وزیر اور بخشی سنے یہہ خبر
ہوے ہین وہ حاضر سبہی باکمر

لے سواری کو تخت روان
ہوا ہے سوار اوسپہ شاہ جہان

بڑے دبدبے سے سواری چلی
بہی ارکان دولت تہے ہمراہ بہی

وہ جنگل مین جب شاہ داخل ہوا
سو بخشی سے شاہ یہہ کہنے لگا

مین بولا تہا عاقل کے دیو لوگ سات
تمہین لوگ کیا ہین وہ سب بولو بات

جو یہان آدمی کوئی دکہتا نہین
یہہ بخشی نے کہنے لگا شاہ کتئین

مین تیس آدمی کو کیا تہا تعین
وہ شاید ہوے ساتہ دیو کے یقین

سواری کی شہ کے خبر جب سنے
وہ تیس آدمی جو کہ ڈر گہر بیتہے

وہ کتنا اسکے جلد لیے رستے کتئین
شتابی سے حاضر ہوے آکے مین

نظر بند عاقل کے احوال کو
بہی ہر اک سے کرنے لگا جستجو

بہت دل کے اندر ہوی گہابری
یہہ ہرکارہ نے شاہ سے عرض کی

سو عاقل نے اوس شیر کو مار کر
گیا ہاتہہ دہونے کو وہ نامور

یہہ سنکر بہت خوش ہوا بادشاہ
کیا اوسکے مردی پہ صد مرحبا

کہا شاہ تخت روان لے چلو
کہ عاقل نے مارا جہان شیر کو

سو عاقل نے دہو کر لیا اور ہاتھہ ‏ ‏ وہ کنبے کے باہر چلا ایک ذات

بہت دور سے اوسکتین ایک غبار ‏ ‏ لگا دیکہنے عاقل کتین ایک بار

کہا دلیں عاقل کہ آتے ہین او ‏ ‏ کر بخشی دیا تہا میرے ساتہہ جو

اوسے پہر بہت گرد دیکہنے لگی ‏ ‏ سو عاقل کہا اپنے یہہ دل ستی

کہ شاید نظر بند آتی ہے کیا ‏ ‏ یکایک یہہ چہترا اوس کا دیکہنے لگا

یقین جب ہوا ہے یہہ عاقل کتین ‏ ‏ خود آپ ہی چلا پیشوائی کتین

بہی جب روبرو شاہ کے عاقل ہوا ‏ ‏ سو آداب شاہ کو لے آیا بجا

سہیلی کو بولا کہ پوچہو اوسے ‏ ‏ تیرے ساتہہ کوئی آدمی کیا نہیں

سہیلی جو پوچہی ہے عاقل کتین. ‏ ‏ کیا عرض شاہ سے پہر عاقل وہین

جب لوگ آنے ہونیلگی تہوڑی دیر. ‏ ‏ یعنی جلد آیا اون سے کرنا مار دن شیر

ہیں مارا ہون اوسکو بفضل خدا ‏ ‏ یہہ سنکر سہیلی سے شاہ نے کہا

سواری میری لیچلو اوس جگہہ ‏ ‏ جہان شیر ہے قتل ہوکر پڑا

غرض شاہ کی لے سواری چلے ‏ ‏ و سے دیکہہ کر شاہ بہت خوش ہوکر

تب عاقل کے اوپر کئے آفرین ‏ ‏ بہی واپس ہوے بادشاہ گہر کتین

وہ دن جا کے جب دوسرا دن ہوا ‏ ‏ سو عاقل کتین شاہ نے تب بلا

کہا شاہ مارا یہہ جو جا کے شیر ‏ ‏ خطاب ہم دتے اوسکو عاقل امیر

بہی منصب سے بہی سرفرازی کرے ‏ ‏ جو منصب ادسے پہر ہزاری دتے

بجا لایا عاقل نے آداب وہیں
ہوا شاد غ ارکان دولت کہیں

حسد سے ہوئے سارے دل میں کباب
کہے اوسکو لائق نہ تھا یہ خطاب

یہہ نفرا حرامی ہے اور بچیا
ہمارا تو شہنشاہ مغل ہے اور نیا

نہیں اوسکو معلوم شاہونکے ڈھب
یہہ جو جی میں آتا ہے کرتا ہے اب

یہی عاقل گیا وہاں سے جب گھر کہیں
سہیلی جو اوسکی تہی آئی وہیں

مبارک کہی اور بلائیں بھی لی
پھر اسطرح سے اوسکو کہنے لگی

تو کب تک رہیگا میرے گھر بہلا
بنا گھر جدا ہوکے شکر خدا

خدا نے تجھے بہی یہہ منصب دیا
زیادہ تو اس سے بہی بہر ہو دیگا

سہیلی سے عاقل نے یہہ سن لیا
سو ایک خیمہ اپنا بنایا جدا

وہ گزران اپنا بہر اوسمین کیا
اوسی طور سے اوس کا معمول تھا

بیان جانا نظر بند شاہ کا واسطے شکار کے اور دیکھنا ہرن طلا کا اور پیچھا کرنا جنگل میں

اسیطرح سے جب کچھ دن گئے
نظر بند شاہ ایک دن یوں کہے

بہت دن سے مجکو ہے شوق شکار
کہو جا کے بخشی کو [illegible] تیار

وہیں دوڑ بولے ہیں بخشی سے جا
سو بخشی نے تیاری کر شہ لگا

کہ سامان اور پیش خانہ تمام
یہہ سب بھیجنے کا کیا اہتمام

وہ تیار کر شاہ سے کہنے لگا
کہ میں حکم شاہ کا لے آیا بجا

کہ جب ہو مرضی چلیں شہ شکار
سرانجام سارا کیا میں تیار

یہہ سن شاہ فرمایا بخشی ستی / کہ تیار ہو کل سواری میری
سو بخشی نے آداب لایا بجا / چنا پھر کہین شاہ سے پا رضا
خبر بخشی کر دیا سارون کہین / سحر کل شاہ تشریف فرماتے ہین
جو کل صبح حاضر رہین آ تمام / لیے ارکان دولت ستی تا خاص و عام
سہیلیان سبہی شاہ کے ساتہہ تہی / جو خدمت مین وہ شاہ کے وزرات تہے
سو عاقل بہی ہمراہ اتہا شاہ کے / کہ حلقہ رہے گرد جیون ماہ کے
چلا اس تجمل ستی بادشاہ / گیا ایک جو جنگل مین پہونچ اپنا جا
کہا شاہ مردون کو سب ایک بار / کہ سب گہوڑے دوڑا کے کہیلو شکار
یہہ سن شاہ کا حکم سب ایک بار / سو گہوڑون کو دوڑای بے اختیار
کہا دل سے عاقل نے تب کہولکر دل / اسی چہوڑ کر جاتے ہین متصل
یہہ جنگل بیشہ ہے شیر آوے اگر / نظر بند کے جان پر ہے خطر
یہہ سب چہوڑ تو نکلا ہے کیا اعتبار / کہ سب بہاگ جاوینگے بے اختیار
یہہ دل سے کہا اپنے اور نین گیا / وہ عاقل کو شاہ دیکہہ حیرت کیا
سبب کیا گیا نین وہ لوگون کے ساتہہ / سہیلی سے پوچہا شہہ نیکذات
سہیلی نے عاقل سے پوچہی ہے جا / وہ لوگون کے ہمراہ کیون نین گیا
کیا عرض عاقل نے ہو با ادب / کہ میرا نجانیکا ہے یہہ سبب
سمجہا ہون مین حضرت کے کوئی ساتہہ نین / مناسب نہ سمجہا ہون جانیکو مین

یہہ سن خوش ہوا ہے نظر بند شاہ — کیا مہربانی سے اوس پر نگاہ
سہیلیوں کو لے شاہ کرتا شکار — چلا تھا وہ صحرا منے ایک بار
دسی شاہ کو ایک ہرن از قضا — کہ وہ سر سے لے پاؤن تک تہی جلا
کہ تہے اوسکے تو آنکہہ یاقوت کے — دونو کان اوسکے زمرد کے تہے
اوسے شاہ دیکہا ہوا بیقرار — سو دوڑایا گھوڑے کو بے اختیار
سہیلیان بہی گھوڑے دوڑائی ہین — بہی عاقل بہی ہمراہ شہ کے وہین
سہیلیان کے گھوڑے سبہی تہک گئی — ایک عاقل مگر ساتہ تہا شاہ کے
ہرن کا جو پیچہا کیا بادشاہ — سو ایک تیر مارا ہے دہر کر نگاہ
ہرن کے لگی پاؤن نہین تیر جا — ہرن غیب ہوی شاہ حیرت ہوا
اوسی وقت پیچہے کیا شہ نگاہ — یک عاقل سو اکس کو دیکہا نہ شاہ
بہت شاہ غصہ سے برہم ہوا — اور عاقل سے شاہ بات کرتا نہ تہا
کہ جب دو پہر دن گیا ہی گذر — وہ جنگل مین پانی نہ تہا بوند بہر
وہان تہی بہت تابش آفتاب — وہ گرمی ستی شاہ نہ لایا ہے تاب
لگی تہی پہر اوس پر سے شہ کو عطش — کہ نزدیک تہا شاہ کو آجاوے غش
پہر عاقل سے کرتا نہ تہا شاہ بات — سو عاقل نے سمجہا فراست کیدیا تہہ
کہ اب شاہ کو گرمی کی نہین تاب ہے — جو ہے شاہ کو پیاس نین آب ہے
سو جرأت سے عاقل نے بولا پکار — مین ڈہونڈتا ہون جا الشیشہ نامدار

کہ سایہ ہوا کہیں سے پانی ملے   مین بولو لگا تب باشاہ سے آنکے
نظر بند نے کچھ نہین دی جواب   وہ گرمی سے غصہ سے ہوئی تہی کباب
سو عاقل نے گھوڑے کو دوڑا کے وہین   لگا ڈہونڈنے جلد پانی کتین
سے چشمہ اوسے دور سو ایک دکھا   جو عاقل نے نزدیک اوسکے گیا
جو دیکہا کہ ہے جہاڑ ایک سیب کا   مکان وہ ہوا اور تہا زیب کا
لگے سیب تہے جہاڑ کو بیشمار   وہ سب دیکھ عاقل چلا ایکبار
سو عاقل نے جا عرض شاہ سے کیا   ہوا اور ایک جاے ہے باصفا
اوسے جا کے حضرت نے گر دیکہین آج   بہت آپ کی خوش لگیگی مزاج
یہہ عاقل سے سن بات کچھ نین کہا   مگر ساتھ اوسکے چلا بادشاہ
نظر بند جب دیکہا جا وہ جگہا   بہت دلمنے شاہ کے خوش لگا
سو عاقل کیا عرض پہر شاہ سے   اگر شاہ اوترے تو بیان خوب ہے
اوترا سپ سے عاقل شاہ سوار   بندہا گہوڑے کو جہاڑ سے نامدار
لگا گہوڑے سے شاہ اوترنے شتاب   سو عاقل نے وہین آکے دابا رکاب
جو عادت کہ تہی شاہ قابل کتین   وہ معلوم تہے ساری عاقل کتین
رکاب نظر بند تہی داب تی   اوترنے کی عادت اتہی شاہ کی
نظر مین تہی عاقل کے یہہ بات کیز   رکاب آکے شاہ کی دابا ہے وہین
جو گہوڑے سے اوترا ہی شاہ برزمین   سو عاقل نے جہاڑا اسے سر برزمین

اوٹھا گھوڑیکا چار جامہ لے آ
پیالہ و تہالی تھی عاقل کے پاس
سفر کے اوسے یاد تھے خوب ڈھب
وہ تہالی کو کنٹھہ مین دھویا ہی جا
وہ سب سیب کو دھوکے تہالی مین ڈال
بہت شاہ کتین بہوک تھی اور پیاس ا
نظر بند سب سیب جب کہا لیا
جو عاقل سے شاہ بات کرنے کتین
لگی پیاس ہے مجھکو پانی پلا
کہ معشوق مجھہ سے کرے میری بات
بہت جلد پیالے کتین دہو لیا
سو شاہ نے پیا ہے وہ پانی کتین
سو عاقل کو فرمایا کین بیٹھہ جا
سبہی فوج پر شاہ غصہ مین تہا
سو کر شاہ بیٹھا تہا چین بر جبین
کہ گھر جاکے دیونگا تعذیر مین
یہی شاہ دلین یہہ بات کرنیگا

ہے خاصہ بچھانا کیا شاہ کا
نہین اوس تہا مرد خدمت شناس
جو عاقل نے تہالی نکالا ہے تب
پیچھے جہاڑ سے سیب توڑا ہی جا
رکہا رو برو شاہ کے خوشحال کر
اوسے دیکہہ شاہ خوش ہوا بیقیاس
کہ تب شاہ کتین حیرت ہوا
سو عاقل کو تب شاہ فرمایا ہے جا
بہت دل مین عاقل یہہ سن خوش ہوا
سمجھہ دل مین یہہ جلد او نیکذات
جو پانی کتین شاہ کو لا دیا
پیچھے جہاڑ سے لگ کے بیٹھا وہین
سو عاقل نے تسلیم کر کر چلا
جو ایک آدمی بہی نہین تہا رہا
لگا دل مین اسطور کہنے کتین
جو سب فوج پر رکھہ سکا تقصیر مین
جو عاقل تہا چارو طرف سے دیکتا

خبردار تہا وہ پیارو ہمین	وہ شاہ کی خبرداری کرنے کیتئین

بیان آنا سمن شاہزادے کا اور پوچہنا حقیقت حال کا نظربند اوسکو اور کہنا سمن شاہزادے کا سرگذشت اپنی

سو کین دور سے ناگہان ایک غبار	لگا دیکہنے عاقل کیتین ایک بار
تب عاقل نے کرنے لگا جستجو	گیا دیکہنے جلدی سے آگے کو ہو
یہی شاہ کو بہی وہ گرد دکہنے لگی	کہ عاقل نے یون شاہ سے عرض کی
کہ آتا ہے کوئی دور سے ایک سوار	بہت لوگ کا نہین ہے گرد و غبار
کہ شاید ہمارا ہے کوئی ایک سوار	یہہ بولا سو عاقل چلا ایک بار
لگا جاکے پہر دیکہنے اوسکتین	لیا کہینچ تلوار کو اپنے دین
وہ نزدیک جب کہ ہوا ہے سوار	دکہا اجنبی شخص وہ نامدار
جواہر وہ پہنا تہا سر تا بہ پا	کہا شاہ سے عرض عاقل سے جا
ہمارا یہہ دکہتا نہین ہے سوار	یہہ کوئی اجنبی شخص ہے نامدار
یہہ کہتے تہے نزدیک آیا ہے وہ	ہرن گود مین لیکے روتا ہے وہ
وہی ہے ہرن جسکو مارا تہا شاہ	اوسے دیکہہ حیرت کیا بادشاہ
سو وہ آکے گہوڑے سے اوترا ہی وین	لگا پوچہنے کو یہہ عاقل کیتین
کہ تم کون اور کون ہے دوسرا	جواب اوسکے تئین کو یہہ عاقل دیا
مین نوکر ہون یہہ ہے میرا بادشاہ	نظربند ہے روم کا بادشاہ

نظر بند کا جب سنا ہم وہ نام … کہا بہائی صاحب تہے میرا سلام

نظر بند نے تہوڑی تعظیم دی … سلام اوس کا لیکر بآئین خوشی

کہا یہاں سے آن کر بیٹھئے … بہی نام و نسب اپنا بتلائیے

سبب کیا ہرن کو لئے پہرتے ہو … کہ سب اپنا قصہ مجہے بولدو

اونے رو کے قصہ کو کہنے لگا … کہ ہے نام میرا ہمن یاد تہا

مین ماں باپ کو ایک لوتا تہا ایک … سمن شاہ میرا اوکے نام نیک

بہت چاو سے پالتے تہے مجہے … محل ایک بنا تہا میرے واسطے

میرے تئین بہت چاندنی سے تہا شوق … بہت عیش و عشرت سے تہا مجکو ذوق

اسیطرح سے میرا گذران تہا … عجب ایک شب کہ تماشا ہوا

کہ اوس شب چہپرکٹ پہ سوتا تہا مین … ایک عورت بہت خوب آئی وہین

لئے پاندان میرا اور پان کہائی … عطردان سے عطر لیکر لگائی

بہی تہوکی ہے پکدان کو میرے اوٹہا … سو بعد از سے نزدیک وہ میرے آ

میرے منہ کا کپڑا اوٹہائی ہے وہ … مجہے دیکہہ مجہکو جگائی ہے وہ

اوسے دیکہہ غش سے گئی میری تاب … میرے منہ پر لا کے چہڑکی گلاب

مین ہشیار ہوکر جو پوچہا اوسے … تو جن ہے کہ یا آدمی بولدے

کہ اس رات کتئین تو آئی سو کیا … میرے تئین تو آکر اوٹہائی سو کیا

کہی مین نہ جن ہون نہ ہون آدمی … میرا نام ہے سن تو نرگس پری

میں عاشق ہوی دل سے تیری اوپر
اسیواسطے آئی ہوں تیرے گھر

یہہ بات اوس سے سن مین بہت خوش ہوا
مین ہوشیار ہو عیش و عشرت کیا

سو آتی تھی ہر شب مین نرگس پری
اسیطرح سے میری گزران تھی

تھی ایک شب پریشان آئی پری
میرے پاس یون آکے کہنی لگی

میرے عشق کا غلغلہ سب ہوا
یہہ شہرت پرستان مین اب ہوا

وہ سب مجہکو چاہتے ہین کرڈالین قید
ہوے دوست بہی میرے لیے نا امید

لگی رونے پہر وہ پری زار زار
لگا مین بہی رونے کو ہو بیقرار

اسیطرح سے تہوڑے دن گئی گذر
سو ایک روز بیوقت وہ میرے گہر

بہت گہبرای ہوکے وہ بیقرار
میرے لیے لگی کہنے اے دلفگار

مجہے آج کے روز کرتے ہین قید
کہ تو مجہہ سے ہوجاتا ہے نا امید

پر ایک شرط محکم تو میرے لیے کر
سوا میرے کس کو تو شادی نکر

تیرے لیے بہی مجہکو ہی ہے قرار
کہ تو توڑیو مت یہہ میرا اقرار

کیا شرط مین اوس پر لیے قبول
لگے رونے ہم دونون ہوکر ملول

میری دائی لائی تہی ایک اپنے ساتھہ
یہہ کہنے لگی مجہہ سے اے نیکذات

یہہ ہے دائی میری تو اے مہربان
چھپا رکہہ اوسے کر تو تعویذ جان

اگر یاد آوے میری تجہکو بات
سبہی پوچہہ لیجو تو اس دائی سات

میرے تئین اسے دیکہکر یاد کر
تیرے دل کتئین اس سے تی شاد کر

یہہ بولی سو رونے لگی زار زار
لگا مین بہی رونے کو بے اختیار

سو وہ رو کے پہر میرے گلے لگی
پری بہی چہوڑ کر دائی کتین چلی

پہر اوس دن سے آئی نہین وہ پری
کہ شاید کہین قید مین ہو پڑی

مین سب بادشاہی کتین چہوڑ کر
یہہ پہرتا ہون دائی کو لے دربدر

نظر بند سارا یہہ احوال سن
ہے پوچہا اوسے کون ہو یہہ ہرن

سمن نے نظر بند سے رو کر کہا
وہ دائی ہے جس کا لیا نام تہا

ہرن کی بنا اپنی صورت کتین
ہوا کہانے جاتی ہے جنگل مین کہین

بہی صحرا مین کوئی تیر مارا ہے آج
جو غصہ سے برہم ہے میرا مزاج

لگی تیر وہ پاؤن مین اوسکے جا
لہو پاؤن سے اوسکے بہہ گیا

اسیواسطے اب تو روتا ہون مین
ہوا او کہہ یہ دنبل ہے یہہ میرے نین

نظر بند یہہ سب سنکے ہنسنے لگا
کہا مجہ سے یہہ تو ہوی ہے خطا

اسی تیر مارا ہون مین در شکار
یہہ معلوم مجکو نہ تہا زینہار

یہہ سن مسکرایا ہے عاقل نے تب
تہے اشیا ضروری کے اوسپاس سب

کچہ عاقل کے ہمراہ مرہم جو تہا
وہ ہرنی کو مرہم لگا یا لے آ

سمن سے نظر بند کہنے لگا
ملاؤنگا معشوق کو مین لے آ

کرو فکر مت تم کسی بات مین
وہ آخر پری آویگی ہاتہ مین

جو پوچہا سمن نے نظر بند سے
یہہ کون آدمی ہے کہو تم سے مجہے

نظربند نے ڈال چین بر جبین ۔ لگا بولنے کو سمن کے تئین
یہہ نفر اتہا اوسکو کیا مین امیر ۔ یہہ جنگل مین مارا ہے جب جاکے شیر
سو کہنے لگا پہر سمن شاہ سی یون ۔ نہین فوج دکہتی تمہاری سو کیون
سمن سے یہہ غصہ مین آکر کے شاہ ۔ لیا کین نکل گئے ہین میرے سپاہ
مین گہر جاکے دیو نگا سب کو سزا ۔ دیون خاک مین سب کے تئین مین ملا
سمن بولا ای بہائی صاحب تمے ۔ سزا کسکو مت دیو خدا کیلئے
یہہ باتو نمین تہے تک گئی دہوپ سب ۔ ہوا سہ پہر کا سمایا جو تب
تب عاقل کتئین شاہ فرمائے ہین ۔ تجہے گہر کی کیا راہ معلوم ہین
تب عاقل نظر بند سے کہنے لگا ۔ مجہے خوب معلوم ہین راستہ
بہی ہو میرے تئین شاہ کا حکم گر ۔ مین کر غور راہ کو چلو نگا مگر

بیان آنا فوج کا نظر بند بادشاہ کے جنگل اور پہاڑون سے جستجو مین

یہہ باتون مین تہی تک دکہی ایک غبار ۔ تب عاقل نے شاہ سی کہا ایکبار
کہ شاید ہماری یہہ دکہتی سوار ۔ ہے حضرت کتئین دہونڈتے ہو خوار
ہوا حکم تو جا مین بولون خبر ۔ وہ خوش ہو وینگے سنکے سب ایکبیر
نظر بند غصہ سے کہنے لگا ۔ اگر دل مین آو نے تمی بولو جا
وہین گہوڑے پر چڑہکے عاقل چلا ۔ ہوا ور بر و فوج کے جلد جا
وہ سب لوگ عاقل کے نزدیک آ ۔ لگے اوس سے کہنے یہان شہنشاہ کیا

تب عاقل نے بولا بفضل خدا | سلامت شہنشاہ ہین اس جگہہ
یہہ سنکر سبھی شکر لائے بجا | سو گھوڑون سے اوترے سبھی اوسجگہہ
پیادہ ہوے روبرو شاہ کے آ | سب آداب و کورنش لے آئے بجا
وزیران امیران سبھی یون کہی | کہ ہم حکم پر تہے چلے شاہ کے
سہیلیان سبھی شاہ کے ساتہہ تہی | یکایک وہ پوچھا ہے آکر ہمین
مرصع کی ہرنی وہ جنگل مین ایک | جو پیچھا کئے شاہ نے اوسکو دیکہہ
سو گھوڑے کو دوڑائیے بے اختیار | کیا اوس کا پیچھا شہ بردبار
ہمین ساتہہ گھوڑیکے دوڑا ہین | سو پھر شاہ کتئین نہین پائے ہین
جو ہم خوش طرح کھیلتے تہے شکار | یہہ سنکر ہمین سب ہوے تار تار
بفضل خدا و بفضل رسول | ہمارا ہوا مدعا اب حصول
خدا آپ کتئین رکہے دیرگاہ | ہمارا یہہ جیتا رہے بادشاہ
سہیلیون نے پہر عرض کرنے لگین | کہ ہم دھونڈہکر جب کے ماندی ہوئین
کہ تب فوج کو ہم کئے جا خبر | کہ دکہتا نہین ہے شہ بحر و بر
سمن سنکے بولا نظر بند کتئین | کہ اے بہائی اب کس کی تقصیر نہین
غرض شاہ گہوڑے پہ ہو کر سوار | چلا گھر کتئین شان سے نیک کار
جو گھر جا کے داخل ہوا بادشاہ | سب آرام گھر جا کے پائے سپاہ
صبح جب ہوی وہ شہ تاج و تخت | ہوا جلوہ گر تخت پر نیک بخت

وزیر و امیر اور بخشی تمام | اہالی موالی ملے خاص و عام
تب عاقل کتئیں شاہ آگے بلا | کرم فضل کر کر وزیری دیا
جریب اور ماہی مراتب تمام | وزارت کے سارے مراتب تمام
جو نوبت علم اور ہے نالکی | دیا اوسکو جھالر بندہی پالکی
جواہر منگا اوسکو سارا دیا | نظر بند کو عاقل نے بدلا دیا
جب عاقل نے آداب لایا بجا | تب ارکان دولت کو نین خوش لگا
سبہی دل منے کہاہے نین پیچ و تاب | ہی کچھ ایک نہین منہ سے بولے جواب
کہ جسوقت عاقل ہوا تہا امیر | وہ خیمہ مین گزران کرتا دلیر
اوسے جب وزیری کا منصب ہوا | سو اوس کا اوسیطور گزران تہا
جو اوسکی سہیلی تہی وہ خوش ہوی | ور اوسپر سے آکر بلائین لئی
اور عاقل کتئیں پہر نظر بند شا | دیا کارخانو نمین سب اپنے راہ
وہ عاقل نے دیکہا ہے جو شاہ کا کام | کفایت کیا شہ کا اور اپنا نام
ہی شاہ اوس سے دل مین بہت خوش ہوا | جگہہ اوسکی بہت اپنے دل مین کیا
اور عاقل کو شاہ کارخانو نمین سب | دیا تہا حکومت خزانو نمین سب
نظر بند اوسکو سمجہ خیر خواہ | لگا چینے کر کر کرم کی نگاہ
سمن کو جو لایا تہا شہ جا شکار | اوسے ایک حویلی دئے خوش نگار
ہی جتنے اوسی آدمی تہے ضرور | نظر بند دلائی اوسے از حضور

ہمیشہ اسیطرح رہنے لگے
سمن کو دیا ایک جاگیر شاہ
پہر عاقل نے اپنا اوسے … پور کے
نہ کچھ شان و شوکت … بار بہی
… پہنتا نہین تہا … ہی
بوقت سپاہی جو جیسں طور تہا
جو خیمہ مین رہتا سو رہتا تہا وہ
اوسے دیکہہ کہتے اتہی سب وزیر
لباس زرینہ نہ وہ پہنتا
جو پیرہن تہوڑے بولے ہین اس طور
جواہر نہ دیکہا تہا یہہ تو کبہی
نظر شہ اوسکو یہ رتبہ دیا
اوسے طور دولت کے معلوم نین
تب عاقل کے حق مین وہ سارے امیر
سمن ایک دن بولا عاقل ستی
سوا ایک جامہ کے ای بہائیجان
دئے بہائیصاحب وزیری مجہے

اسیطرح سے دن گزرنے لگے
لگے رہنے خوش وقت شہ ہم نگاہ
بہی رہنے لگے اپنے دشمن سے دور سے
وزیر بہی سے نہین کچھ ہوا پہ وہ شاہ
کرتے ہین پہنتے تہے وزیران سبہی
وزارت بہی پہ وہی طور رہتا
نہی کوئی جوہی نہ بنوایا وہ
سلے بخشی … تا اور امرا امیر
وزارت کے خدمت سے نین خوش …
یہہ نقرا تہا معلوم کیا ہے … اوسے
ہی دیکہا تہا ایک خوبیاں یہ سبہی
وگرنہ یہ محتاج تہا بہیجا
یہہ پاجی کتنین کچھ بہی مفہوم نین
لگے کرنے یون طعنہ آئے کبیر
کر اسے بہائی عاقل مین تمکو کبہی
نہ دیکہا جواہر سے اے مہربان
سبب کیا جواہر جو نین پہنتے

سوا خیمہ کے گھر بناتے نہین — سبب کیا حویلی بناتے نہین
بڑا امر یہ تمکو ہے رب دیا — خدا نے تمہارے کو سب کچھ دیا
سمن کو دیا نہین کچھ عاقل جواب — لگا کام مین جا کے اپنے شتاب
سمن آ نظر مند سے ایک دن کہا — ہین عاقل کو کچھ شوق نہین دیکھتا
نہ کہانے نہ پانی کا ہے اوسکو شوق — نہ رہنے کو گھر نا جواہر کا ذوق
نظر مند نے یون سمن سے کہا — یہہ نفرے کو معلوم کیا مرتبہ
اگر کہادی کا اوسکو جامہ ملے — ملا یا خوشی سے تو اوسکو چڑھے
جب ایسے کستین کو وزیری ملے — خرابی وزیری کی ہے دیکھئے
ولیکن میرا دل سے ہے خیر خواہ — سمن سے کہا اسطرح بادشاہ
خوشی سے جو پھر دن گزرنے لگے — سبھی خیریت سات رہنے لگے

بیان لکہنا عامل بصرہ کا خردمند وزیر قدیم کو واسطے اژدہے کے اور جانا عاقل کا ملک مین بصرے کے حکم سے بادشاہ کے

تب ایک ملک بصرے سے ہرکارہ آ — وزیر خردمند کو خط لادیا
دبیر سخندان کنتین وہ وزیر — بلاکر دیا اوسکو خط دلپذیر
سو وہ پڑھکے سب خط کے مطلب کنتین — وزیر ہنرمند کو بولا وہ مین
جو بصرہ کا عامل ہے وہ یون لکہا — کہ نو دس برس کو ہے یہان یک بلا
نکلتا ہے یہان ایک بڑا اژدہا — سبھی شہر کتین وہ کھاتا ہے آ

سبھی آدمی اور سبھی جانور ۔ پہاڑان گہران اور سارے شجر
نہایت نہایت ہی قید مین پڑا ۔ نہ دیکہا کوئی شخص ہے ان تہا
اور اب یہان کے اہل بصارت تمام ۔ ڈرانے مین مجہکو سبھی خاص و عام
کہ چھہ سات مہینے مین ہی وہ بلا ۔ نکلتا ہے اس سال وہ اژدہا
سبھی خلق جاتے ہین اب اوسا ۔ کہ اس سال پہیہ نہین آویگا
جو فیروز شاہ وقت مین تہا یہ طور ۔ کہ جس سال مین ہووے موذیکا زور
تب اوس سال مین وہ نہ لیتی تہی زور ۔ کہ تا ملک بصرہ نہ جاوے اوجڑ
مین اب اطلاع آپ سے ہون کیا ۔ کہ حضرت نظربند سے بولو جا
وزیر خردمند اوس خط کتین ۔ نظربند شاہ پاس بھیجا دہین
خردمند ہی خط کے پیچھے گیا ۔ وہ خط پڑھہ نظربند نے یون کہا
کہ بصرے کے عامل کو یہ خط لکھو ۔ تو وہ اژدہا جلد تر ماریو
کہین ملک میرا اوجڑنے نہ دے ۔ نکلنے نہ دیوے اوسے پھر کبھی
یہہ سنکر خردمند ہو گہبرا ۔ نکر شاہ سے بات پھر کر چلا
وہ سب اہلکارون سے جا کر کہا ۔ کہ ارشاد یون بادشاہ کا ہوا
یہہ ممکن نہین ہے جو بولا ہی شاہ ۔ وہ بچہ ہے معلوم نہین اوسکو آ
اگر مارے جاتا تو وہ دیو سیاہ ۔ یقین مارتا اوسکو فیروز شاہ
نہایت شاہ عقل و تدبیر وہ ۔ نہ اس کام مین کرتا تاخیر وہ

نہ مارا گیا ہے جو اوس وقت مین ۔ وہ کیون مارے جاویگا دس وقتین
یہہ سب اہلکارون نے سنکر کہی ۔ شہون کی روش نین ہے معلوم اوسے
یہہ بچہ ہے بچپن کے گن اوسمین ہے ۔ جو کچہہ بولتے ہم تو سن اوسمین ہے
یہہ سنکر خردمند بولا اونے ۔ بہلا بولو عاقل سے جاکر برے
وہ بولی یہہ عاقل کو معلوم کیا ۔ یہہ نفرے کو یہہ باتین مفہوم کیا
وہ نفرہ ہی بولیگا شاہ بولے جو ۔ نہین ہوگا حاصل کچہہ اسباب سو
اونے بولا جو ہو سو ہوجائیگا ۔ ہین عاقل کنتین یہہ سنا اونگا
تب عاقل کے وکہڑے مین جلدی گیا ۔ اوسے سارے خط کی حقیقت کہا
کہا وہ ہی جو شاہ دیا تہا جواب ۔ یہہ سن اوس سے عاقل کہا یون شتاب
جو کچہہ شاہ فرمائے ہین سو لکہو ۔ وہ خط جلد پہرے کنتین بہیجدو
خردمند نے پہر دیا ہے جواب ۔ کہ یہہ دوردستی ہے عقل از صواب
یہہ دستور جد و پدر سے چلا ۔ خبر اوسکو نین ہے یہہ ہی شاہ بہلا
پہر عاقل نے بولا خردمند سے ۔ میری رائے وہ ہی جو بولا تہے
قضارا سہیلی نظر بند کی ۔ شہنشاہ کا پیغام لے آئی تہی
سو عاقل کنتین آکے بولی تمام ۔ یہہ دونون کے باتین سنی والسلام
نظر بند سے جاکے بولی وہ سب ۔ نظر بند غصہ مین آیا ہی تب
بلایا ہے سارے وزیرون کنتین ۔ ہی بخشی کو سارے امیرون کنتین

کہا تم سے جا مار دو کوئی اژدہا | کہ [illegible]
نظربند کا کوئی دیا نہین جواب | سبب [illegible] شاہ کو نہ آیا [illegible]
نظربند نے یہہ بلا سب کہتین | سبب کیا جواب اب میرا دیتے نہین
وہ کہنے لگے بند کے دست ادب | ہوا حکم تو عرض کرتے ہین اب
جو حضرت کے دادا تھے محمود شاہ | یہہ دستور اوسوقت سے ہے چلا
کہ جب سال نکلے وہ مار سیاہ | تو اوس سال کہتین ہے دو عالم تباہ
نہ لیتے تھے محصول اوس سال کا | قدیم سے یہہ معمول آیا چلا
کہ حضرت کے والد وقت تہا یہہ حال | کہ جو عرض ہم نے کئے قیل و قال
یہہ کس کی مقدور مارے اوسے | گیا اوسکو جو مارنے خود مرے
یہہ سن شاہ کہایا بہت پیچ و تاب | بہت اوسکے دل مین ہوا ہے عذاب
سو عاقل نے سنکر یہہ سب گفتگو | سہیلی سے اپنے کہا جلد ا و
نظربند سے تم کہو جلد جا | اگر حکم ہو تو شہنشاہ کا
مین جاتا ہون اب مارنے اژدہا | بفضل خدا مار کر آؤنگا
مبادا یہہ سنکر خفا ہو یہ بات | مبادا کرے وہ کہین دن کو رات
نظر بند تب اپنے دلمین کہا | کسی وضع عاقل کو ہے چھوڑنا
بولانا سمن کے تئین بھیجکر | سوا اسکے کوئی سنکر نہین ہے دگر
کبھی اوسکو خدمت نہ دیونگا مین | کوئی کام اوس سے نہ لیون گا مین
یہہ تجویز دلمین مقرر کیا | قلمدان منگوا کے رقعہ لکھا

رقعہ نظر بند شاہ بعاقل وزیر

ای پاجی مین اب مہر کر بیقیاس | سمن کے تئین بھیجا ہون تیری پاس
تو ہمراہ سمن کے میری پاس آ | گناہ عفو سارا مین تیرا کیا
جو بیہودہ باتان تو مجھ سے کہا | کچھ وہ ذکر مت کر سمن سے ذرا

سہیلی ستی اک بلا کر کہا
یہہ رقعہ تو عاقل کو دے جلد جا

سمن سے کہا شاہ تم جلد جاؤ
اب عاقل کو ہمراہ بلا لیکر آؤ

تھا پیش از سمن کے وہ رقعہ گیا
پڑھ عاقل نے اوسکے تئین کو کہا

دوات و قلم دیو مجھکو لے آ
سہیلی کہی تب سمن آگیا

تب عاقل نے رقعہ کے تئین کو چھپا
سہیلی کو بولا کہ لاؤ بلا

دربیان رفتن سمن از حکم شاہ در قید خانہ برائے برآوردن عاقل و نیامدن او

سمن نے جو اوس گھر مین داخل ہوا
وہ عاقل کے تئین دیکھہ رونے لگا

کہا تم سے کیا چوک ہوی بھائیجان
جو غصہ مین آیا شہ مہربان

بہت چاہتا تھا تمہین پادشاہ
وہ کم سن ہے تم مانیو مت برا

سمن سے تب عاقل یہہ کہنے لگا
مین نوکر ہون وہ ہے میرا پادشاہ

کچھہ البتہ ہوی میرے سیتی خطا
شہ اسواسطے قید مجھکو کیا

سمن نے پھر عاقل ستی یہہ کہا
کہا شہ نے مجھے تم کو لاؤ بلا

میرے ہوکے ہمراہ تم اوٹھ چلو
نظر بند سے جاکے خوش ہو ملو

بہت نیک ہیگا نظر بند شاہ
بہت خلق و اخلاق کا پادشاہ

تب عاقل سمن سے یہہ کہنے لگا
ہے آرام مجکو مین نین آون کا

مین بیٹھا ہون آرام سے اس جگا
میرا چھوڑ پیچھا برائے خدا

سمن نے بہت پر بجدی کیا　　اور آخر نہ سمجھا سکا تھک گیا
گیا ہے سمن وہان سے پھر شہ کے پاس　　لگا شہ سے کرنے کے تئین التماس
کہ ای بھائی صاحب کہون تم سی کیا　　مین دیکھا ہون عاقل کو غیرت بھرا
وہ میرا سخن تو نہین مانتا　　کہا مجھ کو آرام ہے اس جگا
تمہارا نہین دوست کوی اوس ہوا　　رکھو یاد میرا سخن پادشاہ
بھی کئے وقت کے بعد ازان پادشاہ　　بھی رخصت سمن کے تئین کو کیا

دربیان نوشتن رقعہ نظربند شاہ بعاقل وزیر

پھر عاقل کو رقعہ نظربند کہا　　ای پاجی تجھے منع تھا مین کیا
نکرنے کے باتین سمن سے کہا　　نہین آیا میرے طلب پر سو کیا
سمن کے جو ہمراہ آیا نہین　　سبب کیا یہہ کہدی تو میرے تئین
یہہ لکھکر سہیلی کو بولا لیجا　　یہہ رقعہ تو عاقل کو دے جلد جا
سہیلی نے رقعہ کو لیکر گئی　　اور عاقل کے وہ ہاتھہ مین جا دئی
تب عاقل نے پڑھ دیکھ بولا اوسے　　قلمدان کو میرے تئین لا کے دیے
سہیلی نے لے حلم جا شہ کا وین　　اونے لا دئی ہے قلمدان کے تئین

دربیان رقعہ نوشتن عاقل وزیر بہ نظربند شاہ

تب عاقل نے اس طور کاغذ لکھا　　سمن بہت تو یہ سے تئین کام کیا
نہ بولون گا ہرگز سمن سے کبھی　　اگر وہ کہا تو دروغ ہے سبھی

ای شہزادی کی تھی تو مجھ کو طلب — نہین آنیکا ہے یہہ میرے سبب
یہہ آرام مجھ کو کہین نہین ملا — وزیری مین یہہ سکھ نہ پایا ذرا
مجھے چین و آرام ہے اس جگا — کوئی چین کو چھوڑ کیون آئیگا
کہ جسوقت کرتا ہون مین آنکھ بند — تو کرتا ہون اوس وقت تجھ سے انند
وزیری مین مجھکو نہ تھا یہہ مزا — کہ معشوق مجھ پاس ہے اس جگا
مین جس وقت کرتا ہون تیرا خیال — ہے اوسوقت مین تیرا میرا وصال
بہت اب تباہ حال ہے گا میرا — میرا حال تیرے سوا ہون سب کہا
وہ رقعہ کو لکھ کر کے عاقل تمام — سہیلی کو بولا لیجا خوش خرام
سہیلی نے اوس رقعہ کے تئین لیجا — دئی شاہ کے تئین سو شہ نے پڑھا
وہ شہ دیکھ رقعہ ہوا کہا برا — اوسے بہت وہ غصہ باہم ہوا
ہے اس بات سے کہا یا [illegible] شاہ — خطر اوسکو کچھ جان کا ہوئے گا
پری خاک مین مجھ کو دینگی ملا — ہے غصہ ہوا شہ کو اس بات کا
یہہ پاجی کے تئین عشق کیون ہے مرا — میرا فاش یہہ بھید کیون کر ہوا
سہیلیان کو بھی میرے معلوم نہین — یہہ سمجھا ہے کس طور سے کیسر تئین
ہے اس بات کا اوسکے تئین غم ہوا — نظر بند کا دل ہے برہم ہوا

دربیان رقعہ نوشتن نظر بند شاہ بعاقل وزیر

پھر عاقل کے تئین خط لکھا پادشاہ — فراموش اپنے کو تو کیون کیا

بلاتا تو آتا نہین کیا سبب — مین تقصیر کو تیرے بخشا ہون سب
سمن کو مین بھیجوایا تھا تیرے پاس — سبب کیا تو آیا نہین میرے پاس
نظر بند اس طرح سی خط لکھا — سہیلی کو بولا کہ دے جلد جا
سہیلی نے عاقل کو دی ہے لیجا — سب عاقل نے اوس خط کتین کو پڑا

در بیان رقعہ نوشتن عاقل وزیر بہ نظر بند شاہ

تب عاقل نے اوسکا لکھا یہہ جواب — کہ اے میرے حق مین بہ از آفتاب
تیرے پاس کس طرح سے آؤن نہین — یہان چین و آرام ہے میرے تئین
دلاتا ہون اور ایک مین بات یاد — تو بھولی پن ہے یا مجھکو زیاد
مین معشوق کی بات بھولا نہین — اے شہ زادی سُن یہہ تو قصہ کتئین
کہ جس دن سمن تیرے پاسے ہے ملا — وہ معشوق کا حال اپنے کہا
تو بھولی تھی اور وہ مجھے یاد تھا — مین آخر تو اوسکا لگا یا پتا
تیری بات کا پاس ہے میرے تئین — تو بھولی مین بھولا نہین تیرے تئین
وہ لکھہ رقعہ شہ کو اوبھیجوا دیا — اوسے پڑھہ نظر بند غصہ ہوا
دھولایا ہے سب رقعہ کو پادشاہ — کٹورے کے درمیان پانی منگا
گئے ہینگے دو تین دن جب گذر — نظر بند سے بولا سمن آن کر
کہ ای بھائی تم نا مناسب .. کئے — یہہ جو قید عاقل کو تم اب کئے
بڑا بھائی صاحب مجھے ہیگا ڈر — پری کا نہایت ہے خوف و خطر

مجھے علم ٹھہراؤ تا جا کے مین | ملا تا ہون حضرت سے لا اوسکتین

در بیان رفتن سمن بار دیگر نزد عاقل و نیامدن او

منظور شد اوسکو دیا ہے رضا | سمن قید خانہ مین جب وہ گیا

وہ عاقل کا دیکھہ حال وہ زرد ہے | او غمگین ہے صاحب درد ہے

پھر عاقل سمن سے یہ کہنے لگا | کہ تعظیم کو ہے نہ طاقت ذرا

سمن تب کہا از برائے خدا | کہ بیٹھے رہو مت اٹھو تم ذرا

سمن پھر تو باتان وہ کرنے لگا | جو کچھہ بولنا تھا سو وہ کہہ دیا

پھر عاقل نے اوسکو جواب یون دیا | مین اول مین بولا تھا جو ماجرا

پھر عاقل ... سمن سے یہ کہنے لگا | کہ تم شہ سے جسدن ملینگے آ

دکھائے تجھے تم زخم ہرنی کہتین | لگایا تھا مرہم لیجا اوس کو مین

وہ بھولا ہے یا ہیگا تجھکو یاد | سمن تب کہا ہان کہ ہے مجکو یاد

منظور شد تمہارا جو قصہ سنا | تمہارے تئین سات آؤ کہا

میرے ذمہ ہے کرکے شہ نے کہا | کسی طور سے اوسکا لیونگا پتا

فراموش دو ہو گئے اوسکو ہین | مگر بات یہہ یاد تھی میرے تئین

مجھے شاہ کے بات کی پاس ہے | مگر زندگی ہے تو اب آس ہے

پھر عاقل کے پاوان پکڑ وہ لیا | ہے پھر بات موہنہ کو لگا کر کہا

کسی طرح سے سات لیکر تو آ | میرا کام کردے برائے خدا

تب عاقل کہا مین تو جیتا نہین
چپ احوال ایک بولا تیہ سہین

بہت جب بجدی سمن نے کیا
تب عاقل نے بولا کہ تا آوڑ گا

اوٹھا وہان سے لاچار ہو کر سمن
چلا شاہ کے پاس بسر کرہن

نظر بند نے دیکھ ہوا گہبرا
وہ سمجھا کہ عاقل ہے کیا مریا

سمن کے لگا دیکھنے مونھ کتئین
سمن نے جو نزدیک آیا ہے دیہا

لگا پوچھنے اوس کے تئین پادشاہ
تمہارے یہ رونیکا ہے وجہ کیہ

سمن نے کہا کیا کہون تمسے مین
بُرا حال دیکھا ہون عاقل کتئین

یہہ سُن شاہ کا ہوش برجا ہو
سمن حال پھر اوس کا کہنے لگا

دربیان نصیحت کردن سمن بہ نظر بند شاہ

کہا اوس کی حالت بہت ہے تباہ
کیا ہون مین تجویز ایک پادشاہ

اوسے آپ سمجھے مناسب اگر
تو کرنا ہے تجویز وہ خوب تر

وہ کیا ہے کہ آپ اوس جگہ جائی
اور عاقل کو ہمراہ بُلا لائیے

وزیری کا جو تم دئیے مرتبہ
اوسے قید کرنا مناسب نتھا

تمہارا مین دیکھا اوسے خیر خواہ
فدا دل سے تیرا ہے ای پادشاہ

مناسب ہے جانا تیرا اوس جگا
بولا لائے تو دل سے خوش آئیگا

نہین تو میرے تئین پری کا ہے ڈر
وہ ضایع ہوا تو بہت ہے خطر

کہ اب اوسکا تو حال اچھا نہین
جو پہلے تھا اب اوسکا آدھا نہین

وہ اور ایک بولا ہے میرے سے بات — سلوک وہ کیا ہے عجب میرے ساتھ
وہ کہتا ہے نرگس پری کا پتا — لگا کر سراغ اوسکا مین ہون رکھا
مین جیتا تو اوسکو ملاتا یقین — تیرے سے تو لا کر ملاتا یقین
جو تمنے میرے سے تہے وعدہ کیا — وہ پاس آپ کی بات کی ہے رکھا
تمہین ایسا نوکر ملیگا نہین — نہ دیکھا سنا مین نہ ایسا کہین
جو پاجی تمہین کہتے ہو اوسکتئین — یہ پاجی نہین ہے سمجھتا ہونئین
وہ صورت مین تو ہے نہایت حسین — وہ اشراف زادہ ہے بیشک یقین
یہ آخر کو تو بات نکلے گی کہین — بتاؤن گا اوس وقت حضرت کو مین
غرض آپ تشریف لیجائے — اور عاقل کو ہمرہ بلا لائے
نہین تو پریگا ہے میرے کو ڈر — وہ آخر کو دستا ہے ہم پر خطر
دل و جان سے اوسکی عاشق ہوئے — کرینگی وہ ہم سب کو بے آبرو
یہہ باتون کو سن شاہ نے چپ رہا — بہی سکئے وقت بعد از سخن گہر گیا
نہایت تفکر مین تہا پادشاہ — یہ آخر کو انجام کیا ہوویگا
نہ دربار جاتا تہا اوس ذکر سے — وہ بے چین تہا گہر مین اوس فکر سے
سبہی اوٹھ گیا شہ کا آرام و چین — ہوا خواب و خور تلخ بے ربط شین
پہر اس پہ جو دو تین دن گئے گذر — سہیلی نے شہ کو کئی آ خبر
کہ عاقل تو کہانیکو کہتا نہین — نقاہت زیادہ ہے اب اوسکتئین

در بیان رقعہ نوشتن بادشاہ بعاقل وزیر برائی خوردن طعام

تفکر یہ سن شاہ کو پھر ہوا
ای پاجی تو اب کیا دیوانہ ہوا
خطابخش تیری بلا تھا مین
تو کہانیکو کہاتا نہین کیا سبب
اگر تو مرا تو میرے گئی بلا
میرے سر کی مین اب قسم ہون دیا
وہ رقعہ کے ہمراہ کہانا منگا
سہیلی نے جو گئی ہو عاقل کے پاس
سہیلی نے ہوشیار کی اوس کو جگا
لگا رقعہ پڑھ کر وہ رونے کتئین
اوسی طرح سے ایک نوالہ لیا
سہیلی سے بولا مجھے بھوک نہین
پھر عاقل قلمدان کے تئین منگا
سمن سے تیرا حال بولا مین نہین
ای شہزادی جو مین تجھے تھا لکھا
سن اب حال میرے مین کچھ نہین رہا

یہ رقعہ تب اسنے قلم کو سنبھل لکھا
سمن کو میرے ساری باتین کہا
سبب کیا سمن ساتھ ذرا باتین
ارادہ تیرا کیا ہے سو بول اب
تو کہانا نہ کھا کر ڈراتا ہے کیا
کہ تو اس وقت جلدی کہانیکو کہا
سہیلی کے ہمراہ دیا پادشاہ
دیکھی ضعف سے وہ ہے لیٹا اودہاں
دتی اوس کے تئین رقعہ پادشاہ
منگا خوانچہ بعد کہانے کہا وین
بھی تھوڑا سا پانی منگا کر پیا
ذرا کہانا اس واسطے کہایا مین
منظر نید کو اس طرح سے رقعہ لکھا
مگر بولا نرگس کا احوال .. مین
وہی حال مین اوسکو بھی کہدیا
ای شہزادی مین اب تو نہین جیونگا

نصیحت کچھ اک یاد ہے تیرے تئین
مین بھیجونگا لکھ کر سبھی تیرے تئین

مین دیکھا ترا خیر خواہ کوئی نہین
دغاباز دیکھا مین ساروں کے تئین

تب عاقل نے اس طرح رقعہ لکھا
نظر بند کے پاس بھیجوا دیا

اور رقعہ مین کر یہہ غزل مندرج
ہے شہ پاس بھیجوا دیا بے خرچ

غزل فارسی از عاقل بنظر بند برسد

ہمین آرزو بود دایم مرا
شوم بر تو قربان ای مہ لقا

بفضل خدا و بفضل رسول
کہ الحال آن وقت آمد مرا

شدم سرخرو پیش خلاق خلق
چنین داشتم آرزو از خدا

کہ ہستیم چندی ترا میہمان
سفر میکنم من ز دار فنا

مگر آرزو ہائے دل میبرم
ہمین است شہزادی افسوس ہا

گہی قدر ما را تو نشناختی
نگشتی بہ من ملتفت بیوفا

کہ از جان و عزت گذشتم یقین
چنین عشق تو کرد آخر مرا

بود عاقلان را ہمین نکتہ بس
ترا ہست حافظ رسول خدا

کہ باشند حافظ بہر دو جہان
محمد و آل محمد مرا

نظر بند پڑھ کر ہوا ہے خفا
بھی پھر کہا بر اشہ زیادہ ہوا

سمن ایک دن شاہ کے پاس آ
کہا فکر عاقل کی تا تم کیا کیا

نظر بند بولا کہ ٹھہرائے نین
کرون فکر عاقل کی کس طرح مین

سمن پھر تو اس طرح کہنے لگا | کہ عاقل میں نہیں حال باقی رہا
وہ اندیشہ ہے تم کو میں جو کہا | میں جاتا ہوں گر حکم ہو تو ذرا

در بیانِ رفتنِ سمن بارِ سوم نزدِ عاقل و بیہوش دیدن او را

دیا حکم پھر اوس کے تئیں بادشاہ | سمن نے وہاں جاکے دیکھا تو کیا
وہاں ہیگا بیہوش عاقل پڑا | جواب وہ پکارے تو بھی نہیں دیا
سمن کھڑا ہو کے نزدیک جا | دیکھا بات عاقل کہتے تھے وہ لگا
دیکھا ہیگا عاقل نے ہوشیار ہو | سمن رونے کے تئیں لگا زار ہو
سمن سے تب عاقل نے کہنے لگا | بہت خوب تم آئے سو اب ہوا
ضرورت کا کہنا تمہارے سے تھا | تمہیں کان رکھکر سنو اب ذرا
یہہ کہتا ہوں تم کو کہ جیتا ہیں میں | تمہارے سے اک بات کہنا ہو تمہیں
نظر بند کو دوست ہے کوئی نہیں | تمہیں دیکھ بیہوش کے کام کچھ نہیں
نہونے کو دو شاہ کو تم اداس | میرے ہوتے مت دیو اوس کو ہراس
میرا جان و دل اوسپہ قربان ہے | کہ اوس پاس مجھ سے غلطیات ہے
بہت نازک ہیگا میرا بادشاہ | تمہیں چھوڑ کر اوسکو مت ہو جدا
سمن پوچھا معشوق کی اپنی بات | تب اُن بولا وہ کیسے پوچھنے کی بات
نہیں جیتا تو تم سے ملاتا لے آ | نہیں تو محالات ہے یہہ کہا
سمن اوس سے یہہ بولکے روتا اوٹھا | نظر بند کے پاس روتا گیا

بیان نصیحت کردن سمن بار دیگر پادشہ را

نظر بند کو بولا کہ اے پادشاہ ۔ ہین آج اوسکا احوال دیکھا برا
تمہاری ... بات مجھہ سے کہا ۔ جو کچھہ بولا اون سون یہہ شہ سے کہا
کہا بھائی ہے وہ بڑا خیر خواہ ۔ نہ ثانی کوئی اوسکا ہے پادشا
ہین عاقل ... احوال دیکھا تباہ ۔ تمہین جا بلا لاؤ اب پادشاہ
پری کا میرے تئین نہایت ہے ڈر ۔ اوسی سے ہے ہم سب پہ آخر خطر
سمن کر یہہ باتون کتئین گھر گیا ۔ شہنشاہ تب فکر مین بھر گیا
پری آتی تھی شب کے تئین اوس جگا ۔ وہ کھانا کھلاتی تھی عاقل کو لا
پری کے جو خاطر سے کہاتا تھا وہ ۔ وہ کھانے کے لقمہ اوٹھاتا تھا وہ

در بیان آمدن پری نزد عاقل و بیقراری و آہ و زاری کردن او

جو اوس شب کو بھی آئی ہے وہان پری ۔ وہ عاقل سے اس طرح کہنے لگی
تھے میلے ہو کپڑے پری کے تمام ۔ کئے دن سے نہین نہائی تھی نیکنام
تیرا ضعف مجکو یہہ بہاتا نہین ۔ تیرا حال یہہ دیکھے جاتا نہین
بزرگان ہمارے کہے واقعی ۔ کہ خاکی پو عاشق نہونا کبھی
میرا حال تیرے سبب یہہ بنا ۔ کہ کیسے عدو کو ڈوباوے خدا
نہین تو ہمین خوش رہین ہر جگا ۔ تیرے عشق مین حال یہہ ہے بنا
ہمین سبزے اور پانی کو دیکھکر ۔ خوشی خورمی سے رہین اپنے گھر

بھلا اب تو جو کچھ ہوا سو ہوا
نصیحت ہین کرتی ہون ہوش ذرا

نظر بند کے پاس جاتی ہو نہین
پیام اوس سے کہ نرم آتی ہو نہین

اگر تو خوشی سے کہے جاؤن گی
وگر تو ہو ناخوش تو رہ جاؤنگی

اوسے منع اول تو عاقل کیا
پھر آخر کو ناچار راضی ہوا

کچھ ایک مصلحت کی کئے بات وہ
جو کرنیکی تھی شاہ کے ساتھ او

پھر عاقل سے لی ہے پری نے رضا
تنہا عاقل تڑپتا یہان تنہا پڑا

ہوی صبح جو آدمی ایک پری
نظر بند کے پاس بھیجوا دی

سلام پری وہ کیا ہے ادا
کہی دیکھنے آتی ہون کر کہا

نظر بند یہہ سن کے کہنے لگا
میرے تئین بہت دن ستی شوق تھا

ولیکن مین اب تو ہون کچھ کاہلا
تمہین وقت دیگر ملو مجھ سے آ

معًا آدمی پھر پری کا ایک آ
پری کی سواری یہہ آتی کہا

ہوناچار یہہ سن نظر بند اوٹھا
ستغض وہ کپڑون کو پہنا منگا

وہ پھر اپنے سند پہ بیٹھا ہے آ
بچھایا ہے یہہ ایک سند منگا

جو اتنے مین اتری پری جلد آ
نظر بند تعظیم دیکر ..... ملا

دربیان آمدن پری از نزد نظر بند پادشاہ برای رہانیدن عاقل وزیر

پری کے تئین اُن نے دیکھا غزال
دیکھا کپڑے میلے بُرا ہیگا حال

پری بیٹھی ہے آکے سند پہ جب
شروع کی ہے عاقل کا احوال سب

کبھی آئی ہون کچھہ مین کہنے کتئین
یہہ عاقل ہے موگریان کا پادشاہ
یہہ شہر و شہر پھر بھٹکتا ہُوا
پدر اوسکا موگریان کا ہیگا شاہ
ہے مسعود شہ باپ کا اوسکی نام
اوسے بعد بصرے کو تم بھیجوا
وہ تھا دیو برتے مین تھا سانپ کے
میرے باپ مین اوسمین تھی دوستی
پدر میرا حال اوسکا یہہ دیکھہ کر
میرا باپ اس طرح سے وہ ہُوا
حقیقی پدر ہے سو جیتا ہے وہ
غرض اون نے اوس دیو کو مار کر
اوسے دیکھکر مین نے تب غش کیا
مین عاشق نہوتی تو سُن فی المثل
مین اوس سے تو چھپنے لگی اوسکتئین
کبھی کھانا کھایا نہین سپت بھر
مگر اوسکو مین دیکھتی تھی خفا

سُنو کان دھر کر جو کھتی ہون مین
اونے راہ یکبارگی بھول جا
وہ تم پاس آکر ہے نوکر ہوا
وہ ہے صاحب تخت و صاحب کلاہ
بھی مان اوسکی شہزادی ہے لاکلام
جو فرمائے ہین مارنے اژدھا
سو پایا نہین وہ تھا میرے باپ کے
غمین ایک اولاد کی اوسکو تھی
مجھے گود مین اوسکے دیا سر بسر
میرا باپ ہے شاہ جنات کا
خوشی ملک مین کرتا بیٹھا ہے وہ
میرے گھر مین آیا ہے جب شیر نر
میرا جان و دل اوسپہ غش کیا
اوسے مارتی اژدہا کے بدل
نہ دیکھی ہون خوش مین کبھی اوسکتئین
کبھی سویا مجھہ پاس نین آن کر
سبب اوسکا میرےسے کچھہ نین کہا

کئی دن کے بعد از میرے لیے کہا
کبھی مین تعجب سے اوسکو سنا
تیرے شہر مین ہو گرا ہے زیاد
یہہ کہ مجھ سے ہے کون تیرا بادشاہ
تب عاقلنے ہنسکر میرے سے کہا
میرے لیے وہ تب اپنا قصہ کہا
کہا اون نے مجھکو مراتب دیا
ہے کم سن نظر بند میرا بادشاہ
مین تعریف اوسکی کرون تیسی کیا
ہمیشہ مکدر رہے ہے اور خفا
غرض اوسکے ہمراہ مین ہو چلی
مین دو آدمی اپنے بہیجوا دیا
وہ میرے تئین دیکھ بولی ہین آ
تیرا حال سب میرے سے آکے کہے
مین اس طرح بولی تھی عاقل کے تئین
مین عاقل سے یہہ حال بولی نہین
تیرا جب کہ احوال مین سب سنی

کہ مین شاہ کے پاس اب جاؤنگا
کہ تون ہویگا ہو گریبان کا بادشاہ
ہمین آکے اوس جا پہونچی شاد
تو جاؤنگا اوس پاس جو بولتا
نظر بند ہے روم کا بادشاہ
کہا پاس مین اوسکے نوکر ہوا
پھر آخر وزیری کا منصب دیا
ہے صورت تیری مانند خورشید ماہ
تمہین دیکھے تو بیچکر اوسکو جا
ہوا مین کسی بات مین خوش بڑا
مین جب روم مین آکے داخل ہوا
تمہارا سب احوال دیکھو کہا
کہے دیکھے ہم تخت کے پاس جا
بھی باقی کا احوال جو تھا کہے
نظر بند کے مین روبرو ہونگی نیز
نہ عاقل بھی بولا ہے کچھ میرے تئین
نکلنے کے تئین تب مین راضی ہوئی

تجھے جب ضیافت کو بلوائی مین ‏ تیرے تئین طلسمات دکھلائی مین
یہہ جب قید عاقل کو تمنے کیا ‏ خیر یہہ ہوی نین میرے تئین ذرا
کہ جب وہ میرے پاس آیا نہین ‏ ہو تب گھباری جستجو کی ہو نین
پری اور جنات دیوان تمام ‏ روانہ گئی ہر جگہ ہر مقام
تیرے پاس اور ساری ملکونین مین ‏ دہونڈانے لگی ہر جگہ اوس کتئین
سبھی دہونڈ کر آکے بولی ہین سب ‏ نہ کہین اوسکا پتا نکلتا ہے اب
کہی ان سے تب گھباری ہو مگر ‏ لگا دیونگی مین جواہر کے پر
اگر تم لگا دینگے اوسکا پتا ‏ رہون گی تمہارے سے مین خوش سدا
نہین تو لگا دیونگی تم کو آگ ‏ مین کھاؤن گی تم سب کو نچا کی باگ
گئے ہین وہ پھر دہونڈنے جابجا ‏ گیا قید خانے طرف اک پرا
اک عورت نے وہان کہولکر و تئین ‏ کھڑی دیتی تھی کھانا عاقل کتئین
وہ دیکھا سو بولا ہے میر لیسے آ ‏ مین باور نکر کر گئی اوس جگا
وہان واقعی اوسکو دیکھی ہو نین ‏ یہہ مین پوچھنے کو لگی اوسکتئین
تیرے تئین کیا قید کیون پادشاہ ‏ نظر بند کی تقصیر تون کیا کیا
تب عاقل نے میر لیسے کہنے لگا ‏ مین نوکر ہون ہے وہ میرا بادشاہ
اگر چوک میر لیسے شاید ہوا ‏ شہ اس واسطے قید مجکو کیا
تب اس طرح مین اوس سے کہنے لگی ‏ مین اب شہ کو پیغام ہون بھیجتی

میرے تئین تب عاقل نے سمجھا کہا — میرے شاہ کے بیچ مین قوت نہ آ
وہ خاوند ہے چھوڑیگا آخر مجھے — مناسب یہہ کامان نہین ہین تجھے
مین اوسوقت توگہر کو گئی از ہراس — مین پہر آئی دو چار بار اوسکے پاس
کہ ہر روز بدتر دسے مجکو حال — مگر اب تو وہ ہو گیا ہے نڈھال
مین آج اوسکی حالت کو دیکھی تباہ — نہین طور جینے کے ہے پادشاہ
یہہ مین اوس سے اب بولکر آئی ہون — کہ تحقیق اپنا کیا پائے ہون
تیرے سے جو دل کو لگائی ہون مین — کیا خوب اوسکا یہہ پائی ہون مین
کہ سب قوت و قدرت ہے میرے تئین — تیرے کام جو ہین سو کراؤن مین
معاف اب کراؤن تیرے سب گناہ — نظر بند سے ہوکے مین عذر خواہ
یہہ سن میرے سے اُن نے کچھہ نین کہا — میرا جان و دل تو بتنگ ہو گیا
تیرے پاس آئی یہہ کہنے کے تئین — کہ اب اوسکے ہمراہ مرتی ہون مین
میری شاہی بھی تجکو دیتی ہون لے — یہہ مخصوص کہنے کو آئی تجھے
تو جن اور انسان کی ہو پادشاہ — مبارک تیری تئین کرے یہہ خدا
پہر عاقل مجھے یہہ نصیحت کیا — کہا میرے سے از برائے خدا
میرے بعد تو شہ کو نا چھوڑ نا — نظر بند سے مون کو ناموڑ نا
حمایت مین دہرنا نظر بند کو تو — کبھو نا بسرنا نظر بند کو تو
کوئی اوسکا دستا نہین خیر خواہ — بہت ہیگا نازک میرا پادشاہ

ہے اُن یہ نصیحت تیرے تئین کیا　　تنگ اب میرا دل نہایت ہوا

مین اب مُہر کنجیان کو دیتی ہون لا　　مبارک تیرے پر رہے یہ سدا

اب یہ کام گھر جاکے کرتی ہو نہین　　بھی بعد از ستی اوسکی مرتی ہو نہین

یہ جینے سے مرنا مجھے خوب ہے　　کہ مرتا پڑا میرا محبوب ہے

میرے حال کو تم ذرا دیکھیو　　میرا حال کیا ہے بنا... دیکھیو..

پری بولتی تھی یہہ ہو زار زار　　نظر بند یہہ سُن رویا ہے نعرہ مار

نظر بند پری کو جو دیکھا بغور　　جو بولی سو تھے واقعی اوسکی طور

دیکھا آنکھہ مین میلے کپڑے ہین شاہ　　بہت دبلی ہوئی ہینگی مانند کاہ

پری سیتی تب یہہ نظر بند کہا　　سمن کو کئے بار بھیجوایا تھا

میرے پاس بالکل وہ آتا نہین　　سمن کا کہا دل پولاتا نہین

مگر جانا میرا ہے باقی ...... رہا　　مناتا ہون مین اوسکے تئین آج جا

تم یہہ مُہر کنجیان رکھو اپنے پاس　　بفضل خدا خوش رہو بے ہراس

یہہ باتان سبھی مت کرو یک ذرا　　پری کے پکڑ ہات کوشر لیا

کہا از برائے خدا و... رسول　　کرو مت تمہین اپنے دلکو ملول

پری نے جواب اوسکا شہ کو دئی　　کہ مین بندوبست کرتی ہون جا ابھی

نظر بند تب پھر پری سے کہا　　یہ باتان کرو مت برائے خُدا

پری پھر کہی شاہ کے تئین پھرا　　کہ عاقل مین نین حال اب کچھ ذرا

یہہ باتون کو کر گھر گئی ہے پری
نظر بند پہ ہنس کر تازی ہوئی

نظر بند کے تب دلمین آیا خیال
پری اوسکو سمجھائی سب پیار عال

نہ تو بہید سیرا یہ کیا جانتا
مجھے کون ایسا تھا پہچانتا

پری وہان سے گئی سید ہا عاقل کے پاس
کہی اوسکو بیٹھا ہے کیون تو اداس

ہے معشوق آشنا تیرا آج رات
جو کچہہ اوس سے کرنا سو کرلی تو بات

بہت اوسکے تئین نرم کی آج مین
بہت اوسکے تئین شرم دی آج مین

یہہ باتان کو کرکر پری نے ہنسی
پہر عاقل بہی اوس دن ہنسا از خوشی

پری نے پہر عاقل سے کہنے لگی
نظر بند کا حال بہی ہے یہی

مین دبلا اوسے پائی روتا ہوا
یقاین تجھکو چہپتا تیرا پادشاہ

نظر بند سہیلی کے تئین ایک بلا
کہا دیکھہ عاقل کا اب حال جا

سہیلی چلی حکم لے شاہ کا
دیکھی قیدخانے مین عاقل کو جا

بہی نزدیک عاقل کے بیٹھی پری
سوا اوسکے پہر کسکو دستی نتہی

سہیلی جو عاقل کو دیکھی ہے جا
وہ عمدا بہانہ سے لیکر پڑا

پکاری ہے نزدیک جاکر اوسے
لگائی ہے پہر نات آکر اوسے

تب عاقل نے کروٹ لی کھولا ہے انکھ
اونے خیریت پوچہی ہے جہانک جہانک

تب عاقل کہا خیریت دیکھہ تو
جو تم حال دیکھہ وجا بول دو

سہیلی گئی بعد بولی پری
رضا ہو تو جاتی ہون عاقل ستی

تب عاقل پری کو دیا ہے رضا — گئی ساتھ پری نے رضا اُٹھ کے پا
نظر بند سے جاکر سہیلی کہی — بُرا حال اوسکا ہے تُو آکر کہی
نظر بند زیادہ ہوا گہا برا — بہت سنکر دل پیچ کرنے لگا
کہ جب وقت ہے سہ پہر کا ہوا — نظر بند نے عاقل کو یہہ خط لکھا
بہیجوایا ہون جو کہ کہانے کتئین — قسم میرے سرکی تو کہا اوسکتئین
سہیلی کو بولا کہ کہانا لیجا — اور ہمراہ اوسکے وہ خط بہی دیا
غزل بحر تازہ مین یہہ لکھکے تب — شہ عاقل کو بہیجوا دیا ہیگا جب

غزل ہندی از نظر بند شاہ

ارے عاقل مجہے تو ست خفا کر — سمجھ لے مین جو لکھتا ہون مناکر
قسم ہے میرے سرکی ای شاہزادے — مین کہانا بہیجا ہون تو جلد کہاکر
تیرے سے اطلاع کرواکے مین بہی — بہت بہیجا کہا ہون کہ اونگا سنگا کر
اگر تو کہانیکے تئین کو نکہاوے — نہین کہاؤن گا مین بہی ست خفا کر
تیرا جو حال ہے اوس سے بدتر شہ — یہہ میرا حال ہے مجہکو دعا کر
ڈوبایا ہاتھ سے اپنے کتئین مین — رکہا نوکر جو تیرے تئین بلاکر
نہین تو تون کہان اور مین کہان تہا — ڈبایا تونے میرے تئین دغا کر
نظر بند پر کرم کر یا الٰہی — کرم سیتی ہمارا تو بہلا کر
محمدؐ کے تصدق سے خدایا — میرے آزار کی اب تو دوا کر

سہیلی نے عاقل کے نزدیک جا ۔ ہے مشکل سے اسکو اٹھائی تب آ
تب عاقل نے اوس خط کتین کو لیا ۔ سراسر وہ خط کھول سارا پڑا
سہیلی سے عاقل نے پھر یہ کہا ۔ کہ کہانیکا خوان اب تو نزدیک لا
وسٹھی سے خشکے کتین کو اٹھا ۔ ہے تھوڑا سا کھا کرکے پانی پیا
سہیلی سے پھر وہ قلمدان منگا ۔ دنی ہے سہیلی نے اوسکو لے آ

غزل ہندی از عاقل وزیر

شاہ مسعود کا مین ہون فرزند ۔ مجھہ سوا کوی اوسکا نین دلبند
آج ہے وہ شہنشاہ دوران ۔ ہیگا مو گریال مین تخت بلند
ناز ونعمت سے مجکو وہ پالا ۔ دیا بازو پہ میرے مہر بند
اوسکے بندنے سے جانوکے سخن ۔ ہون مین پہچا ناتا زیست پابند
العرض حکم لے مین بابا . . . کا ۔ ہو چلا جو شکار کا پابند
سن کے اوس جا پہ چند باتین ۔ ہو گیا عشق مین تیرے پابند
پھر تو احوال تجھکو ہے معلوم ۔ آج تک جو ہوا میرے دلبند
پھر تو وہان سے بھٹکتا نکلا ہون ۔ ہوا نوکر تیرا مین ہو خورسند
اب تو میرے مین کچھ نہین احوال ۔ جلتے جلتے ہوا ہون جون اسپند
تھوڑے دن مین یقین مرتا ہون ۔ رب ہمیشہ رکھے تجھے خورسند
پر یہہ افسوس رہ گیا مجھہ کو ۔ نا قدردان کے ہات ہوا دل بند

مین مرا تو بلا گئی ..... تیری
گرُھ تو ست اور ہمیشہ رہ خورسند

حال سارا لکھا ہون رقعہ مین
اُوس سے معلوم ہوگا اے دلبند

مین کیا ہوگا ختم کر یہہ بات
عاقل ہے نظر بند کا دل بند

اب محمدؐ کے صدقہ سے اللہ
مجھ پہ کر کر کرم رکھا خورسند

نظر بند کو اس طرح عاقل لکھا
مین فرزند ہون شاہ مسعود کا

میرا باپ سوگریال کا پادشاہ
اکیلا مین ایک اوسکو بیٹا ہوا

مجھے نازو نعمت سے پالا سدا
وہ بازو پہ ایک میرے قُہرہ بندا

وہ قُہرے کو بازو پہ جو کوئی سندے
سخن جانور کے وہ سمجھا کرے

غرض باپ سے لے مین ایکدن رضا
سوار ہو کے گھوڑے کے اوپر چلا

میرے ساتھہ شہ فوج دے بیشمار
روانہ کیا تھا برائے شکار

ہرن اک بیابان مین مجکو دسا
مین القصہ آہو کا پیچھا کیا

ہرن غیب ہوا اوس بیابانین جا
مین جنگل مین رہ بھول جاکر پڑا

کئے وقت کے بعد وہان سیر تئین
دسا جھاڑ و گنتھہ عیان میرے تئین

مین گنتھے مین جا تھوڑا پانی پیا
پھر اوس جھاڑ کے نیچے ہی سو رہا

کہین چند کا جوڑہ ایک از قضا
اوسی جھاڑ کے ڈال پر بیٹھا آ

مین چھپتا تھا سونے کتئین اوسجگہ
دیکھا چند کو سو نہ سویا ذرا

لگا مین اونکے طرف کان کو
نہین کان کو بلکہ دل جان کو

ای شہزادی تیرا لگے کہنے حال
انھون نے طرف تیرے باندھا خیال

سنا اون کے باتون کو عاشق ہوا
اوسی طور سیتی مین اٹھ کر چلا

خرابیان بہت راہ کے بیچ ... پا
غرض روم مین آ کے داخل ہوا

مین دربار مین آ جو حاضر ہوا
تجھے دیکھ غش کھا زمین پر گرا

سہیلیان تیرے مجھ سے پوچھے جو آ
یکایک تو کیون یون زمین پر گرا

لکھا جو بہت دن سے بھوکا تہا مین
سو کھایا ہون کچھ آج کھانے کتین

ہے اسواسطے میری تئین غش ہوا
تجھے دیکھ در اصل مین گر پڑا

مین دیکھا نہین پھر تجھے آنکھ اوٹھا
رکھی پیار کر مجھکو نوکر بلا

تو پاجی جو کہتی ہے سچ واقعی
یہی امر در اصل ہے واہ جی

ای شہزادی تو تجھ سے ایکدن کہی
پری ساتھ شادی کرا دون تری

میرے دل مین کچھ نہین ہے عشق پری
میرے جو نہیان جہان تک وہ پری

سن عاشق ہین مخلوص ہون سچ تیرا
کسی ... نہین کام ہے کچھ ذرا

پری سے سروکار کچھ نہین مجھے
میرا حال لکھتا ہون اب سب تجھے

محل بیچ دو بار آیا تہا مین
بہی ایکبار جینی کو ڈالا تہا مین

سیوم بار سپڑا ہون جو کی مین مین
جو تو سن کئی قید میرے تئین

وہان مستعد ہو جو آیا تہا مین
کہ تو مار ڈالیگی سمجھا تہا مین

مجھے مارنا تہا ای شہزادی جان
عبث قید کر کیون چلائے یہان

کھلا کر تو ماری ہے کیا میرے تئین
امید اب میرے جینے کی نہین رہی
نہین دیکھا تیرا خیرخواہ کوئی نہین
مگر ایک دشمن ہے تیرا خیرخواہ
سخن کو جو کہنا سو مین ہون کہا
پری سے بھی تیری سفارش کیا
ہمیشہ پری سے تو رکھہ دوستی
وہ جنات دیون کی ہے پادشاہ
اگر تیرے پر کوئی عدو آوے تو
تو وہ اپنے دیون کو بھیجوائیگی
میرے باپ کا حال ہیگا تباہ
یہہ میری خبر کو وہ جب پائیگا
مبارک تجھے وہان کا ہی تخت و تاج
ہے معلوم اُن کو کہ مین گم ہوا
میری مُہر بھیجا ہون اب تیری پاس
میرا باپ بیشک کہ مرجائے گا
تجھے چار میری نصیحت ہے سُن

نصیحت یہہ کرتا ہون سُن [illegible]
نصیحت میری مان لے دل استی
یہہ سب لوگ ہین لوٹ کھانے کے تئین
نہین عقل مین اوسکے تئین کچھ بھی ذرا
تیرے تئین بھی اب اطلاع ہون کیا
تیرے لیے بھی کہتا ہون سُن تو ذرا
بہت کام آویگی تیری پری
سمجھہ دل سے تو اوسکے تئین خیرخواہ
پری کے تئین اطلاع کیجیو
تیرے دشمنون کو وہ کھا جائیگی
خبر کر میرے حال کی اوسکو آہ
یقین سمجھیو وہ کہ مرجائیگا
تو اوسکی بھی خاوند ہو لیوے وہانکا راج
سمجھتے ہین وہ مجھہ کو جیتا ہوا
خبر کر میرے باپ کو بے ہراس
ای شہزادی وہان کی تو ہو پادشاہ
یہہ ہرگز میرا بھولیو مت سخن

خزانہ کو ہمیش رکھہ تون بھرا — سیرے وقت مین جسطرح ہے کہ تھا
دویم فوج کا اپنے دل شاد رکھہ — تو دل مت دکھا انکو آباد رکھہ
رکھیجو سیوم تو رعیت پہ پیار — انہون سے بہت تجکو ہوگا روبار
چہارم تو شیرین رکھہ اپنی زبان — ہمیشہ تو رہ خلق پر مہربان
یہ خط سیرا آخر مین تجکو لکھا — ای شہزادی ہی تجکو حافظ خدا
مین سونپا تجھے پر خدا و رسول — ہمیشہ تو خوش رہ نہو تو ملول
سہیلی کو بولا کہ یہہ تو لیجا — نظر بند کو آداب بھی کہہ مرا
سہیلی نکے تئین مہر کو بھی دیا — کہا یہ نظر بند کو دے لیجا
سہیلی غرض لی نظر بند کو دیا — نظر بند خط پڑھہ کے رونے لگا
زیادہ ہوا اوسکے تئین غم پتا — نظر بند رونے لگا از الم
خیال یہ نظر بند کے تئین ہوا — کہ مین جب کہ عاقل کے وہان جاونگا
وہ شاہزادی میرے تئین بولیگا — یقین حال میرا تباہ ہوویگا
نہین جاتا ہون تو پری کا ہے ڈر — نہایت پری سے ہے مجکو خطر
یہ مشکل مین ہون آنکر مین پڑا — ای اللہ میرے پر تو ہو رہنما
یہ باتون کو کرکے لہین روتی تھی وہ — اور آنسو سے منہہ اپنا دہوتی تھی وہ
بھی اوس روز کھانیکو کھائی نہین — رہی ہوکے اوسدن نہایت غمین
پھر اتنے مین شہ کو خبر یہہ ہوی... — سمن آیا باہر سہیلی کہی

دربیانِ آمدنِ سمن نزدِ نظر بند و نصیحت کردن

نظر بند منھ دھویا پانی منگا — بھی بعد از سمن کو بلا لیو کہا
سمن آکے بولا کہ ای پادشاہ — تیرا حال کیا ہے مجھے کہہ ذرا
نظر بند نے خیریت ہے کہا — سمن شہ سے اسطرح کہنے لگا
آپ عاقل کو تم جاکے لاؤ بلا — بہت سخت آسیب ہے پادشاہ
پری کا سیرے تئین ٹرا ہے خیال — کہ جنگی پری سب کے تئین پایمال
سمن کے تھا دلمین کچھ اور ہی مگر — ہے عاقل کے چھٹنے سے کار دگر
ملا دونگا معشوق کو تھا ... کہا — ہوا تھا وہ اس واسطے گھبرا
سمن شہ سے پھر تھوڑے باتین کہا — لے بعد از رضا اپنے گھر کو گیا
نظر بند اوسدن نہ کھایا طعام — تڑپتا تھا بے حد شہ نیک نام
سہیلیون کو پھر یہہ کہا بادشاہ — کہ دربار برخواست جب ہوئیگا
کرو اطلاع مجھہ کو اوسوقت آ — یہہ بولا سو پھر شاہ رونے لگا
مکدر تھا اوسدن بہت بادشاہ — ہے سون سو جا روتے پہر شاہ کا
کہ جب ایک پہر رات گئی ہے گذر — سہیلیان گئے .. شاہ کو آ خبر
ہے دربار برخواست سارا ہوا — نظر بند یہہ سن کے رونے لگا
غرض شاہ نے پھر تہیہ کیا — کہا دو سہیلیان کتئین کو بلا
کہ ہمراہ تم آئیو اب سیر کے — یہہ کہکر نظر بند اٹھ کر چلے

نظر بند پہر یہین کر چارقب | لیا ہاتہہ مین دہوپ ایک اپنی تب
سہیلیان بہی قندیلے آئیان | ہو ہمراہ نظر بند کے جا دریان
نظر بند تب تہا بہت گہبرا | نہتی ہوش بلکہ دیوانہ ہوا
جو شہ قید خانہ کے نزدیک آ | سہیلی کو بولا کہ در کہول جا
سہیلی نے دروازہ کی جا کے وا | نظر بند پیش و پس کرنے لگا
کہ کس طرح مین جاؤن اوس پیش اب | ابہی آتا ہے مجکو بڑا کچہہ حجاب

دربیان رفتن نظر بند نزد عاقل و ہمراہ آوردن او

غرض قید خانہ مین شہ نے گیا | سہیلی کو بولا کہ اندر نہ آ
پری آکے بیٹہی اتہی اوس جگا | کسیکو وہ دستی نہ تہی یک ذرا
نظر بند وہان جا کے دیکہا تو کیا | کہ عاقل کا احوال سچ ہے بُرا
تہا بیہوش عاقل جو لیٹا ہوا | پکار اوسکے تئین شاہ نے یہ کہا
ای عاقل تو ہوشیار ہو جلد تر | کہڑا ہون لیجانے کو مین آن کر
نہ ہوشیار آوازہ یہ سن ہوا | ہے تب دہوپ سے شہ اشار کیا
وہ جب دہوپ سے بہی نہ ہوشیار ہوا | نظر بند بیٹہا ہے ہو گہبرا
زمین پر وہ بیٹہا ہوئے اختیار | اشارہ کیا دہوپ سے بار بار
وہ ہوشیار ہو دیکہہ جو شہ کے تئین | رکہا پاؤن پر شہ کے وہ سر کتئین
تب عاقل بہت دکہہ سے رونے لگا | کہا یہ قدم اب میسر ہوا

میرے دہڑ سے جب جان آدہا گیا
نظر بند روتا تھا بے اختیار
تب عاقل نظر بند سے کہنے لگا
وہ تو سب نصیحت کتئین یاد رکھ
مسیحائی تو میرے پر ہے کیا
ای شہزادی میرا گیا جان تھا
یہ سنکر نظر بند رونے لگا
یہ سنکر نظر بند سنے عاقل کہا
مجھے جان اپنا تو نوکر مدام
سہیلی تو یک مجھکو اپنی پچھان
زبان اپنی عاقل بدل کر کہا
تیرے پاؤن نازک دکھینگے کہا
نظر بند روتا تھا جب زار زار
کہ تم رؤ مت ای شہ خاص عام
پھر عاقل ستی یہ نظر بند کہا
تب عاقل سہیلی کو جاکر کہا
سہیلیان نے کہا نارے آیان یہیں جا

جمال اب میسر مجھے یہ ہوا
پھر عاقل بھی رونے لگا زار زار
ای شہزادی مین تیری تئین جو لکھا
ہمیشہ تو دل کے تئین شاد رکھ
گویا مردہ مین جان تازہ پھرا
تجھے دیکھکر پھر وہ سب آگیا
کبھی نین سنا مین جو تو نے کہا
کہ تو آج سے ہے میرا بادشاہ
تو ہے میرا شاہ مین ہون تیرا غلام
مجھے خادمون مین سے یک اپنی جان
کہ ای شاہ بیٹھو یہ قالین پہ آ
غرض بیٹھے قالین پر آ بادشاہ
تب عاقل نے کہنے لگا ہے پکار
تمہارے لیے ہے خلق کو فیض عام
مجھے بھوک سے غش ہے آنے لگا
تو جاکر نظر بند کا خاصہ لے آ
وہ بولیان ہے عاقل کتئین کو بلا

تب عاقل نے خود لیکے کھانا گیا
وہ پھر طشت اور آفتابہ لیے آ

نظر بند کے ہاتھہ کے تئین دہلا
وہ بعد ازسے دستر کھیا یا ہے لا

نظر بند تھوڑا سا کھانیکو کھا
وہ بعد ازسے عاقل کو کہنے لگا

کہ تم اب بھی کھاؤ یہہ کھانے کُتین
تب عاقل نے تسلیم کر شاہ کو وین

وہ خوانون کے تئین یکطرف لیگیا
فراغت ستی کھانے کو کہا لیا

بھی وہو ہاتھہ سون خوانون ستئین اُٹھا
سہیلیون کے سارا حوالے کیا

ہوا پھر وہ شہ پاس حاضر بھی وین
نظر بند بولا ہے عاقل کتئین

بہت دیر ہوی گھر کے تئین جاؤنگا
تب عاقل نے شہ کو مبارک کہا

نظر بند روتا تھا اور تھا خفا
غرض وہان ستی اٹھکے گھر کو چلا

پھر عاقل طرف دیکھہ کر پادشاہ
تمہین بھی ہمیرے ساتھہ آؤ کہا

پری یہ حقیقت کے تئین دیکھکر
گئی وہان ستی اوڑھہ کر وہ اپنی گھر

غرض جو نظر بند گھر کو گیا
اور عاقل بھی ہمراہ اوسکے ہُوا

سہیلیان تب آپسمین بولیان یہہ بات
کہ عاقل پڑا تھا وہ بھانے کیساتھہ

اور اُن مین سے تھوڑے یہ بولی ہین بات
کہ خاوند کی ہے مہربانی کے سات

یہہ خاوند تھا قید اوسکو کیا
سو وہ آپ آکر بُلا لے چلا

سہیلیان نے دیکھہ اوسکتئین خوش ہویان
وہ ہنس ہنسکے عاقل سے باتان کیان

تمہارے ہمین قید سے چھٹے ملول
ہوا مدعا اب ہمارا حصول

تب عاقل بھی انکو جواب ان دیا
نظر بند آ گھر میں داخل ہوا

نظر بند بیٹھا بچھونے پہ جا
سو بے اختیاری سے رونے لگا

تب عاقل نے نزدیک جا کر کہا
یہ رونا مناسب نہیں پادشاہ

چھپر کھٹ کو شہ کے وہ جھاڑے اچھا
اور آ کر کہا شہ کو ای پادشاہ

چھپر کھٹ ہے تیار اٹھکر چلو
فراغت سے آرام اوسپر کرو

اطوعاً و کرہاً نظر بند اوٹھا
چھپر کھٹ پہ آرام جا کر کیا

تب عاقل نے جا ایک طرف سو رہا
سہیلیاں بھی سویاں ہیں سب جا بجا

وہ شہ رات ساری تڑپتا ہوا
بچھانے پو تھا صبح یوں ہی کیا

جو چوکی کے تھے سہیلیاں تمام
وہ جگتیاں خبردار ہتیاں والسلام

غرض اس طرح سے گئی ہو وہ رات
ہوی صبح فضل الٰہی کے سات

نماز فجر اوٹھ پڑا پاتشاہ
مکدر تھا روتا ہوا تھا خفا

بھی عاقل نے جلدی سے ہوشیار ہو
نماز فجر پڑھ کے تیار ہو

نظر بند کے پاس حاضر ہوا
بھی معمول پر اپنے مجرا کیا

دیکھا شہ کو عاقل نے روتا ہوا
تب عاقل نے نزدیک شہ کی گیا

کہا تیرے رونے کا کیا ہے سبب
خفا ہے تو کس بات سے بول اب

اگر میں تجھے خوب لگتا نہیں
تو جلدی سے کر قتل میرے تئیں

نہیں تو تجھے قید خانہ میں بھیج
کہ تا دل تیرا صاف ہووے نہ پیچ

اگر نین تو کیا ہے سبب مجھ سوں بول — کہ ہرگز تو اپنے کو ستا کر ملول
تیرا دل نہ دکھنا کر اسطور نین — خرابی مین ڈالا ہوں اپنی شتابی نین
وگر نین تو مین باپ سے بولتا — تیرے پاس پیغام تھا بھیجتا
کہ تو مرد نین ہے ولیکن ہے زن — مین شادیکا کرتا تیرے سخن
اگر نین تو کہتا پری ستی مین — ملاقی وو میرے لا تیری نہین
مناسب نہ سمجھا یہ باتان کو مین — اوٹھایا ہون اسواسطے دکھہ تیرہ
پھر اسپر تو روتا ہے ای پادشا — میرا جان تیرے ہیگا لگا
اگر میرے تو خفا ہے تو بول — رہونگا مین باہر نہو تو ملول
یہہ بولا سو شہ کے گرا پاؤن پر — لگا رونے کتین وو منہ کھول کر
پھر عاقل نے یون شہ سی کہنے لگا — ہووے حکم تو لیون خاصہ منگا
کہا شاہ نے خوب ہے لیو منگا — تب عاقل نے کھانا منگا و کہا
سہیلیان نے لایان ہین کہانی کنیز — نظر بند کھانے لگا ہیگا وین
اور عاقل کتئین یون کہا پادشاہ — کہ تو ساتھ کھانا میرے آکے کہا
تب عاقل نظر بند سے کہنے لگا — یہ مقدور کیا میری جرات ہی کیا
جو شہ کہا کے کہانیکو دہویا ہے ہات — سہیلیان اوٹھائے ہین جا ہاتھ بات
تب عاقل نے وہ شہ کا جھوٹا اوٹھا — تناول کیا ہیگا دالان مین جب
نظر بند پوچھا کہ عاقل کہان — سہیلیان اولس کھاتا ہے بولیان

جو عاقل نے کھانے کتئین کھا چکا ‌ ‌ ‌ نظر بند کے پاس حاضر ہوا
نظر بند روتا ہوا دیکھکر ‌ ‌ ‌ تب عاقل نے شہ کے گرا پاؤن پر
وہ پھر شاہ کا لیکے آپاندان ‌ ‌ ‌ نظر بند کے تئین کھلایا ہے پان
بہت شہ کے گر ہات اور پاون پر ‌ ‌ ‌ لگا ہے وہ سمجھانیکو سر بسر
نظر بند عاقل سے کہنے ... لگا ‌ ‌ ‌ جہان مین کوئی مرد تیرے سوا
لگایا نہین ہات میرے تئین ‌ ‌ ‌ تیرے ہات لگتے یہ جو مجکو ہین
میرے تئین نہایت ہی لگتا برا ‌ ‌ ‌ بہت دل ہو جاتا ہے بیکل میرا
تب عاقل نے بولا کہ ای پادشاہ ‌ ‌ ‌ لگاؤنگا نین ہات تجھہ کو ذرا
نظر بند کئے وقت کے بعد تب ‌ ‌ ‌ ہے فرمایا اس طور عاقل کو جب
بہت دن سے ابتر ہین باہر کے کام ‌ ‌ ‌ ذرا جا کے دیکھو تمہین اب تمام
تب عاقل بہت خوب کر کر کہا ‌ ‌ ‌ کیا عرض پھر یون کہ ای پادشاہ
وہان سے پری پاس مین جاؤنگا ‌ ‌ ‌ ذرہ نہا کے جامہ بدل آؤن گا

در بیان رفتن عاقل وزیر از حکم پادشہ برائی بندوبست کار خود

یہہ بولا سو عاقل نے باہر گیا ‌ ‌ ‌ خردمند سے اس طرح کہنے لگا
تم اتنے دنون کا میرے تئین حساب ‌ ‌ ‌ دیؤ سہ پہر کے تئین لا شتاب
سبھی لوگ عاقل کتئین دیکھکر ‌ ‌ ‌ کوی خوش ہوے اور جلی کوئی مگر
خفا اوسکتئین دیکھتے تھے مدام ‌ ‌ ‌ خوشی دیکھہ اوسکی کئے یہہ کلام

کہ چھپتا تھا اپنا نظر بند اوسے
خفا اوسکتے تب تھے ہم دیکھتے

دیکھو قید سے چھٹ کے یہ بچیا
خوشی خورمی سات پھرتا ہے کیا

یہ نفرے کا نفرا ہی آخر رہا
عبث چاہا اوسکے تئین پادشاہ

یہ پاجی تو تھا اوسوقت مین خفا
دیکھو قید کے چھٹ تے ہی خوش ہوا

بڑا بے حیا ہے یہ نفرا غلام
یہ آہستہ باتان کیئے وہ تمام

سہیلی جو عاقل کی تھی آشنا
تب اُن آکے عاقل کی لی ہے بلا

کہی جب کہ تو قید مین تھا پڑا
میرا جان تجھہ پاس تھا سب لگا

سہیلی سے مین خیرت پوچھہ کر
بہت غم مین ہو رہتی تھی بے خبر

تب عاقل کہا تم تو ہو میری جان
تمہین فکر مین تو ہے کسکو کہان

غرض اُن نے دربار کا دیکھہ کام
پری کے گیا گھر کتئین نیک نام

در بیانِ رفتنِ عاقل وزیر نزدِ پھولپری

پری نے وہان صدقے لیکر تمام
کھڑی منتظر اوسکی جیون غلام

لے ہاتی وہ گھوڑے اوا اونٹون کتئین
اوتاری ہے عاقل کے اوپر سے وین

اوتاری ہے پھر تو جواہر و زر
اناج اور شالان دوشالے گھر

محل مین جب عاقل ہے جانے لگا
پری آئی ہے اوسکے تب پیشوا

پھر ہنسنے کے باتان کئی ہے پری
وہ بعد ازسے اس طرح کہنے لگی

ملاقات دونون کی ہم دیکھے سب
کھڑے تھے ہمین آنے اوس جاپہ تب

غرض تیری معشوق تجھ سے ملی ۔ پری نے یہہ بولی سو ہنسنے لگی
پری نے کہی اوسکو دے یہ مثال ۔ جو عشق نظر بند مین تھا تیرا حال
اوسی طور تیرا او میرا شال ۔ تون اپنے سر پکا سمجھ سب کا حال
پھر عاقل نے جا کر حجامت لیا ۔ ہے نہا پہنا یک جامہ وہ دوسرا
غرض میوہ اور شربتان وہ بنا ۔ تب عاقل کتین وہ کہلا دی ہے لا
پھر عاقل پری سے یہہ کہنے لگا ۔ نظر بند کو اسمین سے کچھ بھیجنا
کہی خوب اسمین سے بھیجواونگی ۔ یہہ بولی سو کرنے لگی ہے پری
جو پھر لیٹ کر تھوڑا عاقل اُٹھا ۔ وہ جانے کا پھر تو تہیا کیا
پری پوچھی عاقل سے کب آئیگا ۔ پری سے کل آؤن گا عاقل کہا
پری نے تب عاقل سے بولی ہنس ۔ ملی تجھ کو معشوق یہ تجھ کو بس
میرے گھر مین سونے کے گئی رات دن ۔ کہ اب آگئے ہین اور ہی رات دن
یہہ عاقل نے سُن کر پری سے کہا ۔ کہ تیرے طرف سے مجھے یہہ ہُوا
پھر القصہ گھوڑے پہ ہو کر سوار ۔ چلا شاہ کے پاس وہ نامدار
وہ پھر عرض کروا یا ہے شہ کو جا ۔ کہ عاقل وزیر ہیگا حاضر کھڑا
ہمیشہ وزیری سے تھا یہہ خفا ۔ وہ اوس دن بہت خوش ہو کر کہا
سہیلیان نے بولیان نظر بند کو جا ۔ نظر بند بولا کہ لیو .. بُلا
نظر بند کے پاس عاقل گیا ۔ ہے دیکھا نظر بند کتین خفا

تب عاقل نے جادو رسے یہ کہا   لگاتا نہین ہاتھ ہون پادشاہ
مین اب پاؤن پڑتا ہون تیرے تو آ   مگر ذرہ رہ تو میرے پادشاہ
پھر عاقل نے اس طرح کہنے لگا   پری بھیجے میوے تیری تئین ای شاہ
بہت ہین مزے کے سبھی شربتیان   تب اوس خوان کو وہ منگایا ہے وہان
نظر بند تھوڑا سا کہا کر کہا   مجھے بس تمہین کہاؤ اوسکو کہا
تب عاقل کہا کھا کے آیا ہو نہین   سہیلیان کو تب بولا لیجاؤ کہین
یہہ باتو نہین تھے تک خبر شہ کو ہوی   سمن بھی کھڑی ہے سہیلی کہی
تب عاقل ادب سے بہت دور جا   ہے بیٹھا نظر بند کہے لیو... بلا
سہیلی نے لائی سمن کو بُلا   سمن شاہ کو آکے مجرا کیا
سمن کے تئین وہان جو عاقل دسا   وہ دوڑا سو عاقل کے گلے لگا
گلے لگ کے رویا ہے بے اختیار   کہ جس طرح سے برسے ابر بہار
سمن پھر نظر بند سے کہنے لگا   کہ تم جاکے لائے ہوا ہی بھائی کیا
نظر بند بولا کہ ہان مین گیا   سمن بولا مین بھائی اب خوش ہوا
سمن سے پھر عاقل نے کہنے لگا   کہ مین آج کا دن بہت خوش ہُوا
تمہارے یہہ آنیسے ہوی مجکو صید   بہت بات کی ہے تیرے تئین امید
سمن بیٹھا پھر شاہ کے پاس جا   تب عاقل نے دربار اوٹھ کر گیا
جو بولا تھا لاؤ حساب و کتاب   وہ سب جاکے دیکھا ہے سارا حساب

سمن یہان نظر بند سے کہنے لگا
کہ نرگس پری کا لگا کیا پتا
وہ آیا تو پوچھو کہا بادشاہ
بھی دربار کے کام عاقل نے کر
سمن نے یہہ عاقل سے کہنے لگا
تب عاقل سمن کو یہہ بولا ہی ہنس
کہ اپنے کو نین کام معشوق سے
تمہارے تئین کام نین کچھہ ذرا
یہ عاقل نے دیکھا کہ شہ نے ہنسا
تب عاقل سمن کو کہا بار بار
بھی کئی وقت بعد از سمن گھر گیا
تب عاقل نے سمجھایا جا شہ کتئین
وہ خاصہ کے پھر وقت ہی جب ہُوا
کیان اطلاع وہ سب عاقل کو آ
نظر بند بولا کہ لیو .... منگا
وہولایان سہیلیان نے آشہ کا بات
نظر بند کھانیکو کہا کر اوٹھا

کہ ای بھائی عاقل کتئین پوچھنا
ہوی جاکم تو پوچھتا ہون ذرا
سمن اپنی دلہین بہت خوش ہُوا
نظر بند کے پاس آیا ہے سر بسر
کہ نرگس پریکا لگا کیا پتا
عجب عشق ہیگا تمہارا تو بس
مگر پوچھتے ہو تمہین ہر کسے
نظر بند یہہ سُن سکے ہنسنے لگا
پھر اوس بات کے تئین وہ رنگین بنا
وہ دونو نین باتان ہوئے بے شمار
نظر بند پھر رونے کے تئین لگا
لگایا ہے دل شہ کا باتون مین مین
سہیلیان نے کہا نالے آشام کا
نظر بند کو آکے عاقل ... کہا
ہے تب خاصہ آکے سب حاضر ہُوا
رکھیان ہین وہ کھانے کی آہاتی بات
تب عاقل نے کہایا اولس لے کے جا

غرض وہ رات بھی اس طرح سے کٹی ‏ — کہ جس طرح اوّل کی شب گذری تھی
یہہ معمول ہر روز عاقل کا تھا ‏ — کہ شہ کے تئین صبح خاصہ کہلا
اپلے بہی اولس لے کے کھاتا تھا وہ ‏ — بھی بعد ازان سے دربار جاتا تھا وہ
پری پاس دو پاس کو جاوے وہ ‏ — بہی شہ پاس ہر وقت رہتا تھا وہ
یہہ جب شاہ کو دیکھتا تھا خفا ‏ — تو سمجھاوے ہر طرح سے اوسکو جا
نظر بند کے آوے جب کہہ سمن ‏ — تب عاقل تہا جاتا کہین ہر کدہن
یہہ معمول اوسوقت باندہے گیا ‏ — مگر رہتا تہا پہلے عاقل خفا
یہہ عاقل مین اتنا تفاوت ہُوا ‏ — جو پہلے خفا تہا سو اب خوش ہُوا
نظر بند دربار جاتا نہ تھا ‏ — کیا قید جس دن سے عاقل کو تہا
تھا عاقل سبھی کامون کو دیکھتا ‏ — نظر بند تھا نام کا پادشاہ

در بیان ہمیشہ مکدّر بودن نظر بند و فہمانیدن عاقل وجواب و سوال عاقل و سمن و خندیدن نظر بند

اِسی طرح کئے دن گئے مہینے جب ‏ — سمن ایکدن شہ سے بولا ہے تب
کہ ای بھائی نرگس پری کا پتا ‏ — تم عاقل سے پوچھو برائے خدا
نظر بند نے تب سمن سے کہا ‏ — بہت خوب عاقل سے مین پوچھونگا
جب عاقل نے آیا ہے دربار سے ‏ — سمن پوچھنے کو لگا ہے اوسے
ذرا حال نرگس پری کا کہو ‏ — تب وہ ہنسکے بولا کہ یہ خوب ہو

تم عاشق تو بیٹھے ہو آرام سے — بھی معشوق کو کوئی ڈھونڈا کرے
یہہ سنکر نظربند ہنسنے لگا — کہا ہیگا عاقل اوسے پھر پھرا
سمن نے گیا وقت پر اپنے گھر — اوسی طور وہ رات گئی ہے گذر
وہ شب جاکے جب دوسرا دن ہوا — تب عاقل نظربند کو دیکھا خفا
یہہ سمجھانے کے تئین لگا شہ کو جا — عجائب حکایات کرنے لگا

بیان کردن عاقل سرگذشت خود در ضمن حکایات پیش نظربند بطور خوش طبعی

لگا حال نرگس پری بولنے — لگا راز دل شاہ سے کھولنے
کہا اژدہا مار بعد از ستی — گیا ہت مین مجکو ملی یہہ پری
مجھے دیکھکر اُس نے عاشق ہوی — مجھے اپنے وہ گھر مین رکھنی لگی
بھی یکدن نھانے کی لی ہے رہنما — کہی دیکھہ پھرکر مجھے جا بجا
پھر ایک کوٹھری کھولیو مت کبھی — مین جا پچھلے کھولا وہی کوٹھری
مین دیکھا کہ جھولا ہے اوس جائے پر — ہے یک اوسمین بیٹھی زن خوبتر
یہہ ہے طوق زنجیر در دست پا — حفاظت لئے لوگ تھے اوس جگا
مجھے دیکھہ سارونے غش کھا گیان — بہت اپنے دلمین وہ غش کیان
گلاب اوس کے جھولے کی نزدیک تھا — مین اوس قیدی عورت پہ چھڑکا ہو بجا
تب اُن ہوش مین اپنی آئی ہے — لگا اوسکا احوال مین پوچھنے

کہی وہ میرا نام نرگس پری — نہین بھولن گی مین کچھہ اے پری کہا کہی
یہہ سنکر مجھے یاد آیا تمام — سمن اوس پری نے لیا تھا جو نام
اونے میرے سے قصہ کہنے لگی — کہ مین ایک خاکی پہ عاشق ہوی
کہ اوسکا سمن شاہزادہ تھا نام — یہہ سنکر مری اقربا جل تمام
بہن پاس مجکو دئے وہ بہجا — بہن اس طرح قید مجکو کیا
پری پھول کو جا کئے کوئی خبر — وہ آئی ہے نہانے کو موقوف کر
مین دیکھا پری کے جو آنے کیتئین — یہہ نرگس پری سے نے بولا بہین
کہ تو اپنی خاطر جمع رکھہ سدا — سمن شہ کے پاس ہمارے کہا
مگر مانگ تو رب کے پاس یہ دعا — بر آوے گا میرا اگر مدعا
مین عاشق سے دیونگا تیرے ملا — کہی مجکو نرگس پری نے پھر آ
کہ تو ہیگا موگرمال کا پادشاہ — تیرا شاہ اور کون ہے دوسرا
یہہ سن بولا عاقل نے اوسکے تئین — قریب آ بہن تیری پہنچی یقین
پھر اتنے مین پونچھی ہے آ پھول پری — بہت غصہ سے بہن پہناتی ہوی
بلند کرکے آواز مجھہ سے کہی — کہ مین منع کتی تیرے تئین نہین گئی
ہے پھر کیا سبب کھولا تو اوس کو جا — کہا مجکو معلوم ہرگز نتھا
مین سمجھا کہ وہ حجرہ ہے دوسرا — اگر یہہ سمجھتا تو نا کہولتا
جو اس طرح اوسکا پتا ہے لگا — مین یہہ نقل حضرت سے اب ہون کہا

نظر سید یہہ عاقل سے سنکر کہا — وہ ملنا سمن سے ہی دشوار تہا

تب عاقل کہا سچ کہ مشکل ہی تہی — مگر ایک تجویز اوسکی ہے یہی

اوسے آپ کی خاطر اب ہے زیاد — اوسے حضرت کے دل کو کریگی وہ شاد

مین اب اوسکو دیتا ہون جا کر جتا — کہ شاہ آیا تو اوسکو مت کر خفا

یہہ سنکر نظر سید ناخوش ہوا — اور عاقل کو بولا ہے ہو کر خفا

کہ باہر تو ہرگز مین نہین جاؤنگا — یہہ سن بولا عاقل برائے خدا

یہہ کیا بات کرتے ہین حضرت آج — سواری چلو دہوم سے پہن تاج

غرض شاہ نے سنکے یہہ چپ رہا — کہ چپ رہنا بیشک ہے آدہی رضا

تب عاقل نے پہر اپنے معمول پر — چلا گہوڑے پر چڑہ کے وہ اپنے گہر

پری سے یہہ عاقل نے کہنے لگا — نظر سید تیرے گہر کو کل آئیگا

میرا شاہ ہیگا بہت مضمحل — کسی بات سے اوسکو مت کر خجل

بہت اوسکے خاطر لے آ تو بجا — کسی طور مت کر تو اوسکو خفا

جو کچہہ وہ کہا سو تو سن اوسکی بات — برائے خدا تون یہہ سن میری بات

پری بولی وہ کیا ہے سو بولدے — نظر سید جو پوچہیگا میرے سے

وہ بولا اگر بولونگا مین تجہے — یقین سے تو غصہ کریگی مجہے

اگر شرط کرتی ہے تو میرے سے — مفصل کہونگا مین تب تیرے سے

پری نے خدا کی قسم کہائی ہے — پہر عاقل کے سر کی قسم کہائی ہے

که مین تجهه کو غصه کرونگی نهین — جو کچهه هے سو تو بول دے میرے تین
تب عاقل نے دل مین ڈرا بولنے — پری بولی نا ڈر کے تو بولدے
قسم رب کی اور مین تیری سر کی کهائی — بدی نا کرون کی تیرے سے کبهی
تب عاقل نے بولا میری شاه نے — تیرے گهر کو آتا هے اس واسطے
که نرگس پری کے چهڑنے کتئین — سمن سے تی نسبت کرانے کتئین
پری نام نرگس پری کا سنی — سے غصه سے بیهوش وه هوگئی
پری نے پهر عاقل سے بولی هر وین — که نرگس پری نامی مجهه پاس نین
پری سے تب عاقل نے کهنے لگا — تجهے یاد کیا وه نهین ماجرا
که جس دن نهانے کیتین تو گئی — مجهے کوٹهریان سارے کهولو کهی
تو بولی تهی مت کهول اک کوٹهری — مین کهولا هون جا کوٹهری کو وهی
تو سنکر خبر یهه نهانے کو چهوڑ — میرے پاس آئی هے غصه سے دوڑ
پری سے وه قصه گذشته کها — پری سن کے بولی هے یه ماجرا
که وه تو کسی اور سے هے لگی — تب عاقل نے هنس کر کها از پری
اوسی کا وه معشوق هیگا سمن — بهت خوب هے آدمی گلبدن
پری اتنے مین آپ کهنے لگی — یهه تحقیق بولے بزرگان سبهی
که بیٹی کا هونا بهت هے خراب — یهه مر جائے تو خوب هیگا شتاب
تب عاقل پری سے یهه کهنے لگا — مین اک بات کهتا هون سن تو ذرا

که مین اور تو کون ہے بولدی ۔۔ ذرا رازِ دِل میرے سے کھولدی
پری سُنکے یہہ بات ہسنے لگی ۔۔ اور عاقل سستی پھر یہ کہنے لگی
میرا غصہ ایک بات مین تو اُتار ۔۔ میرے تئین ہنسایا ہی بے اختیار
تیری مجہہ کو خاطر بہت ہی بڑی ۔۔ قبولی یہہ مین تیرے خاطر سستی
مگر جب کہے یہہ نظر بند مجھے ۔۔ مین تب یہہ کہونگی نظر بند سے
مین خاطر سے تیری قبولی یہ بات ۔۔ مگر میری نسبت کر عاقل کے سات
اگر تو یہ مانے میرے بات کو ۔۔ تو تب مانونگی مین تیری بات کو
که بولونگی مین یہ نظر بند کے سات ۔۔ وگر مین تو مین نا سنونگی یہ بات
ہوا ہیگا لاچار عاقل نے جب ۔۔ وہ ناخوش ہو راضی ہوا ہیگا تب
پری بھی بہت خوب کر کر کہی ۔۔ تب عاقل نے شرط اوس سے مضبوط کی
ذرا کر تو موقوف اب یہان کا حال ۔۔ نظر بند کے دربار کا بول حال
بہت دن سے باہر جو شہ آئے نئین ۔۔ لگا ہے بُرا یہہ تو سارون کتئین
کہے دلمین عاقل نے کچہہ ہے کیا ۔۔ جو نئین شہ کو باہر نکلنے دیا
یہہ رہتا تھا پہلے ہمیشہ خفا ۔۔ که جب یہہ چھٹا قید سے خوش ہوا
یہہ اوس سے ہمین اب تو معلوم ہُوا ۔۔ که یہہ دام مین اپنے شہ کو لیا
یہہ ہم بھیجنا شاہ کو سب پیام ۔۔ زبان پر ہمین کس کا لانا نہ نام
تب وہ اہل دربار مل کر تمام ۔۔ کئے اِس طرح شاہ کتئین پیام

نکلتے نہین آپ باہر سو کب — بہت اس سبب ہمکو لگتا برا

نہ دیکھا آپ کو ہم تو اندھے ہوئے — ہمارے پرے حال سب کے ہوئے

اب حضرت قدم رنجہ فرمائیے — سر دشمنان کنجہ فرمائیے

ہمارا جو جان ہے نکل کر گیا — کہ حضرت کے آنے سے پھر آئیگا

سہیلی یہہ بولی ہے جا شہ کہتین — یہہ فرمائے سن شاہ سہیلی کہتین

میرے طرف سے بول جا سب کہتین — مین اس واسطے باہر آتا نہین

کہ رہتی ہے سست اندنون مزاج — نہین سر پہ رکھہ سکتا ہون اپنے تاج

مین تھوڑے دنون مین بفضل خدا — رہو جمع خاطر کہ مین آؤن گا

سہیلی کہی جا کے شہ کا پیام — یہہ سنکر سبھی چپ رہے خاص عام

اب عاقل کے احوال کو بول تو — یہہ مطلب ہے ڈھانپا ہوا کھول تو

بھی پھر وقت پر اپنے عاقل نے آ — پری کے چلو گھر کو شہ کو کہا

یہہ ناخوش ہوا سنکے تب بادشاہ — رضامند کچھہ نارضامند ہوا

وہین عاقل نے دربار مین تب گیا — سواری کی شہ کی تیاری کیا

بڑی دھوم سے اور بڑی شان سے — بڑی ایک حکومت وہ فرمان سے

دیا ہیگا عاقل سبھونکو پیام — سحر سے آ حاضر رہو تم تمام

شہنشاہ کل ہوتے ہینگے سوار — سب حاضر رہو آ صغار و کبار

اور عاقل نے یہہ حکم اوس دن کیا — کہ دربار برخواست ہو آج کا

پھر عاقل کہا شاہ کے پاس آ
سواری کی ہے سب تیاری کیا

نظر بند تب ہو کے ناخوش کہا
مجھے جانا اوّل مناسب نتھا

تو چلتا ہے لیکر مجھے خواہ مخواہ
تو سُن بات میری کہا پادشاہ

سواری مجھے ہو جہاں ڈول کی
چھوٹے اوسپہ سب موتیونکی لڑی

یہہ عاقل نے سُن شہ سی کہنے لگا
تمہیں کیا خیالات ہے پادشاہ

یہہ حضرت کے طوران مناسب نہیں
نہ کرنا یہہ کاہان مخصوصاً تمہیں

بہی مین تابع امر ہون آپ کا
کرون لگا ہین جیسا کہیہ پادشاہ

سمن یہہ خبر سُن کے جلدی سی آ
کہان جاتے ہو شہ سے کہنے لگا

تب عاقل سمن سے یہہ کہنے لگا
کہ نسبت تمہاری کے تئین پادشاہ

پری پاس تشریف لیجاتے ہین
قدم اسلئے رنجہ فرماتے ہین

سمن سنکے یہہ بات تب خوش ہوا
وہ پہر شہ سے اس طرح کہنے لگا

مجھے بھی چلو لیکے ای بھائیجان
تب عاقل نے بولا ہے ای مہربان

تمہارے لئے جاتے ہین پادشاہ
تمہین چلنا نہین ہے مناسب کہا

سمن سے نظر بند بہی وہ کہا
سمن سے تی عاقل نے بولا جو تھا

یہہ سنکر سمن تو گیا اپنے گھر
گئی سے پہر رات جب کہ گذر

تب عاقل نے جلدی سے ہوشیار ہو
گیا آکے بیدار وہ شاہ کو

کہا شہ کو ہے سب سواری تیار
چلو جلدی سے ای شہ نامدار

سو شہ نے بڑی جلدی ہوشیار ہو — چلیا پہن کپڑے وہ منھہ ہاتھہ دہو
وہ لے ہاتھہ مین دہوپ باہر چلا — کئے شہ کو مجرا سب ارکان آ
اور عاقل سے یہہ شاہ کہنے لگا — مہاڈول نزدیک لیؤ منگا
کہ چلنے کی طاقت نہین ہے مرے تئین — مہاڈول آخر منگایا ہے وین

در بیان سوار شدن نظر بند پادشا با تجمل تمام برائے نسبت سمن و نرگس پری ہمشیرہ پھولپری

شہنشاہ مہاڈول پر ہو سوار — چڑھایا ہے اوسپر سے موتی کی ہار
بھی گھوڑے پہ عاقل ہوی ہین سوار — ہوے شہ کے ہمراہ صغار و کبار
غرض صبح ہوتے نظر بند گیا — پری کے جو گھر جا کے داخل ہوا
پری کے محل مین گئے شاہ جب — پری آئی ہے پیشوائی کو تب
پری نے نظر بند کے تئین لیجا — دئی تخت پر شاہ کے تئین بٹھا
پری بیٹھی ہے تخت پر اپنے جا — بھی بیٹھا ہے کرسی کو عاقل منگا
پری شکر لائی ہے شہ کا بجا — میرے بات کا پاس تم جو رکھا
تمہین قید سے چھوڑی عاقل کے تئین — کئے ہینگے احسان مجھہ پر یقین
نظر بند اوسکا دیا پھر جواب — وہ دونون مین باتا ہوی بیحساب
بھی جب خاصے کا شاہ کے وقت ہوا — پری شہ سے بولی کہ ای بادشاہ
کہ خاصہ ہے تیار حاضر تمام — تناول کرو چل کے ای نیک نام

پری کی یہ سن بات شہ نے اٹھے
وہو لایاں سہیلیاں نظر بند کا تات
وہ دونو نے کھانیکو جب کہا چکے
تب عاقل نے بیٹھا ہے کھانیکے تیئں
وہ پھر وہاں سی عاقل نے باہر گیا
پری اور نظر بند مین باتان ہوے
کہ اک بات کہنے کو آیا ہوں آپ
یہی تم شرط مضبوط مجھسے کرو
یہہ ناچ موقوف کرواؤ ابھے
پری بولی تم سے نہین کچھ زیادہ
پری نے کہی عاقل سے اول سنا
کبھی مانگ تو میری وہ ات کتئین
نظر بند سنکر کہا پھر اوسے
یہ عاقل کی سر کی قسم کہائے تو
پری نے یہ تب سنکے کہنے لگی
اگر جان بھی تم منگوگے بہم
تم ایسے کی مجھکو قسم ہے دیا

پری کا پکڑ ہاتھ شہ نے چلے
ہے بیٹھی پری تب نظر بند کے سات
وہ پھر تخت پر اپنے اوٹھ کر گئے
گیا کھانیکو کھاکے شہ پاس وین
پری پاس پھر ناچ ہونے لگا
نظر بند پری سے یہ کہنے لگے
اگر تم وہ سنکر برا مانے .. نین
تمہارے بسے بولونگا تب بات او
وہ مجلس کو خلوت سے بنوای ہے
جو مانگے سو تم دی کرون تمکو شاد
او بیٹھی تھی اپنے کو انجان بنا
یہ پہلے ہی لیوا اوسکو بولی تھی ہین
اگر تم خدا کی قسم کہاؤگے
مین بولونگا احوال تب تم سنو
کہ تم سے زیادہ نہین کچھ کہی
مین حاضر کرون گی خدا کی قسم
بلا عذر وہ کام کرنا پڑا

نظر بند نے یہ پری سے کہا
مگر ایک نسبت مجھے کرنے کے تئین
پری تب نظر بند سے کہنے لگی
نہ اولاد مجھکو کہی نا تیرے تئین
نظر بند پری سے یہ کہنے لگا
پری بولی اور کس کی ہے تم کہو
تمہاری جو نرگس پری ہے بہن
زبانی تو عاقل کے یہ تھی سنی
کئے وقت کے بعد بولی پری
مین اس واسطے یہہ قبولی ہون بات
پری پھر نظر بند سے کہنے لگی
یہہ دیکھا تھا جو قید مین اوسکے تئین
پری نے نظر بند سے کہنے لگی
جو تم بولے سو بات ہے وہ بڑی
نظر بند بولے کہو میرے سے
پری یہ نظر بند سے کہنے لگی
گر عاقل سے میری تو نسبت کرے

کہ جان کو تمہارے ہے حافظ خدا
یہ گھر مین تمہارے جو آیا شہزادہ
کہ وہ کس کی نسبت کہو تم ابھی
ہے پھر کس کی انسبت کہو سے تیرہ
کیا نسبت نہیں اور اون کے سوا
نظر بند بولا کہ اب تم سنو
سو نسبت کرو اوسکی تم از سمن
کہا لکھہ دیو ایک خط تم مجھے
نشانیان کرا لاؤ تم سارون کے

غرض لکھنے پر سارے رضی ہوے
منگا کر قلمدان کاغذ لکھے

سلیمان نبیؑ کو وہ لے درمیان
لکھے ہینگے کاغذ بمہر و نشان

خیال انکو نرگس پری کا تھا
وہ سمجھے کہ کچھ خیر ہے مانگتا

نشانیان کے تئین کردئے وہ تمام
نشانیان جو سب کر چکے خاص و عام

پری کے پدر اور مادر کے تئین
کہا آؤ نزدیک کہتا ہون مین

پھر پری کے پدر کا وہ پکڑا ہے دست
پھر وہ چھین ڈال ہاتھہ کو نیک بخت

پری کے وہ مان کا پکڑلے ہے ہات
لگا اُن سے کہنے کو اسطرح بات

کہا تم میرے مان ہو یہ میرے باپ
سنے جی جو مین بولتا ہون سو آپ

وہ جو نرگس پری کا کیا تہا سخن
وہ سن سن کے سند ہو گئے سبھی مرد و زن

گئے وقت کے بعد پھر یہ کہا
کہ اب فائدہ ناخوشی کا ہے کیا

تمہارے پیسے کا غذ لیا مین لکھا
نہین تو مجھے کہا دُیا دیو چلا
سمن کا پھر اُن سارا قصہ کہا
پڑی اوسکو اُمید ہیگا...... دیا
غرض ابتو جو کچھ ہُوا..سو.... ہُوا
وہ لاچاری سے ساری راضی ہوئے
تب عاقل نے مصری کو جلدی منگا
تب عاقل کے تئین سارے کہنے لگے
کوئی چیز منگتا ہے ہم سمجھے تھے
تب عاقل نے پھر اُن سے کہنے لگا
تب عاقل کے تئین سارے کہنے لگی
پھر عاقل نے اُن سیتی رخصت ہُوا
پری سے تب عاقل نے کہنے لگا
پری اُسکی عاقل سے کہنے لگی
بلائے ہمارے تئین کیا سبب
تیرا نام لے ٹال دی اُن کے تئین
شروع تم کرو جب کہ دل چاہئے

سلیمان نبیؑ درمیان ہین کہا
نہین کام کردیو برائے خدا
پھر اُن بولا اوسکو رکھا پادشاہ
زبان اوس سے ہارا مین از ابتدا
خوشی سے کرو میرا تم مدعا
وہ ناخوش ہو کر بارے راضی ہوئے
وہ ماں باپ کے تئین کہلایا لے آ
کہ یہ بات ہمتو نہین سمجھے تھے
خیال اوسکا ہرگز نہین رکھتے تھے
کرو شادی کی تم طیاری کہا
کہ ہم سارے طیار ہین سب کہے..
پری دیوڑی مین ملی اُس سے آ...
میرے تئین بچایا خدا نے کہا
یہ جب آئے پوچھے ہین مجھ سے کبھی
کبھی ہو نہین لیکر تیرا نام تب
وگرنہ تو تھی سخت مشکل مین ہین
خبر ہمکو اوس روز کردا ئے ::

پری بولی شادی شروع اب کرو — تب عاقل نے بولا کہ مختار ہو
پھر عاقل نے رخصت پری سے ہوا — نظر بند کے پاس وہان سے گیا
سبھی جو کہ گذرا کہا ماجرا — نظر بند سنکر ہوا - کہا برا
کہا شاہ سمن سے کہیں پایا کہ نہین — تب عاقل کہا نہین ملا اوس سے ہین
نظر بند سمن کو بلاؤ کہا — سمن آکے جلدی سے حاضر ہوا
مخاطب سمن سے ہو شہ نے کہا — کہ اب آج تئین کو بچایا خدا
تب عاقل سے شہ نے کہو سب کہا — جو کچھ تم پہ روداد سارا ہوا
تب عاقل سمن سے یہ کہنے لگا — کہ معشوق صاحب کی ہوی اب روا
ایتے دن سے تہی قید مین وہ پڑے — مقید ہو کر طوق و زنجیر سے
اب آسان ہوی اوسکی مشکل برے — یہ سنکر سمن نے لگا ہے گلے
وہ عاقل کے اول گلے کو لگا — قدم پر نظر بند کے بعد از پڑا
کہا تم جو دونون کے صدقے ستی — میرا کام اب تو بنا ہے سبھی
نہین تو پریا کان تہا اور کان تہا ہین — نہ برآتی امید یہ میرے تئین
ذرا مجھکو امید ہرگز نہ تھی — تمہارے سبب سے ہوا یہ سبھی
سمن نے پھر عاقل سے کہنے لگا — کہا نرگس پری قید مین تھی کہا
کہا طوق و زنجیر مین تھی پڑی — خبر یہ میرے تئین نہین تھی ذری
یہ سن بات عاقل نے ہنسنے لگا — پھر اکر سمن کو جواب یہ ..... دیا

که هم عاشق ایسا نه دیکھے کہین — خبر جسکو معشوق کی کچھ نہین
که نا قید کی اوسکے تم کو خبر — رہائی کی اوسکے نه تم کو خبر
کرے جا کے محنت کوئی دوسرا — که معشوق خود کو ملے مفت آ
نه یه عشق هم دیکھے کہین درجہان — یه نادر تماشا ہین دیکھے یہان
نظر بند بھی یه سن کے ہنسنے لگا — پھر عاقل نے ہنسنے کے باتان کیا
گئے وقت بعد از سمن گھر گیا — نظر بند عاقل سے کہنے لگا
ہے کیا دیر سامان ہے سب تیار — کرا دیو شادی شروع ایکبار
تب عاقل نے یه شه سے کہنے لگا — نہین دیر ہے واقعی کچھ کہا
که جس دن کہینگی میرے پری — شروع ہوگی شادی اوسی دن ستی
که دوے طرف بھی نہین کچھ تیار — پری کی تھی میرے تئین انتظار
گئے روز اس طرح سے جب گئے — تب عاقل سے عرض آکے عامل کئے
سرانجام شادی کا ہے سب تیار — کوئی چیز کی اب نہین انتظار
یه عاقل نے سنکر بہت خوش ہوا — وه انعام سارون کو دلوا دیا
پری سے تی عاقل نے بولا ہے جا — شروع شادی کرتے ہو تم کب کہا
پری نے ہمین دیر کچھ نہین کہی — تمہارے سیتی دیر تھی سب یہی
ہے شادیکی بات وه تقرر کیا — اوسی روز سنجه مقرر کیا

در بیان سنجه نرگس پری و سمن شاهزاده شروع شادی

پری جا کے نرگس پری کے تئین ۔ بٹھائی ہے منجہ مہلا اوسکی تئین
پھر عاقل نظر بند سے جا کہا ۔ نظر بند یہہ سنکے چپ ہو رہا
تب عاقل سمن کو کہا ہے بلا ۔ کہ دولہن کو منجہ بٹھائے ہین جا
سمن اپنے مان باپ سے جا کہا ۔ بٹھائے سمن کو پہر منجہ لیجا
لگے خلعتان بٹنے سارون کے تئین ۔ کہ تورے بھی بٹنے لگے ہین ہین
بھی ہر روز ہونے لگا ناچ و رنگ ۔ لگا جشن ہونے وہان رنگ برنگ
نظر بند شادی مین آیا نہین ۔ مین بہار ہون بول وہ سب کے تئین
سوا اوسکے آتے تہے سب پادشاہ ۔ بہت دہوم سے بیاہ ہونے لگا
پری بھی بہت دہوم سے آئی ہے ۔ جو کچہ رسم مہندی تہا سو لائی ہے
شہر گشت کی جب کہ آئی ہے رات ۔ پری پھول بولی ہے عاقل کے سات
نظر بند جب تک نہین آئیے گا ۔ یہ جلوہ نہ ہرگز کیا جائیے گا
بہلا شادی مین آیا نین پادشاہ ۔ کیا جلوہ کے دن بھی نہین آئیگا
وہ آئے سوا جلوہ ہونیکا نین ۔ تیرے کان کے تئین تو کہولی ہو تمیز
تب عاقل پری سیتی کہنے لگا ۔ سوا اوسکے آئے نہو گا کہا
نظر بند کو جا کے سمجہاؤن گا ۔ پری نے پہر عاقل سے کہنے لگا
پھر عاقل پری سیتی رخصت لیا ۔ نظر بند کے پاس وہان سے گیا
پری جو کہی تھی سو شاہ سے کہا ۔ کہا فائدہ نین ہے اب پادشاہ

یہ سب کام تیرے طرف سے ہوا — نہ جانے سے تیرے اٹک جائے گا

کہ یہ کام تو چل کے دے انصرام — ثواب اوسکا اور دنیا مین نام

یہ بدنامی ہے گھر مین تو بیٹھنا — تو چل سب کو خوش کرکے پھر بادشاہ

غرض شاہ نے نیم راضی ہوا — تب عاقل سمن پاس وہان سے گیا

تمہین کیون تو بھی چلکے اب شہ کے تئین — کہ راضی کرو چلنے اوس مہ کے تئین

یہ سن کے سمن نے ہوا گھبرا — وہین پالکی ان نے اپنے منگا

وہ لوگان ستی اپنے تئین کو چھپا — نظربند کے گھر مین اترا ہے جا

گیا ہے خبر وہ جو پھر شہ کے تئین — بلاؤ کہا شاہ نے حسن کے دینا

گیا سو پڑا شاہ کے پاؤن پہ جا — کہا میرے خاطر سے ای بادشاہ

کہا میری مشکل کو آسان کرو — تمہین چلکے میرے پہ احسان کرو

یہ شادی تمہارے طرف سے ہوی — نہوتے تم یہ نہوتی ..... کبھی

سرافراز تم چل کے کرنا مجھے — یہ سن کر غرض شاہ راضی ہوے

سمن شہ سے سن کر بہت خوش ہوا — وہ پھر گھر کے تئین اپنے وہان سے گیا

تب عاقل کے تئین یون بھیجا ہے وین — کہ راضی ہوے شاہ آنے کے تئین

اور عاقل نے بھی سن کے یہ خوش ہوا — وہ پھر بادشاہ پاس گھر سے گیا

جو بیٹھا تھا تب فکر مین بادشاہ — تب یہ دیکھ عاقل نے شہ سے کہا

کہ کس فکر مین آپ ہین آج تو — کہ مت فکر مین اپنے دلکو رکھو

پھر عاقل کے تئیں پادشاہ نے کہے
پھر عاقل کو آنا سمن کا کہا
اوٹھ عاقل نے پھر وہاں سے باہر گیا
غرض شب ہوے دن گیا ہے گذر
شہر گشت کے تئیں جو دولہ چلا
لگے مشعلاں تھے بہت بے حساب
اناراں لگے چھوٹنے اور مہتاب
بڑے دھوم سے اور بڑے ٹھاٹ سے
کہ جب دو گھڑی پچھلی باقی تھی شب
جو کچھ رسم کرنے کے تھے سو کرے
پھر عاقل نے شہ پاس وہاں سے گیا
کہا شاہ طاوس میرا ... منگاؤ
تب عاقل نے بولا کہ ہے وہ تیار
بھی پوشاک شہ کا تب عاقل منگا
کہ جدید کپڑے پہنے ہیں سب پادشاہ
اوتھا دھوپ کو ہاتھ میں شہ لیا
تھی اوس روز لوگاں پہ شہ کی خوشی

طیاری کرو چلنے کی یہ میرے
سنجا نے سر کیا تب عاقل سنا
سواری کی شہ کی طیاری کیا
ہوا شمس باطل و تاباں قمر
بڑے دھوم سے گھوڑے اوپر چلا
چلا سوئے دلہن ہو دولہ شتاب
لگے بان چھٹنے کے تئیں بیحساب
خوشی خرمی اور ارمان سے
وہ دلہن کے گھر دولہ پونچا ہے تب
مگر ایک جلوے کو باقی رکھے
کہا شاہ کو چلئے ای پادشاہ
بھی موتیاں کی جھول اوسکے اوپر ڈلاؤ
منگایا ہے کپڑوں کے تئیں شہر یار
کہا پہنو جلد ییسے ای پادشاہ
وہ ہر چار قب ہے پنہایا ... منگا..
وہ بیٹھا ہے طاؤس پہ اپنے جا
گویا عید وہ ساروں اوپر ہوئی

غرض شاہ سب آ ہوئے ہین سوار
پری کے جو گھر پونچا ہے پادشاہ
کہ مردانہ ہے گھر کے اندر چلو
محل ہین جو گئے عاقل و پادشاہ
سبھی جن و انس اوسکو تعظیم دے
بڑے سمجھے ہین اوسکو یہان دیکھکر
پچہانیان سو اوسکو ہویان گہاریان
نظر بند تو یہ نہین ہے ..... مگر
یہ تو ہمکو سمجھاتے کے تئین
ہین اس وقت نہین کہہ سکون گی کہی

پری شان حشمت چلا ہے سوار
تب عاقل نظر بند کے تئین کہا
تمہاری ہی رہ دیکھتے ہین سب او
دیئے اوسکو تعظیم سب پادشاہ
ملاقات سب اس سے آکر گئے
چقو نہین سے اوسکو پریان دیکھکر
بلا پھول پری کو وہ کہنے لگیان
کہ زن ہیگی اس بہیس مین سربسر
پری ہنس کے بولی ہے ان سب سے وہین
ہاین اس وقت اپنے پرائے سبھی

در بیان جلوہ سمن شاہزادہ و نرگس پری

غرض وہان سے بیٹھا نظر بند آ
بھی طیاری جلوہ کی ہونے لگی
سمن کو پوچھائی پری پھول وین
سمن نے یہ پیغام سنکر کہا
میرے بھائی عاقل نظر بند کہا
پری سے کے بھجوائی دلہن کے تئین

سبھی پادشاہ بیٹھے ہین جا بجا
پری پھول دولہن کو لانے گئی
کیا سب رو برو لاؤن دولہن کتئین
ہے نامحرمان کوئی نہین سمجھگا
نہین پردہ کرنا ہے ان سو روا
وہ تب رسم جلوہ کئے ہینگے دین

کہ جب رسم سارا ہوا ہے ادا — لگے رونے تب لوگ واں غل مچا
لگے رونے دولہن کے لوگاں تمام — بڑے چھوٹے لوگ اور سبھی خاص و عام
دیئے منہ دکھائی سبھی بادشاہ — جواہر بھی پیسے و نقرہ طلا
وہ مقدور اپنے موافق دیئے — ہر ایک پادشاہ یہ تواضع کیے
بہت کچھ ہوا ہیگا وہ در حساب — وہ لکھنے ہیں آتا نہیں در کتاب
وہ پھر سارے مردوں کو رخصت کیے — نظر بند عاقل کو بیٹھو کہے
ہوئے روبرو ان کے سب پریاں — اونھوں کے تئیں دیکھکر خوش ہویاں
جو دیکھے نظر بند عاقل کے تئیں — زمیں پہ گریاں ہنگیاں غش کھا کوین
پری پھول چھڑکی ہے لاکر گلاب — جو ہشیار اُن کو کئی ہے شتاب
پریاں نے غرض اُن کو رخصت کیاں — وہ دولہن کے تئیں کو بھی رخصت کیاں
کہیں دولہا نے ایکبار دولہن کو چلا — وہ گویا ہے بلبل چمن کو چلا
نظر بند اپنے گیا گھر کے تئیں — گھرن کو گئے ہیں سبھی لوگ وین
غرض وہاں سے دولہ بنی اپنی لے — بہت شان سے گھر کو پہنچا ہے
وہاں رسم جا کر کئے ہیں ادا — سولائے چھپر کھٹ پہ دلہن کو لا
لے آدولی کو چھوڑے ہیں اوسجگا — سہر کر گئے ہیں پھر لوگ سب جابجا
سمن مستعد ہو کے تب اختیار — چلا ہیگا وہ پر سر کاروبار
یہ حالت کے تئیں دیکھ نرگس پری — بہت اپنے دل میں ہوئی گھابری

سمن جا کے دولہن سے لٹ پٹ ہوا — وہ دونوں میں اوس وقت جھٹ پٹ ہوا

بھی دولہ نے دولہن کا شلوار بند — لگا کھول پانے کتئیں کو آنند

وہ انندہ ہوتی کے تئیں کو سمن — کیا چھید الماس سے بے سخن

ہوا لعل وہ لولوئے بے بہا — جو کچھ ہوتی تھی مستوری اوسے جگا

پریاں جا بجا سیتی تھی جھانکتیاں — یہ حالت کے تئیں دیکھ کر خوش ہوئیاں

بھی دولہ نے وہاں سیتی باہر گیا — وہ جلدی سے حمام کو گر لیا

یہاں لوگ دولہن کے پاس آئے ہیں — برا حال دولہن کا وہ پائے ہیں

دیکھے سب پھٹا ہیگا اوس کا لباس — سبھی ٹوٹا زیور پڑا آس پاس

یہ حالت کے تئیں دیکھ کر سب پریاں — بھی دولہن کے تئیں کو اٹھا لیگیاں

رسومات سارے لئے آئے بجا — نہلائے ہیں دولہن کے تئیں جلد لا

یہیں اور ما نباپ کو یہ خبر — وہ بھیجوائے ہیں بول کر جلد تر

سنے جب کہ سب اقربا یہ خبر — پنجیری وغیرہ بنا سر بسر

سبھی جا بجا پھر وہ بٹوائے ہیں — نظر بند عاقل کو بھیجوائی ہیں

پنھائے ہیں دولہ دولہن کو پھول — وہ دولہن نہایت ہوئی تھی ملول

سمن پھر نہایت خوشی بے حساب — ہوا اپنے مقصد سے وہ کامیاب

بڑی شان و شوکت سے چوتھی ہوئی — دولہن اپنے ما نباپ کے گھر گئی

نظر بند سو اسب گئے پادشاہ — کہ جب رسم یہ بھی ہوا ہے ادا

کہ جب پائی یہ شادی ہے انصرام — مراد آئی ہے تب سمن کی تمام

خوشی خرمی سے وہ رہنے ... لگا — خوشی سے ہر اک دن گذرنے لگا

دربیان رسانیدن خبر ہرکارہ بعاقل از آمدن پدر و مادر .... او

خبر آکے ہرکارے اسدم کئے — وہ عاقل کو اس طرح کہنے لگے

کہ نکلا ہے موگریاں کا پادشاہ — اور آیا ہے وہ روم کی لیکے راہ

یہ عاقل نے سن کر بہت خوش ہوا — بہت انکو انعام دے خوش کیا

یہ رہ داری کے بیٹھ کر خط لکھا — وہ سب روم کے تئیں روانہ کیا

کہ آتا ہے موگریاں کا پادشاہ — دیو انکو درکار جو ہے لکھا

یہ تاکید عمالون کے تئیں کیا — ضیافت ہر اک جا کرے جو لکھا

وہ پھر باپ کو ایک عرضی لکھا — دے ہرکارے کے ہاتھ بھجوا دیا

پھر عاقل خبر کو یہ مخفی .... رکھا — وہ ظاہر کسی کے تئیں نہیں کیا

نظر بند کے پاس وہاں سے گیا — پدر کی وہ آمد کو بولا ہے جا

وہاں سے وہ اپنے مکان پر گیا — پدر کے خبر کی تفحص کیا

بھی خط اوسکو انچل پہ آنے لگے — جواب اوسکا عاقل نے لکھنے لگے

اسی طرح سے جب گئے دن کئے — خبر آکے ہرکارے یک دن کہے

کہ مسعود شاہ یہاں سے نزدیک آ — یک ہفتہ کے دہ پر ہے اوپادشاہ

یہ عاقل نے سن کر بہت خوش ہوا — منگا انکو انعام دلوا دیا

پری پاس جب دو پہر کو گیا / خبر اوس سے مانباپ کی وہ کہا
پری سن کے یہ خوش ہوی ہے خبر / گیا وہان سے شہ پاس یہ خوش خبر
خبر شاہ سے بھی کیا ہے وہ جا / نظر بند سن کر بہت خوش ہوا
نظر بند عاقل کے تئین کو کہا / کہ جانا تمہین خوب ہے پیشوا
تب عاقل نے یہ شہ سے کہنے لگا / قدم آپ کے چھوڑ نین جاؤن گا
پھر عاقل نے دربار وہانسے گیا / کسی پر یہ ظاہر خبر نین کیا
پری اور نظر بند کے یہ ہوا / کسی کو خبر یہ سنایا نتھا
سو پھر خط پہ خط آنے کے تئین لکھے / تب عاقل بہت خوش ہوا دیکھکے
پھر ہرکارہ آکر خبر یہ دیا / کہ سہ روز کی رہ پہ اُترے ہین آ
جب اُترے ہین یک روز کی رہ پہ آ / یہ عاقل نے سنکر بہت خوش ہوا
پری سیتی بولا ہے اول وہ جا / قریب آئے مانباب میرے کہا
مین کل پیشوا اُن کے تو جاؤنگا / پری نے مبارک ہے سنکر کہا
نظر بند کے پاس وہانسے گیا / وہین ماجرا شاہ سے بھی کہا
کہا پچھلی مین رات سے جاؤنگا / اُنہین کے مین ہمراہ ہو آونگا
ہووی حکم تا اہل کارون کو مین / کہون پیشوا جائین اوس شہ کتئین
نظر بند عاقل کے تئین تب کہا / کہ پونچاؤ پیغام تم سب کو جا
سمن اور اوس کے پدر کو کہو / تمہین پیشوا جاکے اوس شہ کو لیو

میری طرف سے تم یہ سارا پیغام
کہ پہنچا دو سب کے تئیں تم سلام

پھر عاقل نے دربار و ... شہ
بڑا پیچ ... ادون کے تئیں کو کہا

کہ شہ کے طرف سے کہو سب جا
کہ آتا ہے موگریال کا پادشاہ

سب ارکان دولت سبھی اہلکار
یہ سب پیشوا جاؤ ہل ایکبار

بڑی شان و عزت سے اس سے ملو
بڑا ہے شہنشاہ سب کو کہو

یساول کو عاقل بلا کر کہا
سمن اور پادر کو کہو اسکے جا

کہ مسعود شاہ موگریال کا
وہ اترا ہے ایک روز کی رہ پہ آ

تمہیں صبح تیار ہو جلد جا
شہنشاہ کے تم بنو پیشوا

سبھوں کو یہ پیغام بھجوا دیا
بلا بیچ بخشی کے تئیں کو کہا

جلوس اور سب فوج کر کر تیار
سب حاضر رکھو پچھلے شب سے سوار

کہ آتا ہے موگریال کا پادشاہ
کیا حکم شہ جاؤ سب پیشوا

پدر کے تئیں ایک عرضی لکھا
غلام صبح کو آ قدم دیکھے گا

قدم دیکھنے کا ہوں امیدوار
بہت جان و دل ہے میرا بیقرار

یہ عرضی کے تئیں کو روانہ کیا
خوشی سے یہہ دل میں سمایا تھا

بھی تسلیم و آداب ماں کو لکھا
پدر کو لکھا جیسا مضمون تھا

پری پاس پہر سپہر کو گیا
پری دیکھ عاقل کو خوش ہو کہا

جو اس کے تئیں ... تو اب تبھی
تب عاقل کہا بس میرے تئیں یہی

غرض وہاں سیتی اُس نے رخصت ہوا
وہ شہ پاس جا شب کے تئیں سو رہا

کہا سوتے وقت یہ سہیلیاں کے تئیں
اُٹھا دیو مجھے سہ پہر شب سے وین

خوشی سے اوسے نیند آئی بہت
غرض سوتا جگتا پڑا تھا وہیں

ہوا وقت جب سہ پہر رات کا
سہیلیاں اٹھایاں اوسے جلد جا

تب عاقل نے جگتا بچھونے پہ تھا
بڑی ایک خوشی سے وہ ہشیار ہُوا

سو مُنھ ہات دھویا وہ پانی منگا
پہن کپڑے جلدی سے فارغ ہُوا

وہ معمولی جامے کو پہنا منگا
وہی پگڑی اپنے وہ سر پر رکھا

وہ باھر جو آ دیکھا کیا ہے تمام
لئے پہنے پوشاک سب خاص و عام

سواریاں پہ اپنے سوار ہیں تمام
موافق مراتب کے با احترام

کوئی ہاتھی پر کوئی ... بر پالکی
کوئی گھوڑے پر کوئی ... بر نالکی

جلوس اور فوج نظر بند اودھر
کھڑے تھے تیار ہو مُتکل نذر

در بیان رفتن عاقل برائے استقبال پدر و مادر خود بشوکت تمام

یہ عاقل نے سب دیکھکر خوش ہُوا
منگا اپنے گھوڑے کے تئیں کو چڑھا

کسیکو بھی ھرگز نہیں تھی خبر
کہ عاقل کا مسعود شہ ہے پدر

وہ سمجھے تھے کوئی اور ہے بادشاہ
گمان اوسکا ہرگز کسی کو نتھا

تب عاقل نے یک آدمی کو کہا
سمن اور پدر کو بُلا لاؤ جب

کہ تیار ہو سب گئے ... پیشوا
بہت جلد صاحب بھی آؤ کہا

بہت جلدی سے دوڑتا وہ گیا ۔ جو نکلا تھا وہ آنے کو پادشاہ

تب یہ آدمی رہ ہین بولے ہین آ ۔ وہ بولے کہ آتا ہو نہین بول جا

جو عاقل کہڑا اوسکا تھا انتظار ۔ اور وہ بھی نمودار ہوا ایکبار

تب اوسوقت مین دو گہڑی رات آتھی ۔ چلے ہین غرض مل کے وہان سے سبھی

صبح جبکہ جنگل مین ہونے لگی ۔ عجب اک سمایا ہوا اُس گہڑی

سبھی زرق اور برق کا تھا لباس ۔ ایک عاقل کا تھا ان مین سادہ لباس

غرض وہان ستی جبکہ چلنے لگے ۔ خوشی سے وہ طے راہ کرنے لگے

کہ جب دو گہڑی دن چڑہا اوس جگا ۔ بہت دور سے اک ڈولا را دِسا

نمودار ہوی پہر وہان سیتی فوج ۔ دسی فوج گویا وہ دریاے موج

ہراول جو نزدیک جب آچکا ۔ نمودار تب شہ کا ہاتھی ہوا

سو سا ہاتی پر تخت ہیکا دھرا ۔ ہے اوسپر کیا شاہ مسعود جا

ہوا ہے تب عاقل نے بے اختیار ۔ چلایا ہے گھوڑے کے تئین ایکبار

تب عاقل نے جب سب کے آگے ہوا ۔ شہنشاہ کے لوگان پہچانیو کیا

وہ عاقل ہے شہزادہ جو گم ہوا ۔ خوشی ہوی ہے لوگون پہ پہر ہا گیا

سمجھ اوسکو شہزادہ اپنا یقین ۔ گئے عرض مسعود شہ کے تئین

سبھی لوگ دوڑے ہین بے اختیار ۔ سب اُترے سوار یون سیتی ایکبار

کوئی گھوڑے سے پالکی سے کوئی ۔ کوئی ہاتھی سے پالکی سے کوئی

اترنے کی فرصت نتھی ان کے تئین
گرے اپنے کے تئین لئے بر زمین

گرے ہین قدم پر سب عاقل کے آ
پڑا ایک رونیکا وہان غل مچا

شہنشاہ بھی بیٹے کا رخ باندکر
وہ آیا ہے بیٹا جدہر تھا ادہر

ہجوم خلائق ہوا اُس ... جگا
سبھی گھیر عاقل کے تئین کو لیا

بڑی دہوم اور ایک بڑی غل مچی
وہ لکھنے مین ہرگز نہ آوے کبھی

دربیان ملاقات کردن مسعود شاہ پسر خود

جو بیٹے کے نزدیک آیا ہے شاہ
بہت روکے تب غل مچایا ہے شاہ

وہ ہاتی سے اُترا ہے روتا ہوا
اور آنسو سے مونھہ اپنا دہوتا ہوا

چلا جلد شاہ ہوکے بے اختیار
گیا جان کہ عاقل تھا وہان ایکبار

گرا بیٹے پر ہوکے وہ بیقرار
ہے اڑلاکے رونے لگا زار زار

گرا باپ کے پاؤن پر وہ پسر
لگا رونے کو پاؤن پر ہمنہ ... رگڑ

عجب ہوئی ہے اوسوقت مین ایک دہوم
پڑا خلق کا ایک ہوا ہے ہجوم

کہا ہیگا عاقل ستی پادشاہ
بہلا بیٹا چھوڑ ہمکو تم ...... گم ... ہوا

اگر اب بھی تیری نپاتے خبر
نہین جیتے ایک سال ہم جاتے مر

یہ باتون کے تئین کرکے روتا تھا شاہ
اور آنسو سے مُنھہ اپنا دہوتا تھا شاہ

نظر بندکے لوگ یہ دیکھکر
عجب ہو رہین ہینگی وہ سر بسر

وہ آپسمین ہین سب لگے پوچھنے
یہ کیا ہے تماشا عجب سا کہے

که یه فوج آئی تهی جو ایک بار — ملی هو گئی کیون خاکمین خاکسار
هو سب جمع یه فوج آئی جو ... تهی — یه کیون خاکمین مل گئی هے سبهی
شهنشاه اترا هے هاتهی سے کیا — سو ایک غل عجائب اودهر کیا مچا
سمن اور پدر اوسکے حیران هو — لگی پوچهنے وه پریشان هو
یکایک یه کیا دهوم سی مچ گئی تهی — که جاتا رها کیا اودهر کا کوئی
غرض مسئله کس سے نهین حل هوا — وه لشکر کو سارے تعجب هوا
سمن یه پکارا هو تب کها براه — یه عاقل کو پوچهو برائے خدا
که شاید یه معلوم هو گا اوسے — تب عاقل کو دهونڈنے کے تئین کو لگے
سبهی دهونڈهتے لشکر مین عاقل کتئین — غرض اوسکا پتا نه پائے کهین
یه اور اُن په حیرت زیاده هوے — غرض تهک گئے سارے کهڑے تهے سو وے
معمه یه کس سے بهی نهین حل هوا — کهڑی ساری تهی فوج اپنی جگا
که مسعود شه کا سنو یهانسے حال — وه آپس مین جسدم ملے نونهال
جو پیری تهی اوسوقت مین شاه پر — وه چاها که بیٹهے زمین کے اوپر
وزیران جو اوسوقت نزدیک تهے — بچهونا بچهاتے هین لا جلدی سے
وه بیٹها هے اوسوقت مین پادشاه — بهی بیٹے کے تئین کو بٹهایا بُلا
هوا بیٹے کا غم یه پیری مین جو — بهت مبتلا هے غم مین سو او
پهر اوس وقت مین شاه عالم نواز — دوگانه پڑا هے بچها جانماز ٭

دوگانہ وہ حق کا سے لے آیا بجا
شہ بیٹھا ہے تب بیٹے کے پاس آ

غرض جب کہ بیٹھے پدر اور پسر
تب عاقل کہا ہے شہ بحر و بر

کہین لوگ اُمیدوار اب تمام
نذر دینے کے تئین کہڑی خاص و عام

یہ سُن شہ کہا اونکو لاؤ ... بلا
وہ پھر خیمہ برپا کرا دیو کہا

سکئے غرض یہ سب وزیرون نے آ
شہنشہ کے خدمت ہین ای بادشاہ

محل مین بُلاتے ہین شہزادے کو
وہ رو ضعف کہاتے ہین بیہوش ہو

کہا شاہ کہینچ سراچون کے تئین
لجا کر اوتارو سواریون کے تئین

تب عاقل کا لے نام شہ نے کہا
کہ جلدی اوتارو تمہین مان کو جا

تمہارے لئے ہے بہت بیقرار
تمہین جا کے مل آؤ اب ایکبار

سراچون کو کہینچا اُول تمام
سواریان اتارو کرا اہتمام

پدر سے یہ عاقل نے سنکر اُٹہا
پہٹا اُوس کا جامہ تہا سب جا بجا

تب اون جا کے جلدی سی کرا اہتمام
سراچی کہڑا کرکے وہ نیک نام

وہ وہان کے سواری کنے نین گیا
سبب کیا کہ رو وین گے او بلبلا

اور آواز بہی او سنا یا نہین
سراچی کہڑا کرنے آیا او وین

غرض جب سراچی کہڑی رہ چکی
سواریان تب اندر اترنے لگی

سواریان سبہی سارے مغلانیان
ڈریان باہر آکر سبے دائیان

سبہی گہیریان عاقل کے تئین آن کر
لگی بلبلانے کے تئین مان اور پہر

نچھیاں نو چھوڑتیاں سب یہ عاقل کتئین | لگیاں غل مچاکر یہ رونے کیستئین

دربیان ملاقات کردن عاقل از مادر خود و روانہ شدن شاہ

تب عاقل نے اپنے کے تئین کو چھوڑا | وہان پاس اپنے گیا...... دوڑتا
یہ سب بھی چلیان دوڑتیان اوس جگا | کہ جان مان ستی بیٹا ملنے گیا
قدم پر گرا مان کے بیٹے نے جا | غرض دو نو غلطان ہوے اوس جگا
لگی رونے کو اس طرح وہ پکار | کہ جس طرح سے روئے ابر بہار
وہان بھی بہت غل ہوا اور دہوم | سبھی عورتان کا ہوا وہان ہجوم
کہ اس طرح سے دہوم اوسجا مچی | وہ آوازہ باہر تنگ آنے ... لگی
وزیران کو شہ نے بلا کر کہا | محل مین تمہین بول بھیجو ذرا
یہ شادی کا رونا ہے غم کا نہین | کہ تم شکر بھیجو خدا کا یقین
یہ رونا مناسب نہین ہے تمہین | ہے اب شکر اللہ کا لازم ہمین
سبھی لوگ اپنے پرائے تمام | یہ آواز سنتے ہین سب خاص و عام
کرو منع انکے تئین جلد جا | یہ سنکر وزیران کہے جلد آ
یہ سنکر غرض وہان کا رونا... دبا | تو مان نے بجا لائے شکر خدا
بلا لاؤ بیٹے کو شہ نے کہا | محل مین صیلان بلائے ہین جا
ہوئے حکم تو جاؤن عاقل کہا | یہ سنکر لگی کہنے رو رو کے ما
کہ پنج سال کے بعد تو نے بلا | اور اس وقت بھی کہتا ہے جاؤن گا

لگائی گلے اوسکو یہ بول ... کر
خدایا تو مطلب انہون کا دیا
غرض بیٹے کے ہاتھ کی تئین پکڑ
وہ دیوڑی مین آ اوسکو رخصت کئی
دیکھے جامہ اوسکا سبھی پہٹ گیا
کہا ایک خلعت ہماری منگا
وزیران شہنشہ سے جب یہ سُنے
کئے حکم اس طرح سے پادشاہ
دیئو جلدی سے خاصی خلعت لے آ
وہ کپڑون کا سارا ایکڑ آسرا
سبھی گرد کو پونچ کر وہ تمام
بھی دستار شہ زادی نے باندھکر
سمن اور نظر بند کے لوگ سب
لگی اُون کے لوگون سے وہ پوچھنے
دئے شاہ کیون سرفرازی اوسے
یہ ہے شاہ مسعود کا نور عین
اوسے عمر مین ایک بیٹا... ہوا

دعا دے وہ ماتان اوٹھا سر بسر
بحق نبی سُن میری یہ دعا
اوٹھی وہان ستی مان نے اللہ کر
جو باہر وزیران کھڑے تھے سبھی
وزیر ایک جا شاہ کے تئین کہا
پہنا کر لے آؤ اوسے اس جگا
بلا دارو غے کیتئین کو کہے
کہ شہزادے کو دیو خلعت لے آ
یہ دارو غہ سُن دوڑ لایا ہے جا
نیکالے ہین جامہ وہ شہزادیکا
پہنائے ہین خلعت کو با احترام
چلا شہ کے مجرا کو وہ شیر نر
اوسے دیکھ حیران ہوئے سارے تب
پہنائے ہین کیون شاہ خلعت اوسے
تب وہ لوگ اون ستی کہنے لگے
کہ شاہ اوسکے غم سے یہ چھوڑا تھا چیز
کہ پنج سال ستی تو وہ غیب تھا

بلایا ہے سب آپ پدر [illegible] پسر — خوشی ہیگا کرتا شہے [illegible]
تب عاقل نے مجبر اکیا شہ کو آ — سرو اُٹھایا دستہ و سب کیئی اوٹھا
جو تعظیم دے اوسکو بیٹھے ہین سب — یکایک کھلی چشم سارون کی تب
سمن اور لوگان سب حیران ہوے — سبھی اپنے دل مین پشیمان ہوے
بہت پھر تو انفر و حیرت ہوا — عجب انکے تئین یو تماشا دسا
شہنشاہ بیٹے کے تئین کو بلا — لیا پیار سے لی گلے کو ... لگا
کہا کیون جواہر نہین تیری تئین — یہ میرا جواہر سلے ہند اوسکے تئین
یہ بولا سو اپنا جواہر اوتار — دیا ہیگا بیٹے کے تئین ایکبار
تب عاقل نے یہ عرض کرنے لگا — مجھے اور دیو جواہر منگتا ہے
مبارک جواہر یہ حضرت کو ہو — مجھے اور دوسرا ... منگتا ..... دیکھ
تب اُن بولا یہ سارا تیرا ہے مال — رکھا تھا تیرے واسطے مین سنبھال
جواہر وہ تب اپنا خاصہ تمام — پہنایا ہے بیٹے کو با احترام
تب عاقل نے جلدی ستی پھر اُٹھا — پدر کو وہ آداب لایا بجا
بھی خوش ہو کر اوسکو بلایا اوسے — قریب اپنے بلوا بٹھایا اوسے
کہا تو نے [illegible] تئین بہت دکھ دیا — کبھی خیریت کی خبر نین لکھا
تو شہنشاہ کہ آگے ایک خط لکھا — وہی خط میرا جان اب تک رکھا
[illegible] نہین — ذرا دیکھ تو میری حالت کے تئین

وہ شہ بیٹے سے اپنے باتاں کیا
سبھی اہل دربار رونے لگے
ای عاقل تو اب اپنے مان پاس جا
تب عاقل نے یہ شہ سے کہنے لگا
پہر اوسمین نظر بند کے طرف سے
گئے خوان جو اوسکے لائے ہین وہ
سے ہے پہر تورے آئے ہین شہ واسطے
شہنشاہ اسطور کہنے لگے
تصدق انہون کو لیجاؤ کہا
پہر عاقل کے تئین کو کہا پادشاہ
تب عاقل نے تسلیم کرکر اوٹھا
تب عاقل نے ہے راہ چلنے لگا
کہا مین چہپایا تہا اول سب تجہے
یہ اشراف دستا ہے ای بہائیجان
سمن بعد ازین اوس کے ہنسنے لگا
ذرا تو دکھائی دیا نہین.... کبھی
تب عاقل جواب اوسکا کچہہ نہین دیا

ابھی رو رہا ہے یہ بولکر بادشاہ
گئے وقت کے بعد شہنے کہے
وہان جاکے اوس سات کہانیکو کہا
ای حضرت یہی میرے دلہن بھی تھا
جو صدقے لے آئے ہین شہ واسطے
اور ہاتی اور گہوڑے اوتارے ہین وہ
یہ پہر عرض مسعود شہ سے گئے
منگا لیو تم تورے اب کہانے کے
فقیرون کے تئین کو دلاؤ کہا
کہ تو کہانیکو جاکے مان پاس کہا
سمن نے بھی عاقل برابر اوٹھا
سمن دوڑتا آکے گلے.... لگا
نظر بند کو بولا تیرے طرف سے
مین شہ سیتی بولا ہون ای مہربان
رکھا تھا سب کیا تو خود کو چہپا
تعجب وہ اس بات سے ہین سبھی
یہ سنکر وہ تھوڑا سا ہنس چپ رہا

نظر بند کے پھر وزیران سب آ
ادب سے تئین عاقل کو بولے تب آ

کہ ہم تو رسے پہونچا ہے ہین شہ کو جا
اُتارے ہین شہ پر تصدق بھی لا

مودب تھے اوس دن وہ سارے وزیر
سب حیران ہوئے دیکھ کر یہ اسیر

وہ آپس مین اس طرح کہنے لگے
مدمغ جو تہا وہ اوسی بات سے

غرور اوسکو شاہی کا تھا بالیقین
یہی بات ہوی سب کے تئین دلنشین

ادب سے وہ عاقل سے آکر کہے
جو کچھ پوچھنا تھا سو پوچھے اوسے

اور ہمیش کی طور اُنکی نہ تھی
وہ بات اپنے بند کر کھڑی تھے سبھی

جو کہنا سو عاقل نے اونکو کہا
بھی وہان سے زنانہ طرف وہ گیا

غرض اوسکے سارے ملے آ وزیر
لگے رونے دیکھ اوسکے تئین کو امیر

وزیر اوس کے بچپن کا جو تھا قدیم
اور وہ شاہ مسعود کا تھا ندیم

گلے لگ گیا اوس نے جلدی سے آ
وہ شہزادہ کو اس طرح سے کہا

کہا واہ واہ تم نے خوب بھاگ جا
ہمین خوب تمنے ستائے کہا

لگا رونے یہ کہکے تب زار زار
اوسے دیکھ عاقل ہوا اشک بار

پھر آہستہ وہ کانمین یہ کہا
پری تمنے پیدا کئے ہون سنا

تب عاقل نے یون اوسکو ہنسکے کہا
مین گھر جاکے تجھکو کہون ماجرا

غرض وہان سے عاقل محلمین گیا
تو وہان بیٹے کے آئی تھی پیشوا

وہ جلدی سے بیٹے کے گلے لگی
بہت زار زار ہوکے رونے لگی

وہ پھر بعد بیٹھے کے تئیں لے چلی | ہجوم عورتاں وہاں گئے تھے سبھی
نظر بند کے پھر وزیران تمام | تصدق بھی بھیجے وہ خاصہ طعام
طرف سے نظر بند کے کہہ سلام | کہے ہم سبھی ہینگے حاضر غلام
وہ کھانے کے تئیں شاہزادی لئی | تصدق تمہیں لے بٹاؤ کہی
تب عاقل نے یہ ماں سیتی کہنے لگا | گئے حکم میرے کے تئیں پادشاہ
مین جا آپ کے پاس کھاؤں طعام | اب اس واسطے ہیگا حاضر غلام
کہ حضرت نے جلدی سے کھانیکو کہا | سواریاں سے ہو کے چلے جی کہا
سبھی آدمی جانور ہیں تھکے | وہ گھر جا کے آرام پاویں برے
یہ سن شاہزادی نے کھانا منگا | کھلانے لگی ہے وہ بیٹے کو ما
نوالہ بنا ہات سے وہ تمام | خوشی سے پسر کو کھلائی طعام
جب عاقل نے کھانیکے تئیں کھا چکا | تب اوسوقت مین کھانا کھائی ہے ما
دئی بعد سب عورتاں کو بٹھا | وہ کھانیکو کھالیو جلدی کہا
تب عاقل ستی ماں نے کہنے لگی | کہا تو اپنی نسبت کیا ہے کہیں
بولایا ہمیں جلدی تو کیا سبب | میرے سیتی کہہ حال تو اپنا سب
تب عاقل نے اس طور کہنے لگا | مین گھر جا کے سارا کہوں ماجرا
یہ قصہ تو میرا ہے طول وطویل | نہیں وقت ہے اب تو کرنیکو ڈھیل
تب عاقل نے یہ ماں سے کہنے لگا | ہوئی حکم تو دیوں سواریاں لگا

که میرے تئین بھی دیو اب رضا
مین سب بندوبست اپنو کرتا ہون جا
وہ بیٹے نے مادر کو تسلیم کر
وزیرون سے یہ جا کے کہنے لگا
یہ کہکر گیا ہے وہ نزد پدر
شہنشہ سے اس طرح کہنے لگا
چلو گھر کے تئین مرضی ہو تو اگر
تب عاقل کہا مرضی جو آپ کی
یہ سن شہ کہا اب سواری تیار
تب عاقل نے کہنے لگا از پدر
سبھی حکم پہونچا وہ لشکر کو جا
تہ و بالا لشکر ہوا سب تمام
مہاوت شہنشہ کا ہاتی لے آ
تب عاقل کہا حکم ہو تو مین جا
تب عاقل کو شہ نے دیا ہے رضا
وہ دیکھا تو ہین سب سواریان تیار
پھر عاقل نے سیدہا محل مین گیا

سوار آپ کے تئین کرونگا مین جا
دئی مان نے بیٹے کے تئین تب رضا
بھی باہر خوشی سے گیا جلد تر
زنانے سواریان لگا دیو آ
ہے بیٹھا ادب سات تسلیم کر
تھکے ماندے سب لوگ ہین اسجگا
یہ مسعود شہ نے کہا از پسر
مین تابع ہون مرضی جو ماں باپ کی
کرو نوبت کوچ کو ایک بار
چلو گھر کے تئین ای شہ بحر و بر
یہ سن لوگ دوڑے ہین سب جابجا
تہیا سفر کا کئے خاص و عام
حضور معلی مین حاضر کیا
زنانے سواریان چلاؤن کہا
شہنشہ کے بر حکم عاقل کیا
کھڑے ہین سب عاقل کے در انتظار
اور اس طرح سے ماں سے کہنے لگا

ای حضرت سب ہینگے سواریان تیار
سُن عاقل کی یہ بات اوٹھی اکبار
زنانہ ہوا بعد ازین سب سوار
وہان سے تب عاقل نے باہر گیا
کہا آو تم سب زنانے کے سات
پدر اوسکے بیٹھا تھا در انتظار
زنانے سواریان روانہ ہووے
بھی بیٹھے سیتی باپ کہنے لگا
پدر سے تب عاقل بولا ہے وین
شہنشاہ تب اس طرح سے کہے
مین تیرے خواصے مین اب بیٹھکر
تب عاقل نے بند ہاتھ کہنے لگا
پدر نے پھر عاقل کو کہنے .... لگا

چلو آپ چنڈول مین جا ہو سوار
وہ چنڈول پر جا ہوی ہے سوار
اوٹھائے سواریان کو آکر کہار
تعینات لوگون کیتئین کو کیا
گیا باپ کے پاس وہ نیک ذات
اوسے دیکھ پوچھا شہ نامدار
کہا شہ سے اون ہان روانہ ہووے
کہ تیری سواری کو کیا ہے کہا
ہے گھوڑا سواریکو اب تیرے تئین
عماری مین آ بیٹھ تو اب تیرے
اوڑاتا ہون لے مورچل تیرے پر
نہین میرا مقدور ای پادشاہ
کہ میرے خواصے مین تو بیٹھ آ

دربیان سوار شدن مسعود شاہ بر فیل و ہمراہ نشانیدن عاقل پسر خود را و داخل شدن در بصرہ و تعجب کردن خلق از حال عاقل

مہاوت نے ہاتی بٹھا یا لے آ
اور عاقل نے بیٹھا خواصے مین جا

سوار اوسکے اوپر شہنشہ ہوا
لگا مورچل کرنے بر بادشاہ

بڑی شان سیتی سواری چلی
سہ شاہو نکا لشکر ملا ایک جا
قیاس اس سے کرلیو تم اب تمام
غرض اس طرح سے چلا پادشاہ
کہ یہ سارنی جائیگی جس جگا
وہ پہلے ستی کہہ چکا تھا اونہین
کہ وہ سارنی سب کے آگے ہووے
غرض شہر مین جب سواری گئی
تماشا لگے لوگ سب دیکھنے
جو عاقل محل تھا مقرر کیا
شہنشاہ تب جاکے اوترا وہان
مہیا تھا اسباب سب اوس جگا
صحن مین چمن حوض تھے جا بجا
ہے پھر حکم عاقل نے شہ سے لیا
دیکھا مان اترتی ہے اوسوقت پر
وہ جلدی سے مان کو اوتارا ہے جا
دیکھے گھر ہے چھوٹا یہ ہے دل لگن

وہ لکھنے مین ہرگز نہ آوے کبھی
لکھے پھر زیادہ قلم اوس سے کیا
کہ کیا ہوویگا دھوم اور اژدحام
تب عاقل نے اک آدمی سے کہا
وہان خاصہ ہاتی چلے شاہ کا
کہا آدمی سارنیوالون سین
سبھی اہل لشکر چلے پیٹ سے
عجب طرح کی دھوم وہان یک پڑی
لگے دیکھنے سارے چھوٹے بڑے
چلی سارنی شہ کو لے اوسجگا
مقرر کیا تھا جو عاقل مکان
وچھوتا تو گھر تھا مگر خوش نما
بہت خوب تھی جا بہت دل فزا
وہ پھر مان سے ملنے محل مین گیا
گیا ہیگا جلدی ہی اونہین دوڑ کر
بھی ہمراہ مان کے وہ گھر مین گیا
کہ ہے صحن مین حوض بھی اور چمن

اور اسباب ضروری ہے سب اوسکا
اوتر کر پھر آیان ہین سب عورتان
پھر عاقل کو مان نے گلے سے لگا
کہی مان نے پھر تو سنایا ہمین
اب ہر دم مین کرتی ہون شکر خدا
جو پھر حکم عاقل نے مان سے لیا
دیکھا شہ کے پاس بیٹھے لوگان تمام
اور عاقل بھی بیٹھا ہے شہ پاس جا
کئی وقت کے بعد پھر پادشاہ
منگا پاندانان دلایا تمام
تب عاقل نے یہ عرض شہ سے کیا
غرض شہ نے سن بیٹے کی بات وین
چلا بات مین دھوپ لے پادشاہ
زنانے کی دیوڑی پہ شہ نے گیا
گئے جو محلمین پدر اور پسر
وہ بیٹے طرف بات کو کھول دی
نہ تو باپ کے آگے وہ جا سکی

سو مان بیٹھی ہے کرکے شکر خدا
سبھی دیکھکر وہ مکان خوش ہویان
وہ رو رو کے اوسکے تئین دی دعا
بوڑھاپے مین یہ غم دکھایا ہمین
یہ دن بھی پھیر تئین دیکھایا خدا
پدر پاس جلدی سے باہر گیا
بہت خلق کا ہیگا وہان اژدہام
دئے اوسکو تعظیم شہ کے سوا
کہ سب لوگ کے تئین کو رخصت کیا
گھرون کے تئین گئے سبھی خاص و عام
اب حضرت محلمین چلے جی کہا
اوٹھا ہے محل مین وہ جانیکتیان :
اور عاقل بھی ہمراہ شہ کے ہوا
اوٹھائے ہین پردو نکو جوان نے آ
بہت خوش ہوے مان نے یہ دیکھکر
یہ بیٹے کو اوسوقت مشکل پڑی
خفا مان ہوی یہ کہ پیچھے رہی

جو دیکھا ہے یہ طور کو پادشاہ
کہ تیرے تئین کو بلاتی ہے ما
عاقل نے سن باپ سے وین چلا
بہت دن کے بعد از یہ دو نو کتین
وہ بیٹے کو اور مرد کو دیکھی جو
تب عورت کو مسعود شہ نے کہا
غرض سبھی شاہزادی شکر خدا
شہنشاہ مسند پہ بیٹھا ہے جا
ادہر مان ادہر باپ بیٹا ادہر
غرض سارے سبھی ہین شکر خدا
خدایا تو اونکی دیا سب مراد
بحق نبی او بآل نبی
شہنشاہ کئے وقت بعد از اٹھا
تب عاقل کو مان نے کہی ای پسر
یہ عاقل نے سن مان سے کہنے لگا
کہ حضرت میرے تئین کو دیوا ہے رضا
غرض مان سے ان نے لیا ہے رضا

تب عاقل کے تئین شاہ کہنے لگا
تو مان پاس جلدی ستی اپنے جا
وہ مان کھینچ اوسکو گلے لی لگا
جو دیکھی ہے بچا وہ شہزادی وہان
غرض روئی بے اختیار دل سے او
نہ روؤ تمہیں ہے جو شکر خدا
بمحنت وہ ضبط اپنا رونا کیا
اور عاقل نے بند بات بیٹھا ہے آ
سبھی عورتان دیکھیان یہ آن کر
خوشی کا سما باندہا سارا دن یہ تھا
میرے دل نے تو بھی لیا اب مراد
میرے دلکی مطلب تو برلا سبھی
وہ دیوان خانہ مین بیٹھا ہے جا
تو ماند لے ہے اس جا پہ آرام کر
میرے تئین بہت کام ہے گا پڑا
میرے کام سب بند ہین گے کہا
پدر بھی یہ سنکر دیا ہے رضا

پھر عاقل نے گھر مین سے باھر گیا / ملے مین پدر کے وزیران سب آ

وزیران کے تئین پھر وہ کہنے لگا / بندھو شہ کے گھوڑے لے آسیگا

کہ لشکر کے تئین حکم یہ پھر کرو / نہ کس پر تعدی تمہین ہونے دو

بہت خوب سارے وزیران کہے / سبھی حکم لشکر مین بھیجوا دئے

لگے پوچھنے پھر وہ عاقل کے تئین / کہ تشریف لیجاتے کس جا ہین

کہا شہر کے تئین آون گا / نظربند کے پاس اب جاؤنگا

یہ کہہ اپنا گھوڑا اسیا ہے منگا / نفر لاکے گھوڑے کو حاضر کیا

وزیران سبھی آکے مانع ہوے / ہمین اوسپہ نا چڑنے دینگے کہے

شہنشہ کا ہاتی ہے خاصہ تیار / کہ حضرت تمہین ہووے اوسپہ سوار

در بیان سوار شدن بر فیل پدر و در خوری نشستن عاقل از رفتن نزد بہول پری و از ان نزد نظربند رفتن

تب عاقل کے شان منظور تہا / سوار وہ تب ہاتی منگا کر ہوا

جو بچپن مین پالا تہا اوسکو وزیر / وہ بیٹھا خواصے مین تب خوش نظیر

جلوس اوسکے ہمراہ سارا ہوا / جلوس پدر اوسکے جو کچہ کہ تہا

نفر گھوڑے پر جو کہ عاقل کا تہا / بلا کر تب عاقل نے اوسکو کہا

پری پاس گھوڑے کو سیر لیجا / نفر سن بہت خوب کر کر کہا

نفر فوج کو اپنے ہمرہ لیا / پری پاس اوس فوج کو لے چلا

لگا پوچھنے اوسکے تئین کو وزیر — کہاں جاتے ہو ای شہ بے نظیر
یہ کس محل مین تم چلے ہو کہا — یہ سن بات عاقل نے ہنسنے لگا
کہا بولو لگا مین مفصل تجھے — اور اترے پری پاس جا جلدی سے
پری اپنے دیوی سے پردہ ہٹا — کہ گر دیکھیے جو تم ملاقات جا
وہ آکر پری سے کئے تھے بیان — پری خوش ہوئی تھی یہ سن استیان
پری نے پھر عاقل کے آ پیشوا — ملی اوس ستی دیوڑی مین وہ آ
جواہر وہ خلعت کے تئین دیکھکر — وہ حسن و ملاحت کے تئین دیکھکر
بے غش کہا پری نے زمین پر گری — اور ہشیار کئے وقت بعد از ہوئی
یہ کہنے لگی ہے وہ عاقل کے تئین — جواہر تو پہنا سو مین کچھ نہین
اب اس وقت سمجھی ہون ای مہربان — بجا تو کہا ہیگا ای مہربان
تیرے تئین سہاتا ہی یہ پہنا — کہا تہا تو جو کچھ وہ سب تہا بجا
یہ عاقل پہ صدقے اتاری منگا — وہ عاقل کے تئین پہر مبارک کہا
پہر عاقل پری سیتی کہنے لگا — مین ماندا ہون میرے تئین دی رضا
پری اوسکے تئین کو دئی ہر رضا — سوار وہان سے ناقے پہ آکر ہوا
تب عاقل نے نخر کے تئین کو کہا — نظر شہ کے پاس یہ سواری لیا
وزیر وہ پہر عاقل کو کہنے لگا — چلے دوسرے پہر محل کو ہو گیا
کہ کیتے محل تم ہو پیدا کئے — خدا واسطے تک کہو میرے سے

یہ عاقل نے وہ سن کے ہنسنے لگا
غرض شہ کی دیوڑی مین پہونچا، جا

سہیلیان نے یہ دیکھہ حیران ہویاں
یہ کہہ اپنے دامن پریشان ہویان

ہم آزما سپاہی سمجھہ تب اوسے
نظر مین نہ لاتے تھے ہم سب اوسے

یہ آخر کے تئین شہ کا نکلا پسر
وہ حیرت زدیان سب ہوئین مگر

تب عاقل نظر بند کر دیوڑی پہ جا
و آداب آداب کہہ سے کہا

نظر بند دیکھا ہے جو آنکھہ اوسا
سو نزدیک غش کھانیکے ہو گیا

جو دیکھا ہے اوسکے تئین غش کیا
زن و مرد سب لین عش عش کیا

غرض بیٹھا یہ جا کے شہ رو برو
وہ باتین کہیا شہ سے ہو دو بدو

جواہر کو بعد از سے کہولا ہے وہ
بہی تکئے کے تئین لیکی بیٹھا ہے وہ

کہا شہ کے تئین ای شہ خوشخصال
جواہر یہ اپنا دیا شہ ..... نکال

کہ لاچار بندنا پڑا تب ضرور
مین لاچار بند آیا ہون در حضور

یہ مسعود شہ کے تمامی اسیر
نظر بند کو نظران بہجائے وزیر

وہ نذرون کے پادشہ نے لیا
سبہون کے تئین پانڈان وہ دیا

یہ کہا پادشہ مین بہت خوش ہوا
سلام اب کہو شہ کے تئین میرا جا

تب عاقل نے کہلایا اُن سکے تئین
کہ تم لوگ سب جاؤ آؤن گا مین

سب آرام پاؤ تمہین گھر کو جا
مین کل آؤن گا آج نین آؤنگا

گہرون کے تئین لوگ سارے گئے
اور آرام پائے ہین سب جا بجے

اور عاقل نے سب کے ظرف طعام
پدر کے تئین اپنے بہیجیا یا تمام

بڑی شان کی وہ ضیافت تمام
شہنشہ کو بہیجوا دیا ہے طعام

جواہر کے باسن مین کہاتا تہا وہ
وہ اس شان و شوکت کا تورہ تہا وہ

ظروف انکے لوگون کو دلوا دیا
وہ پہر باز پرس اُن ستی نین کیا

وہ آرام تہوڑا سا پاکر اوٹہا
نظر بند کہانیکو لاؤ کہا

اپنے اور شہزدہ کو کہانیکو کہا
وہ پہر شہر کو بڑیان بنا کر دیا

مکدر بہت ہی شاہ اوس روز تہا
پہر آخر کے تئین شاہ رونے لگا

تب عاقل نے سمجہانے شہ کو لگا
اودہر اور ادہر کے وہ باتان کیا

وہ سمجہایا ہے بادشاہ کو پرے
جو تسکین شہ اپنے دلکو کرے

وہ شب کے تئین سو رہے تال تمام
ملے ہینگے اسمین بہی یکدل تمام

در بیان رفتن روز دیگر نزد پدر و مادر خود

ہوئی صبح عاقل نے ہوشیار ہو
گیا باپ کے مجرے کو جلد اد

سہے آداب لایا پدر کو سبہا
وہ پہر والدہ پاس اپنے گیا

وہ پہر مان کو بہی جاکے مجرا کیا
بلا اوسکے تئین مان گلے لی لگا

جو مسعود شاہ اوسمین آیا ہے گہر
اوٹہا تب ہے تعظیم کے سین سپر

جو بیٹہا ہے مسند پہ آ پادشاہ
پسر بیٹہا آداب لاکر سبہا

لگی پوچہنے مان نے بیٹے ستی
نظر بند کے حال کے تئین سبہی

وہ ماں کے مصاحب اک عورت کتیں — تب عاقل بلایا ہے نزدیک وین
پھر عاقل نے ماں باپ سے یوں کہا — پہ مخفی رہے جو کہ مین بولونگا
ہے تاکید اُس زن کتیں بھی کیا — یہ ظاہر کسی پر نہووے کہا
وہ پھر اپنا قصہ کہا ہے تمام — کہا ہے شروع سے وو تا انصرام
وہ عورت کتیں بولتا تھا سبھی — وہ عورت نے ماں باپ سے کہتی تھی
نظربند کا حال پھر سب کہا — وہ عورت ہے نیں مرد کر تب کہا
یہ سُن باپ ماں اوسکے کہنے لگے — پری کیوں پڑی تیرے پیچھے ارے
پری کا بھی قصہ وو سارا کہا — جو مارا تھا یہ پھر سے میں اژدھا
پھر عاقل نے ماں باپ سیتی کہا — پری کے سبب یہ میرا جی بچا
اگر یہ نہوتی تو بچتا نہ میں — وہ پھر قید کا حال بولا ہے وین
یہ سُن ماں نے بیٹے سے کہنے لگی — نظربند کو صدقہ کروں تجھ پہ سے
کئی وقت پیچھے لے عاقل رضا — وہ سیدھا پری پاس وانسے گیا
پری پاس سے جو کہ عاقل اُٹھا — نظربند کے پاس واں سے گیا
دو وقت وہ جاتا تھا ماں باپ پاس — پری پاس ایک وقت و شبکی پاس
مقرر یہ معمول عاقل کیا — وہ اِس طور سے آپ رہنے لگا
ضیافت طرف سے نظربند کے — بھی عاقل نے بھجوائے شہ واسطے
دو وقتہ یہ ہر روز بھیجا طعام — کہ جب تین دن ہو چکے ہیں تمام

پری شاہ مسعود کے واسطے　　ضیافت بھی بھیجی بڑی شان سے

بہت خوب کھانے کئے اقسام کے　　وہ سب خوان نقرہ طلا کے اتھے

تھے باسن جواہر کے اوس مین تمام　　وہ بھیجی ہے پاکیزگی سے طعام

پری نے بھی شہ روز بھیجی طعام　　وہ شہ دیکھ سب خوش ہتو ہیں تمام

در بیان ضیافت نرگس پری

سمن ایک دن بولا عاقل سے آ　　تمھیں بھائی صاحب کہتے ہیں کہ ذرا

بُلا لینا نرگس پری کے تئین　　بہت چہتی ہے دیکھنے کے تئین

تمھیں دیکھنے کو بہی چہتی ہے وہ　　تمہارا بہت شُکر کرتی ہے وہ

تب عاقل سمن سے قبولا یہ بات　　نظر بند سے جا کے بولا یہ بات

نظر بند کی مرضی آئی ہنین　　اور اُس شہ کو یہ بات بھائی ہنین

مُناسب نہیں ہے تب عاقل کہا　　وہ آنکے جاوینگی اب پادشاہ

بُلانا مناسب ہے دُلہن کو وہ　　کہا شہ بُلا لیو جب چہتے ہو

تب عاقل ضیافت کو تیار کر　　اونے شاہ سے اپنے پھر بولکر

بُلایا ہے دولہ و دُلہن کے تئین　　بڑی شان سے آئی دلہن نے وین

تب عاقل نظر بند سے بولا ہے جا　　تمھین تاج پہنو برائے خُدا

نظر بند مشکل سے راضی ہُوا　　شہ پہنا بھی کپڑے سب اپنے منگا

پھر اتنے مین آئی ہے نرگس پری　　شرم سے سلام ہے نظر بند کو کی

نظر بند اوسکو لگایا...... گلے ‏ ‏ ذرا مسکرائے اوسے دیکھ کے
پری پھر تو عاقل سے جا کر ملی ‏ ‏ بہت شکر ہے اوسکو تیرا کبھی
نہوتا تیرا اگر قدم درمیان ‏ ‏ نہ ہرگز کبھو میرا بچتا یہ جان
تب عاقل کہا رب کیا تیرا کام ‏ ‏ ہیں کیا چیز ہون نہیں ہے یہ میرا کام
وہ پھر بیٹھی ہے پاس شہ کے پری ‏ ‏ لگائی نظر بند کو تھی ٹکٹکی
تب عاقل نے کہا اے آؤ کہا ‏ ‏ سمن شاہ کو بھی بلاؤ کہا
سمن شاہ دیوان خانہ میں تھا ‏ ‏ اوسے تب بلا لائے جلدی سے جا
سمن شاہ نظر بند کو دیکھ کے ‏ ‏ پڑے پاؤن پر اور گلے کو لگے
کہا یہ ترے طرف سے میرا کام ‏ ‏ ہوا ہیگا ای شاہ عالی مقام
ترے مقصد ان بھی خدا لائے بر ‏ ‏ خدا دیویگا تجھکو اسکا ثمر
اور عاقل کے بھی او لگا ہے گلے ‏ ‏ جو پھر کھانا کھانے کے تئین کو چلے
وہ پھر لا کے دستر بچھائے ہین وین ‏ ‏ سبھون کے وہ ہاتان دھلائے ہین وین
بھی نرگس پری اور سمن ارجمند ‏ ‏ لگے کھانا کھانیکو شہ نظر بند
تب عاقل تھا بیٹھا نہ کھا کر طعام ‏ ‏ سمن بولا کھا بھائی آ کر طعام
پری بھی بلائی ہے عاقل کے تئین ‏ ‏ تب عاقل نے بولا مجھے بھوک نہین
غرض پھر وہ سب ملکو کھانیکو کھائے ‏ ‏ لگے ہاتھ دہونے کے تئین جا بجائے
پری ہاتھ دہونیکے وقت شہ کے تئین ‏ ‏ لگے دیکھنے کو تب اوس سمہ کے تئین

سمن دیکھتی دیکھہ نرگس پری — کہا دیکھتی کیون نظر بند کو بھی
میرے بھائی صاحب کے تئین ہیگا ڈول — بنا اوسکا اس واسطے ایسا ڈول
اگر دیکھتی پہلے تو اوسکے تئین — تو کہتی نہین دیکھی ایسا مین کہین
نہ پریون مین جنّون مین ایسا نکوئی — میرے بھائی صاحب کے جیسا ہے کوئی
سمن کو پری پوچھی ہے تب ان — کہو بھائیصاحب تمہارے کہان
سمن نے پھر اکر دیا ہے جواب — بھلا اوسکے باتون مین تھا کچھہ عتاب
میرے بھائیصاحب پہ جو بیٹھے ہین — نظر بند شہ اون کے تئین کہتے ہین
یہ بیماری سے اونکو ہے لاغری — اگر پہلے تو دیکھتی اسے پری
تو کہتی کہ سچ مچ تو یہ ماہ ہے — کہ دنیان مین ایسا نہ کوی ماہ ہے
یہ سُنکر پری نے ہنسی کھل کھلا — سمن دیکھکر یہ تعجّب کیا
پری پھر جو تکرار کر بولی وین — بتاؤ تمھین بھائیصاحب کے تئین
یہ سُنکر سمن نے تعجّب کیا — کہا پوچھتے ہو تم اتنا سو کیا
کہ شاید تمھین حسن ایسا کہین — نہین دیکھے کہین اور دیکھے نہین
دیکھو شہ کو اور اوسکا جو ہے وزیر — کہ یہ دونون ہین حسن مین بےنظیر
یہ سُنکر پری دیکھی شہ کے تئین — ہنسی ہیگی پھر دیکھہ اوس شہ کے تئین
پھر عاقل سنے جوڑی ہین اور پھول پان — جواہر لے آیا ہے اور عطر دان
بتا شہ کے تئین اودیا اُن کو لا — سو پھر اُن کو رخصت کیا بادشاہ

سمن اور پری وہان سے رخصت ہوی
وہ پھر وہان پونچے ہیں گھر کو پرے

دربیان پرسیدن سمن از نرگس پری سبب خندیدن پری را

سمن پوچھا ہے پھر پری کیتئیں
دیکھے بھائی صاحب کتئین یا نہین

پری بولی دیکھی نہین کان ہے وہ
سمن بولا دیکھے نظربند کو جو

کہ وہ ہے شہنشاہ عالی تبار
وہی بھائی صاحب میرا اختیار

یہ سُن کر سمن سیتی نرگس پری
نہین مرد ہے وہ جو عورت کہی

یہ سُنکر سمن کو ہوی تھرتھری
وہ غصہ ستی یون کہا ای پری

مزاخین مرے تو کرتی ہے کیا
مجھے اوس سے صحبت رہی بارہا

اوسے کھیلتا دیکھا ہون نہین شکار
مین اوسکے بہت دیکھا ہون کاروبار

وہ گھوڑے پہ چڑ نیکو ہے بےمثل
چلاتا ہین ہے تیر وہ بے بدل

پہ بولے سو بولے میرے لیے تمھین
کہ بولو نکو پھر کسی سے تمھین

اگر بھائی صاحب سینے اوسکتئین
وہ میرے لیے تمسے نہو خوش کہین

پری سُن کے یہ بات ہنسنے لگی
وہ بےشبہ عورت ہے عورت کہی

میرے بات مین کچھ تفاوت نہین
تو سمجھیگا یہ بات آخر کیتئین

یقین مرد ہے بھائی عاقل میرا
نظربند زن ہیگی بے افترا

سمن سُن کے یہ بات غصے مین آ
کہا تم پریون سیتی ڈرنا پڑا

تمھین مرد کو بھی بناتے زنان
زنون تئین مرد بھی بولین گیان

تمہارا جیسے اللہ رکھے دریںشاہ — عجب کچھ تماشا ہے اب واہ واہ

در بیان شروع شادی با اقرار پسر ان مادر و پدر او

جو اُسپر کئی دن گئے ہین.... گذر — لگے کہنے عاقل سے مادر... پدر

سمن کی تھی شادی سو وہ ہو چکی — ہمین انتظار ہے تیری شادی کی

کہ اب تیری شادی کتئین کیا ہے دیر — جو سب ہم بھی اب آچکے اے دلیر

شروع شادی کر اپنی اب تو ضرور — ہماری وہ آنکھوں کا ہیگا سرور

تب عاقل نے بولا ہے مانباپ سے — خوشی سیتی تابع ہون مین آپکے

تو منجے کو کان بیٹھے گا مان کہی — تب عاقل نے کہنے لگا ان ستی

پری بھیجی گی منجے خانہ کہا — یہ سنکر بہت خوش ہوئے باپ ما

سبھی پھر نجومیون کو مسعود شاہ — بلا کر کہا انکو فضل اللہ

کوئی روز تاریخ اچھی.... نکال — کرو تم خبر آکے بے قیل و قال

وہ پھر دو سہ دن نجومیون نے آ — کہے ملنے یون عرض اے بادشاہ

جو ہے بارہوین رجب سے پھر — وہ پنجشنبہ کا روز ہے خوب تر

جمعہ شب ہر دین دوسرا روز ہے — بہت خوب بہتر دل افروز ہے

کہ اب دولہ دلہن کیہ منجے کتئین — یہ تاریخ اوس روز کی خوب ہین

یہ عاقل نے سنکر کہا از پری — پری سن کے اوسکو مبارک کہی

پھر عاقل کو بولی پری اکبار — وہ محلان مین منجے کو کی ہون تیار

یہ عاقل نے سُنکر بہت خوش ہُوا — پری سیتی اِس طرح کہنے لگا
نظربند کا احوال کیا ہوئیگا — تو منجہ بٹھوا دینگی جسوقت لا
پری نے یہ سُن اوس سے کہنے لگی — کہ وہ اصلی حالت پہ آجائیگی
یہ عاقل ہنسا اور پری بھی ہنسی — پھر عاقل کے دلہن وہی بات تھی
پری نے مرصع کا پھر ایک محل — وہ عاقل کو بھجوائی ہے بے بدل
محل جو کہ دلہن کا تھا سو پری — رکھی اپنے گھر مین بھی اوسکو پری
تب عاقل کے مان باپ نے ایکجا — اوتار دو کہے اوس محل کو لے آ
جو اُترا ہے آکر محل اُوس جگا — سُبھون کے تئین وہ تعجب لگا
محل کی مین تعریف اب کیا کہون — کیا ہون وہ تعریف آگے کہون
پھر آگے کہون گا بیان بر محل — جو کس طور کا تہا مرصع محل

در بیان منجہ نظربند شہزادی و رفتن پھولپری تا بہ آوردن او

کہ جب آئے ہیں بارہوین تھی رجب — یہ عاقل کو بولے ہین مانباپ تب
کہ دلہن کے منجے کو ہے اچھا روز — اوسے آج منجہ بٹھا دل فروز
یہ عاقل نے سُن اُن ستی چپ رہا — پری پاس جاکر کہا ماجرا
پری پھول بولی بفضل خدا — بٹھاتی ہون منجہ اوسے آج ... لا
وہ سب اقربا اور نرگس پری — بلا اپنے گھر مین جمع وہ کری
پھر عاقل کے تئین کو پری نے کہی — نظربند کے وہان سے پھر جاونگی

اوسے لاکے سنجہ بٹھاتی ہون مین — خوشی خرمی سے کبھی آتی ہو نہین
پری سے پھر عاقل نے کہنے لگا — کہ دیکھین بہت ہون مین آپ گھبرا
نظربند کا کیا حال اب ہوئیگا — یقین ہے کہ سینہ تراک روئیگا
پہ بولا سو رونے لگا زار زار — پری اوسکو سمجھا ہنسی یکبار
پری بولی مت ڈر کہ ہے کچھ بہی نہین — کہ سمجھا کے اوسکو لے آونگی مین
تب عاقل نے بولا کہ از دل پری — اوسے لا تو سمجھا کے اے شہ پری
تو مت گھبرا ہو ذرا بھی کبھی — جسے چاہا تو مین اوسے چاہونگی
ترا چاہتا سو میرا چاہتا — کہ کس واسطے تو میرا چاہتا
یہی ارنہین تکرار تھی بار بار — وہ آپس مین گفتار تھی باربار
غرض وہان سےتی عاقل ناسدار — نظربند کے وہان گیا بیقرار
کھلایا ہے اوسکو وہ جا کر طعام — موافق وہ معمول کے نیک نام
کھلایا نظربند کو پان او — اپسے بھی وہ پھر کھایا ہے پان کو
نظربند کے تئین کہا ہیگا او — پری سہ پہر آویگی آج ...... تو
نظربند کو تو خبر کچھ نتھی — کہے کا ہیکو آتی ہیگی پری
نظربند بولا کیون آتی ہے وہ — طبیعت مری خوب نین بول دو
یہ عاقل نے سنکر ہوا گھبرا — کہ تب اوسکا کیا حال ہو جائیگا
بہت مشکل ہوویگا جینا اوسے — سو تب کھانا کھانا و پینا اوسے

کہا ہے ذرا پھر پھرانے کو کان
تیری بات ساری سُنا ہے پریان

ہمیشہ وہ روتے تھے اور تھے خفا
نظربند کا اوس دن بھی وہ حال تھا

نظربند بھی دوپہر کیتئین
جو سویا ہے عاقل بھی سویا ہے اوین

وہین اوٹھ کے منھ ہاتھ اپنے دھو
ذرا کہانا کھائے ہیں پھر دونو او

پھر اوسمین پری پھول یون بھیجی بول
مین آتی ہون کچھ شہ سے کہنا ہی کہول

تب عاقل نے پوچھا نظربند کیتئین
کہ کیا بول بھیجون کہو اوسکو مین

نظربند بولا کہ لیؤ ...... بُلا
تب عاقل کہا آدمی کو بُلا

پری سُن کے سارا قبیلہ بُلا
کہی لاتی ہون مین نظربند کو جا

پری کا قبیلہ وہ مان باپ سب
کہے بہت اچھا بہت خوب تب

تو آئیسا کئی کام اے نیک نام
کہ ہون جس سے خوش جملہ عالم تمام

کہ عورت کے تئین تاج و تخت و کلاہ
سزاوار نین تھا سیوا اے پناہ

غرض سارون کیتئین جمع گھر مین کر
پری آئی ہیگی نظربند کے گھر

پھر اوس روز ہمراہ بہت سے پریان
پری لے گئی تھی نظربند کے وہان

سہیلیان نظربند کے آ پیشوا
پری کے تئین کو اُتاریان ہین جا

پری سے وہ عاقل نے دیوڑہین آ
وہ کر باتین اوس سیتی رونے لگا

پری بولی مت گھابرا ہو ای شاہ
تو خاطر جمع رکھ میرے پادشاہ

مین اچھے طرح سے کرونگی یہ کام
تو خوش رہ میرے ای شہ نیک نام

نظر بند نے لوگ دیکھے یہ حال — پری اور عاقل کے سب قیل و قال

تعجب کئے دیکھ عاقل کا غم — وہ سب اپنے دلمین ہوئے ہین ندم

پری نے تو پھر وہان سے آگے چلی — غرض یہ نظر بند سے جا کر ملی

نظر بند تعظیم دے کر بلا — موافق یہ معمول کے پادشاہ

پری اور کرنے کے باتان کئی — وہ کئے وقت کے بعد کہنے لگی

کہان ہیگا عاقل میرا پادشاہ — بلاؤ جلدی اوسے کوئی جا

بلاتے ہین عاقل کے تئین جا شتاب — تب عاقل نے کہلایا اوسکا جواب

مجھے کام ہے مین اوسی کام مین — پری چپ رہی سن کے یہ بات وین

پری بعد تھوڑا سا وہ چپ رہی — نظر بند کے نزدیک بعد از گئی

وہ نزدیک جا کر گلے سے لگی — وہ پھر اپنا منھ اوس کے منھ پر ملی

کہی جو بنایا خدا نے ..... کریم — یہ بند وہ رہنا اوسمین ہو مستقیم

بنا ہین تجھ مین تیرے تئین کو زن — تیرے سامنے نکلی ہین بے سخن

میرا سب قبیلہ تیرے رو برو — اسی واسطے نکلے وہ رو برو

اسی طور کب لگ رہیگی بھلا — مناسب نہین ہے تجھے یہ ذرا

یہ سنکر نظر بند بے اختیار — ہے اوڑلا کے رونے لگی زار زار

پری اوسکے تئین کو لگالی گلے — پلائی ہے پانی منگا کر اوسے

وہ پھر تاج اوسکا منگالی وہین — ہے پھر چار تب بھی اوتاری وہین

نظر بند روتے تھے بے اختیار
سہیلیان بھی رونے لگے زار زار

سہیلیان لگیان شور کرنے کے تئین
وہ بے اختیاری سے لڑنے کیتئین

پری دیکھکر غصہ مین آئی ہئے
سبھون کے تئین تب وہ دکھائی ہے

کہی کیون برے تم خدا نا کرے
یہ غوغا مچائے ہین کس واسطے

یہ کہہ اونکے تئین بعدہ اکیبار
کہی اپنے لوگون کے تئین کو پکار

سواریان لگا دیو جلدی کہی
سوار ہونے آتی ہون مین اس گھڑی

نظر بند کو گود مین خود اُٹھائی
کہا ڈول مین جلد لا کر بٹھائی

نظر بند رونے لگی زار زار
یہ سمجھانے کے تئین لگی بار بار

پری پھر لگی بولنے یون اوسے
مناسب تھا باپ مان کو تیرے

تیرا بھیس بدلا کے ای نازنین
پھنسائے ہین مشکل مین لا کر یقین

تجھے اس مصیبت مین ڈالی ہین وہ
جو بچپن سے اس طور پالے ہین وہ

تو مردانے کپڑے ستی ایک روز
نہ اچھی دسی مجھکو اے دلفروز

خدا جو بنایا وہی خوب ہے
وہی جملہ عالم کو مطلوب ہے

یہ باتون مین عاقل بھی وہان آگیا
پری کے تئین کو کری کیا کہا

پری نے کہی تیرے تئین کیا ہوا
جو دنیا نہین ہے سو وہی ہوئیگا

سہیلیون کو بھی پھر نظر بند کے
سواری مین بٹھلائی ہیگی برے

وہ پھر چھوڑے پر دون کے تئین ابعد ازان
بلائے ہین بھوتون کے تئین پھر وہان

نظر بند کے لوگ روتے ہوئے ۔ اور آنسو سے منھ اپنا دھوتے ہوئے
کہے کھیلی کچھ کھیل کو یہ پری ۔ ہمین ساری اوپر مصیبت پڑی
ہمارے پہ روداد یہ کیا ہوا ۔ پھنسے ہیں مصیبت مین ہم سارے آ
نظر بند کا احوال ان سب کے تئین ۔ نہ باہر نہ گھر مین تھا معلوم کہین
مگر ایک تھا جو وزیر کلان ۔ اوسے اوسکا احوال سب تھا عیان
وہ فیروز شہ کا تھا خاصہ وزیر ۔ قدمون مین وہ اک اتھا بینظیر
غرض یہ سواریان ہوے ہین سوار ۔ کہاران اوٹھائے ہیں آ ایکبار
وہ باہر کے اور گھر کے لوگان تمام ۔ لگے رونے کے تئین سبھی خاص عام
عجب وہان ہوا وقت خیر عظیم ۔ لگے رونے سارے جدید و قدیم
غرض پھر وہان سے سواریان چلے ۔ پری کے جو آ گھر مین داخل ہوے
خبر یہ سنے جب صغار و کبار ۔ سبھی پیشوا آئے ہین ایکبار
سواریان جو اتریان صغار و کبار ۔ لے آمنڈپ رسم کو ایکبار
نظر بند کو دھوم سے سب پریان ۔ اوتارے ہین منڈپ پکڑ کر وہان
لگا راگ ہونے کے تئین وہان تمام ۔ خوشی سے ہوا اک بڑا اژدھام
نظر بند کے تئین گو دین لے لئے ۔ نہلانے کو حمام مین لے گئے
پرمان رسم سے پھر نہلائے اوسے ۔ لیجا سوہا جوڑا پہنائے اوسے
پہنائے ہین پھر ہاتھ مین چوڑیان ۔ وہی مینجے خانہ مین پھر لے گیان

بھی نرگس پری اوس کے سب اقربا ‏ نظربند کو سمجھائے ہین لیکر بلا
نظربند روتی تھی بے اختیار ‏ نہایت نہایت ہوئی زار زار
گلے کو لگا لیکے نرگس پری ‏ نظربند کو سمجھاتی تھی اوس گھڑی
سہیلیان نظربند کے جو آئے تھے ‏ اُنہون کو بہی نہلائے ہین اوسگھڑی
پہنائے ہین کپڑے نئے اونکیتئین ‏ کہ چوڑیان پہنائے ہین تب اونکوتئین
وہ پھر سنجے خانے مین لا اونکی تئین ‏ نظربند کے پاس لا چھوڑے ہین
وہ آپسمین آپس نہایت تھے دنگ ‏ لگا پھر تو ہونے کے تئین ناچ رنگ
لگے گانے کے تئین سبھی جابجا ‏ گئے بہانت کے ریختے اوس جگا
لگے کھانے پینے کے تئین جابجا ‏ سے تورے جوڑے بٹے اوس جگا
دلہن روتی روتی ہوئی تہی تدم ‏ اوسے سارے سمجھاتے تھے ایک قلم
کسی بات سے وہ سمجھتے نہ تھے۔ ‏ کسی سے بھی وہ بات کرتے نہ تھے
پری پھول سے بولا عاقل نے آ ‏ بُرا حال دُلہن ہوا ہووے گا
کسی حال سے اوسکا تم دل لگا ‏ کھلا کھانا اور اوسکو پانی پلاؤ
پری بولی تو جمع خاطر رہو ‏ ہمیشہ خدا اوسکا ناظر رہو
مین سمجھاکے کھانا کھلاتی ہون جا ‏ تمہین گھبرانے مت رہو یک ذرا
وہ دن جاکے جب دوسرا دن ہوا ‏ تھی وہ تیرہوین اور دن جمعہ کا

دربیان منجہ عاقل شہزادہ و شروع شادی

تب اوس روز مسعود شہ کے تئین — وہ دعوت کے رقعہ لکھایا ہے وین
وہ تب رسم کے سات عاقل کے تئین — نہلائے بڑی شان و شوکت سے بین
اور ایک جوڑا اوسکو پہنائے نکال — جواہر لگا تھا اوسے بیمثال
تھا در دامن لو لوئے بے بہا — وہ جامے کے اطراف تھا سب لگا
وہ مسعود شاہ پھر جواہر تمام — پہنایا ہے بیٹے کے تئین نیکنام
یہ مسعود شہ پھر کہا لو خبر — جلوس آیا ہے یا نہین جلد تر
وہی لوگ جو دیکھہ آئے خبر — سبھی لوگ آکر کھڑے ہے منتظر
وہین شاہ جلدی منگا لیو کہا — کرو اطلاع بادشاہون کو جا
یہ پھر عرض وین شاہ کے تئین کری — جلوس آکے تیار ہے گا سبھی
نظر ہند کی فوج حضرت کی بھی — کھڑے ہے گی اب منتظر آ سبھی
یہ سنکر شہنشاہ بہت خوش ہوا — پکڑ بیٹے کا ہاتھہ لیکر چلا
سبھی گاتے بجاتے چلے عورتان — کہ تا دیوڑہی تک وہ سارے زنان
لگے گانے باہر کو سیرافیان — وہ کھینچا ہے پردے کے تئین دیوڑہیان
چڑہا فیل پر جا کے مسعود شاہ — بٹھائے ہیں عاقل کے تئین تخت جا
بڑے دھوم سے تو وہ گاتے ہوے — چلے شادیانے بجاتے ہوے
غرض سنجے خانے مین پوہنچے ہین جا — وہین اوترا ہاتی سستی بادشاہ
وہان سنجہ خانے مین پوہنچی پری — وہان آکے دیکھے عجائب سبھی

ہے تیار وہان کار خانہ عجب | کہ داروغے اُوسپر مُقرّر ہاین سب
بچھے ہین سبھی پادشاہون کے تخت | سبھی چیز ہے جاے ہر ایک لخت
لگ ہینگے قندیل سب جابجا | اور اچھا ہُوا فرش ہے اوبھگا
چنگیریان تھے تیار اور عطردان | گلاب پاش تھے اور تھے پاندان
پرستان کے آکے رقاص تا | ہین بیٹھے ہو تیار سب جابجا
کہ ہے سامنے حوض اور ہے چمن | وہ خانہ بہت خوب تھا دل لگن
اور ایک کوٹھری شاہ عاقل لیے | وہ منجے کے تئین کو تیاری کیے
جواہر کا وہان اک چھپر کھٹ بچھا | وہان عود و عنبر کا مہکا رہتا
یہ سب دیکھکر خوش ہوے ہینگے سب | کیئے ہین پری کی وہ تعریفا تب
پھر عاقل کو منجہ بٹھائے ہین جا | مبارک سلامت ہوے جابجا
سبھی تخت پر پادشاہ بیٹھے آ | کیئے حکم تب ناچ کا پادشاہ
جو رقاص تھے وہان پرستان کے | اوبیٹھے بڑی شان اور ناز سے
جو دیکھے اُنہون کے تئین عش کیے | سُبھی اُن کی صورت پہ غش غش کیے
ہراک ساز کو پھر لئے وہ اوٹھا | کھڑے ناز سون ناچ کو جلد آ
وہین ناچنے کو لگے سب پریان | بڑے ناز و انداز سے وہ پریان
تنبورا لگے چھیڑنے کو .... کوئی | بھی مردنگ کے تئین تہاپ دینے کوئی
کوئی بین کے تئین بجانے لگے | وہ حالم کے تئین کو رجھانے لگے

بجانے کے تئین کوئی لگی ہے ستار	عجب عیش کا وہان ہوا کاروبار
وہ رقاص کرنے لگیان ہین ادا	عجب خوش گلو تھے وہ اور خوش صدا
لگیان گانے وہ ریختہ اور الاپ	سنے اوسکو جو کہائے وہ پیچ و تاب

ریختہ

شکر خدا زمانہ عجب سازوار ہے	عشرت کی ساعت اوسکا یہ سب کاروبار ہے
غم سارا گزرا اور خوشی ہے جہانمین	یک ابر کے سوا نہ کوئی اشکبار ہے
ساری جہانسے ہے اٹھا موسم خزان	بلبل پکارتی ہے کہ آئی بہار ہے
بہجت خوشی کا ہوگا جہانمین یہ جشن عام	جس سے کہ سب جہانمین خوشی آشکار ہے
دیکھے جدہر تو ہیگا اودہر عیش و راگ و رنگ	عشرت تمام خلق پہ اب ایکبار ہے
ایسا زمانہ رب رکھے قایم تمام عمر	کرتے ہیں ہم دعا یہی لیل و نہار ہے
سایہ ہے تیرے سر پہ محمد کے آل کا	حافظ تو اب جہانمین تیرے چار یار ہے

لگی بہاؤ پر وہ بتانے کے تئین	سبھی خلق کو وہ لبہانے کے تئین
غرض سارے مدہوش وہ ہوگئے	سبھی محو بیہوش وہ ہوگئے
سبھی سند تھے سارے دیوار و سنگ	یہ سن انکا آواز اور راگ و رنگ
عجائب خوشی کی وہ مجلس ہوی	کئے آفرین آفرین تب سبھی
جو رقاص تھے شاہ مسعود کے	نظر بند کے شہر کے بھی جو تھے
لگے ناچنے کو وہ ہر ہر جگا	جو کوئی چاہے سو دیکھے ہین انکو جا

کوئی شاہ سے عرض کر گھر کو گئے ۔ وہان ناچ دیکھے ہیں اس طرح گئے
کہ جب رات ہوی ہے ہوی روشنی ۔ سبھی شہر مین ہو گئی روشنی
سبھی شہر مین باندھہ کر کٹ کران ۔ چراغان لگائے ہین سب ایکسان
ہر اک جا نہایت ہوی روشنی ۔ گویا دن تھا وہ رات ہرگز نتھی
بچھائے ہین دستر لے آکر وہین ۔ سبھی بیٹھے ہین کھانا کھانے کتئین
سبھی پادشاہان بھی کھانیکو کھا ۔ وہ پھر بیٹھے ہین تخت پر اپنے آ
وہ دولے کو بھی کھانا کھلوائے ہین ۔ وہین ناچ کا حکم کروائے ہین
اسیطور سے رات ساری گئی ۔ غرض پہر سحر وہان خوشی سی ہوی
جو مسعود شاہ تورے بٹوائی ہین ۔ وہ پر خوان سارا بھی دلوائے ہین
بھی جوڑے بٹائے ہین مسعود شاہ ۔ دوشالے جواہر سے تب پادشاہ
وہ ہر ایک رتبہ موافق دئے ۔ جو لایق تھے جسکے سو اوسکو دئیے
اوسی طور سے پھر ہوا راگ و رنگ ۔ غم و غصہ بھاگا ہے ہو کر تنگ
سمن اپنے دلمین تب حیران تھا ۔ نہایت نہایت پریشان تھا
کہ عاقل کی نسبت ہوی کس ستی ۔ اور عاقل کی رغبت بھی تھی کس ستی
کہ شاید مری سالی ہے پھولپری ۔ اب یہ شادی ہوتی ہے اب اس ستی
وہ پھر اپنے دلمین کیا ہے یہ دہیان ۔ نظر بند نین آئے سو کیا یہان
کہ عاقل مین انہین ہوی ناخوشی ۔ نہین آئے ہین اس لئے بیاہجی

یہ عاقل نہایت کئے ہین برا ۔ کہ اب بھائی صاحب کے تئین نین بلا
وہ شادی مچائے ہین اس دہوم کی ۔ میرے دل کے تئین کو و مغموم کی
کہ کیا بھائی صاحب کا ہووےگا حال ۔ بہت اُن کے دل پر بھی ہوگا ملال
کہ مین بھائی عاقل کے تئین پوچھونگا ۔ سمن اپنے دل مین مصمم کیا
لگے ہونے ہر روز پھر ناچ و رنگ ۔ غم و غصہ بھاگا ہے ہو کر تنگ
لگے کٹنے کو اِس طرح روز و شب ۔ عیان تھے خوشی سب زمانے پہ تب
غم و غصہ نین تھا کسی فرد پر ۔ خوشی خورمی تھی زن و مرد پر
سبھی جن و انسان پر تھی خوشی ۔ سنو بلکہ حیوان پہ تھی خوشی
نبات و جمادات پر تھی خوشی ۔ کہ تھی دن پہ اور رات پر تھی خوشی
کہ اس طرح ایک سال تھا دہوم دہام ۔ طرب اور خوشی تھی جہان پر تمام
پھر عاقل کے تئین کو سمن وقت پا ۔ یہ پوچھا ہے جلدی سے نزدیک آ
کہا ہے مناسب کئے تم یقین ۔ بلا ہے جو نین بھائی صاحب کے تئین
اگر مجھکو تم بولے تو جا بولاؤن ۔ اسی وقت پر اُن کے تئین بہلاؤن
یہ سُن شاہزادے نے تھوڑا ہنسا ۔ سمن نے تو پھر اوس کے تئین یون کہا
تمھارے کہو نام دلہن کا کیا ۔ کہ شاید پری پھول ہیگی کہا
نہایت مین اس بات سے خوش ہوا ۔ میری سالی کو تم جو شادی کیا
اور یہ بات بھی سُن کے عاقل ہنسا ۔ جواب اوس کے تئین کو نہین کچھ دیا

غرض اس طرح روز و شب دھوم تھا | سمن شاہ ہر وقت مغموم تھا
نہ ہلتی تھی اوس سیتی نرگس پری | جو احوال پوچھے نظر بد کا بھی
کہ وہ منجھے خانے مین دلہن کے تھی | سمن سیتی وہ ہل نہین سکتی تھی

در بیان بسنت

بھی ہر روز ہونے لگا ناچ و رنگ | کہ جب العرض آیا ہے روز رنگ
پری دھوم سے رنگ بھجوائی ہے | سبھی اُسکا اسباب دلوائی ہے
تھے پچکاریان اور کُنْدَن کرے | طلا اور نقرے کے چھوٹے بڑے
بھی کندن گھڑونمین بھرا تھا شہاب | بھی کتنونمین تہا زعفران اور گلاب
پری زاد جوڑے بھی بھجوائے ہین | سبھی پادشاہون کو دلوائے ہین
وہ حوضون مین سارا بھرا دیکے رنگ | لگے کھیلنے کو وہ با راگ و رنگ
ہُوا رنگ کا وہان بڑا دھوم دھام | لگے کھیلنے رنگ کر کر تمام
لگے کھیلنے پادشاہان تمام | لگے کھیلنے قمقمے نیک نام
لگے کنچنیان گانے اور کھیلنے | وہ ہر ایک کو رنگ مین پکڑ ٹھیلنے
غرض شہر سارا ہوا رنگ رنگ | وہ رنگ مین عجب یہ ہُوا رنگ برنگ
وہی رنگ سے جب کہ فارغ ہوے | سبھی نہانے ہیں جاکے پھر جلد ہی سے
پری بھیجی ہے پھر حریرے بنا | بٹھائے وہ ہر اک کے تئین جابجا

در بیان رسم ساچق یعنے بری

کہ جب وقت پھر سہ پہر کا ہُوا | تیاری ہوی ساچق کی جابجا

جلوس آ کے حاضر ہوا ہے تمام
سبھی زرد پوشی گئے خاص و عام

نہایت تھے مسعود شاہ پر خوشی
اپنے بھی ہوا زرد ایک بارگی

سمن بھی ہوا زرد پوش اس جگا
کہ زرد یکا وہاں ایک سما یا ہوا

پہنچے ہے گھوڑے پر کوئی بہ نال کی
کوئی ہاتھی پر کوئی بہ پال کی

پھر عاقل کی ماں اور سمن شہ کی ماں
مہاڈول پر پہ سوار ہو چلیاں

ہزاروں سے سکھیاں تھے بے انتہا
تھے سونے کے سکھیاں جواہر جڑا

نہیں تھا جواہر کا بیننا نگار
عجب کچھ ہوا تھا تب اسکا بہار

چھتریاں ہاتھ میں پادشاہاں لئے
تھے سوتی منقیش و جس پر لگے

بڑی شان و شوکت سے لیکر بری
چلے ہیں وہ دلہن کے گھر کو سبھی

ہو پونچے ہیں گھر میں یہ دلہن کے جا
پری زاد آئے ہیں سب پیشوا

وہ دونوں طرف سے چھڑیاں کھیلتے
چلی سوتیاں کے لڑیاں کھیلتے

وہ پھر سمدیوں کو دئے صندل ہاتھ
رکھے چوبے شربت لے آنیکذات

جو تھا رسم سارا لے آئے بجا
وہ پھر بیٹھے سب تخت پر اپنے جا

وہیں ناچ کے تئیں کرائے شروع
عجب عیش کا وہاں ہوا ہے وقوع

کہ جب سمدناں گھر میں پونچی ہیں جا
پریاں آئے ہیں اُن کے سب پیشوا

بچھا پائے انداز ساری وہاں
اُنہوں کے تئیں اُس پو سے لیگیاں

او سیلیاں سے کھیلیاں وہ چھڑیاں
وہ آپس میں آپہی سمدناں

صندل ہاتھ پھر اونکے تئین کو دئے ۔ وہ شربت پلا اور چوبا رکھے
مزاخین وہ آپسمین ہیں پھر گئے ۔ وہ پھر ناچ کے تئین کرانے لگے
کہ پھری پھول آئی ہنین سامنے ۔ کہ نواخل کی ہان ساس ہے اس لئے
اور وہ دردسر کا بہانہ کئی ۔ کسے اپنے لوگان سستی نین کہی
ہوا صبح تک وہاں سبھی راگ و رنگ ۔ سبھی محو تھے تا کہ دیوار و سنگ
کہ جب صبح کو دو گھڑی شب رہی ۔ سبھی سمدنان سمدیان اوٹھ گھڑی
رضا لیکے آئے گھر ونچے تئین ۔ بھی سو سو کے آرام پائے ہین وہین

در بیان مہندی

نمودار پھر جب ہوا ہیگا روز ۔ عجب روز تھا عیش کا دلفروز
بھی مہندی بڑی دھوم اور دھام سے ۔ بڑی شان سے اور اکرام سے
دلہن کے وہ گھر سیتی دو لیکے گھر ۔ لے آئے ہین اوس روز با کروفر
جواھر کی مہندی تھی وہ بے بہا ۔ لگے اوسکو موتی تھے سب جا بجا
ملیدے کے خوانان وہ ہمراہ لے ۔ بھی جو جو لوازم تھے اور رسم کے
وہ دولے کے گھر کو لے آئے ہین تب ۔ بہت عیش و عشرت سے آئے ہین سب
اوسی طور کا وہان ہوا دھوم دھام ۔ کہ ساچق مین جو کچھ ہوا تھا تمام
پریان اور پریزاد آئے تمام ۔ اوسی طور کا عیش پائے تمام
اور اُس روز بھی آئی نین پھولپری ۔ بھی وہ دردسر کا بہانہ کئی

اوسی طرح کا پھر ہوا دھوم دھام
قریب سحر گئے گھرون کو تمام

گئے ہین گھرون کے تئین آرام جا
نمودار ہوی صبح اور شام جا

دربیان شب گشت عاقل شہزادہ

ہوا روز شب گشت کا جب عیان
لگے کرنے خوش وقتی ساری جہان

پری پھول بھیجی ہے دولے کتئین
گھڑے سونے کے تب نہانے کتئین

که اک دولے کا جوڑا تھا بے بہا
تھا موتی ٹکا اور جواہر لگا

تھی گھوڑے کی پاکھر جواہر نگار
وہ دولے کے بھی پھول کو نیک کار

ہو تھا رسم بھیجی ہے دولے کتئین
وہ بھیجی ہے عاقل کے ماں پاس ہین

دربیان جملہ معترضہ سمن شہزادہ بہ عاقل شہزادہ

سمن آکے اوس روز عاقل کتئین
لگا بولنے ہو نہایت غمین

تمھین بے مناسب کئے آج ایک
که اسمین نظربند کی نکلی ہتک

مگر آج کا روز اے بھائیجان
مین کہتا ہوں سو تو میری بات مان

نظربند کو کسطور سے بھی تو لا
لڑیا ہے تو مل اوس ستی آج جا

مین یہ بات کہتا ہون سو مان تو
مجھے اپنا کر دوست پہچان تو

که کیا ناخوشی لا کے ڈالی پری
جو اس طرح تم مین جدائی پڑی

نہین تو تم آپسمین تو نیک تھے
دو قالب تھے اور جان تم ایک تھے

یہین حکم کر دیو اب کسکے تئین
نظربند کے تئین جا بلا لاؤن مین

که اوس بن نه سهرا اسپندو تم کهین — رکهو یاد یه بات میری یقین
یه سهرا انهوکے سبندو بات سے — مجھے فکر ہے یه بڑی رات سے
میرے جلوه کے روز دیکها نهین — وه آئے بن سهرا مین باندها نهین
خدا نا کرے آگے سے ناخوشی — نهین ہوی ہے بلکه نهین ہووے گی
که جس وقت مین تم یه غصه ہوا — تمهین قید جب تها کیا پادشاه
تب اسوقت مین بهائی صاحب میرے — میری سب نصیحت کتئین مان لے
تمهارے بلانے کے تئین آپ جا — وه ہمراه اپنے لے آئے بلا
دیکهو کچهه تو اب بهی نهین ہے ہوا — میری بات سن لو برائے خدا
مجھے دوست اپنا پچها نو تمهین — پچهانو اگر نا پچهانون تمهین
پر اتنی سنو بات میری تمهین — وگرنه تو پچهتاؤگی تم یقین
که تب اوسکا حاصل نهین ہوئیگا — مثل ہے میرے تئین یاد ہے ایک کها
که جو وقت جاتا سو آتا نهین — مگر یاد رہتا سخن سب کے تئین
یه میری سنو بات اوسکو بلاؤ — بلاؤ بلاؤ اوسے تم بلاؤ
یه بولا سو مین دوستی سے کها — که تو سن نه سن اختیار ہے ترا
یه عاقل نے سن سن کے اوس سے کها — بهلا ہے بهلا ہیگا اوس سے کها
سمن بولا تو مت اڑانا اوسے — یه کام آویگی بات آخر تجهے
یه کهکر سمن اپنے گهر کو گیا — جو پهر سر پهر کا سمایا ہوا

در بیان شب گشت عاقل شہزادہ

جمع سب ہوئے سنجی خانے میں آ / لگا ناچ ہونے کے تئین جابجا
خوشی خرمی سے جب آئی ہے شب / وہ منہہ اپنا خوش ہو دکھائی عجب
کیا حکم اس طور مسعود شاہ / کہ روشن کرو مشعلان جابجا
جلوس شہی کو لے آؤ تمام / دیؤ اسکو ترتیب کرو انتظام
وزیران یہ سن حکم لائے بجا / کیا او جو کچھہ شاہ نے تھا کہا
جلوس نظر بند و مسعود شاہ / وہ جلدی ستی آکے حاضر ہوا
نظر بند کے ارکان وزیران جو تھے / سبھی اپنے دلمین پریشان تھے
وہ آپسمین غم سے تو کڑھنے لگے / پھر اسطرح سب ملکے کہنے لگے
ہمارے شہنشہ کے تئین یہ پری / کہ وہ کچھہ تو کچھہ دشمنی سے کری
نظر بند کے تئین دیوانہ بنا / اپے سلطنت اوسکی لی بجیا
کہ عاقل بھی اس کام مین ہے دخیل / دیکھو پہلے نفر تھا اور تھا ذلیل
کہ کیا کیا کیا ہیگا وہ بحیا / وہ آخر نمک پر حرامی کیا
نظر بند اوس سے کیا کیا سلوک / وہ آخر کے تئین شہ سے ہوگئی ہے چوک
وہ ایسے کے تئین کو بڑھانا نہ تھا / اور اپنا مصاحب بنانا نہ تھا
ہمین بولے ہین شاہ سے بارہا / نہین پادشاہ کچھہ ہماری سنا
نظر بند کے آگے آپس مین تب / وہ اسطور خفگی سے کہتے تھے سب

جو کچھ منھ مین آیا سو کہتے تھے وہ
جو القصہ گئی ہے پہر رات جب
کہ شہزادہ عاقل کے تئین کو نہلاؤ
نہلائے ہین پھر شاہزادی کے تئین
نہایت تب اوسوقت تھا اژدحام
سمن اور اوس کا پدر جا کے وہین
نہایت خوشی مین تھا مسعود شاہ
سمن پھر کہا ہیگا عاقل کے تئین
غرض شاہ لے نام اللہ کا
مبارک سلامت ہوی جا بجا
تمھین اپنے مان پاس جلدی سے جاؤ
پھر عاقل نے وہان سیتی جلدی اٹھا
پکڑ کے سر پہ منڈف وہ گاتے ہوے
یہ مان دیکھ بیٹے کے تئین خوش ہوی
مجھے یہ بھی دن کو دکھایا خدا
غرض مان نے جلدی سے بیٹے کے تئین
پھر عاقل کے تئین کو گلے سے لگا
اور عاقل کے تئین دی ہے مان نے رضا

ہمیشہ ہی محزون رہتے تھے وہ
یہ مسعود شہ نے کہا ہیگا تب
پری جو کہ بھیجی سو جوڑا پہناؤ
بھی نہلا کے جوڑا پہنائے ہین جو ہین
سب اپنے پرائے جمع تھے تمام
لے آئے ہین شہ پاس عاقل کے تئین
کہا دن دکھایا مجھے یہ خدا
کہ کیون نہین بلائے نظر بند کو ہین
جو سہرے کو بیٹے کے سر پر بندھا
شہنشاہ عاقل کے تئین کو کہا
وہان دودھ کا رسم کر جلد آو
محل مین جو مان کے وہ داخل ہوا
چلے سات اوسکے بجاتے ہوے
کروڑون سے شکر الٰہی .... کئے
مین کیا شکر اُسکا لے آؤن بجا
پلائی ہے پھر رسم سے دودھ وہین
کہے تیرے تئین ہیگا حافظ خدا
اوسی طور سے پکڑ کے منڈف لے آ

ارسی طور گاتے بجاتے پھر

سبھی دھوم دھام ست سیر اشتیان

وزیر و امیر اور سب بادشاہ

بہت خوش ہوا دیکھکر بادشاہ

پھر عاقل کو بولا شہ با نصیب

مین سونپا ہون تیری تئین بر خدا

تب عاقل نے تسلیم کرا یکبار

عجائب ہوا ہیگا اوسجا ہجوم

سواری کوی برعماری کیا

کوئی نالکی پر ہوا ہے سوار

کوئی اپنے رت کے تئین کو منگا

وہ مسعود شہ اور سمن اوسکا باپ

نہایت خوشی مین تھا مسعود شاہ

کہون کیا مین اسوقت کا اب سمان

مین کرتا ہون کچھ مختصر وانکی بات

وہ دولے کا آہستہ چلنا منک

تھی شہزادے اوپر نہایت خوشی

بیان روشنی کا مین اب کیا کرون

کبھی پہونچیا ہے دیوڑی ملک لااوحد

سبھی تجھے کھڑے آن کر چپ ادا

گئے لیکے عاقل کنے شہ نزد شاہ

لگایا گلے بیٹے کو جلد آ

کہ نصر من اللہ فتح قریب

سوار ہو نہین اب تو جلد لیجا

ہوا ہیگا گھوڑے پہ جاکر سوار

خلایق کا دہان تھا عجب دھام دھوم

کوئی پالکی کی تیاری کیا

کوئی جاکے گھوڑا چڑھا ایکبار

وہ بیٹھا ہے جلدی ستی اوسپہ جا

چلے دولے کے تئین پکڑ کر رکاب

وہ کرتا تھا ہر دم مین شکر خدا

عجب کچھ خوشی تھی جہان پر عیان

سنو کان دہر کر تم حال برات

وہ سہرے کا منھ پر سے پڑنا لٹک

کہ کرتا تھا شکر خدا ہر گھڑی

کہ لکھنے مین آتا ہے مین جو کہون

نہالوں کی آنکھ عالی اٹھی روشنی
کہ یہ خوبی دن کا ہیں بھی ہرگز نہیں

تھے دو سے کے سب گلدستے آس پاس
گلال اور بارٹے تھے وہ بہت لیے قیاس

جہاں تک کہ اطراف تھے خوش چمن
نہایت وہ دلکو لگے خوش لگن

ہزاروں سے آگے تھے تخت رواں
کہ تھے اور سپہ سب ناچتے کنچنیاں

لگے ہر طرف چھوٹنے کو انار
لگی تار اسنڈل کی دوسری قطار

ادھر ایکطرف تہے سبھی ماہتاب
گویا رات کا دن ہوا ہے شتاب

ادھر ایکطرف سیتی چھوٹنے کو بان
گئے آسمان سیتی جاکر قران

لگے باجنے کیطرح سب باجنے
خوش آواز سیتی بہت سا جنے

عجب کچھ ہوا ہیگا وہاں دھوم دھام
نہ ایسا کوئی بیاہ دیکھا انام

دیکھو اوسکی یہ اور قدرت کیتیں
چھپا یاں بھی نکلیاں تماشیکو دینا

پھر عاقل کی ماں جبی ہوئی ہے سوار
کبھی چنڈول خاصے میں وہ ایکبار

سمن کی بھی ہمراہ لے ماں کیتئیں
چلے بینگے دولہن کے وہ گھر کو ہیں

غرض پچھلی جب دو پہر شب رہی
شہر گشت پونچا ہے دولے کا بہی

پریزاد سب پیشوا آئے ... ہیں
دہینگانے کو دولے کے اٹھائی ہیں

دہینگانے کا بہی رسم جو تھا ہوا
وہ دولے کو راہ چھوڑے ہیں جابجا

پریزاد سب مل کے نوشاہ کتئیں
لیجا تخت اوپر بٹھائے ہیں وہیں

بہی مسعود شہ اور سمن کا پدر
سبھی بیٹھے ہیں تخت پر آن کر

پریزاد پھر اُن کو شربت پلائے
وہ پھر تہال چوبے کے تئیں کو منگائے

تب وہ کہا نبہ اقسام سے کر لا طعام　　بچھا لا کے دستر رکھے ہین تمام

ہر ایک رسم وہان ستار لا سے بجا　　دئے ہینگے وہ پھول اور پان لا

وہان روبرو ناچ ہونے لگا　　تب اوس وقت پر ایک سمایا ہوا

کہ وہ صبح کے وقت پر رنگ و راگ　　لگے پھر وہ گانے کے تئین کو بہاگ

تب اوس وقت پر ایک بنا تھا فرا　　وہ لکھنے مین آتا نہین ہے فرا

عجب تھی زمین آسمان پر خوشی　　کہ عالم کے اوپر تھی سب خورمی

وہان قاضی کے تئین بلائے ہین پھیر　　بہت کچھ مہر اوسکا باندہے ہین پھیر

پھر انعام قاضی کے تئین کو دئیے　　خوشی سیتی اوسکو روانہ کئے

دربیان جلوۂ عاقل و نظر بند

گھڑی آئی جلوہ کی جس وقت پر　　بلائے ہین عاقل کو اوسوقت پر

پیلا باپ ہمراہ لے عاقل کے تئین　　تب عاقل کہا بادشاہون سے وین

تمہارے سے نین ہے مجھے کچھ حجاب　　میرے ساتھ آؤ تمہین سب شتاب

پری اور خاکیان سبھی اوسکے سات　　چلے دولے کے سات وہ خوش صفات

سمن کے تئین کچھ نہین تھی خبر　　نظر بند کی شادی یہ ہوتی ہے کر

پری سیتی جلوہ یہ ہوتا سیج　　چلا ساتھ دولے کے وہ تا سیج

محل مین گیا دولہ سب کے تئین　　بٹھائے ہین سمدیان وہ دولے کو وہین

ذرا دولے کا حال موقوف کر　　ہے دولہن کا اب حال کہنا مگر

لگی روتے دلہن ہوئے بے اختیار　　وہ غش کھانے کے تئین لگی بار بار

جو نرگس پری اور بھی پھول پری تھا
تھے سمجھاتے اوسکو سمجھتی نہ تھی

اسی طرح سے رات ساری گئی
کہ جب جلوہ کی صبح ظاہر ہوی

نہلائے ہین اوسکو رسم سے لیجا
مکلل وہ جوڑا پہنائے لے آ

وہ دلہن نہایت ہوی تھی تدم
پری پھول نے اُس کے چومی قدم

بلائین لئی اور گلے سے لگائی
بہت سا وہ دلہن کے تئین کو سنا کی

منانے سے کان مانتے دلہنان
اوسی طور روتی تھی وہ سرژان

غرض اوسکے تئین جا وہ کرنے لئے
بٹھائے چھپر کھٹ پہ پردہ چھوڑا

چھپر کھٹ کچھ ایسا تھا وہ دیکھیا
سراپا اوسے تھا جو اہر لگا

چھپر کھٹ کے قسمے کیلے ہنگتے
کہ وہ ماہ بیٹھی چھپر کھٹ پہ جب

لگے پھر تو گانے بجانے کے تئین
لگے کھینسیان بہاؤ بتانے کے تئین

عجب کچھ کیسان ہین وہ ناز و ادا
ہر اک مہر انہون پر ہوا ہے فدا

بھی ماشطہ آکر ہوی جب تیار
لگے جلوے کا کرنے کو کار و بار

جو چھپتے سو بی بیان چھپی ہین ہین
لگے ہونگے سب جھانکنے کے تئین

کہ جو جو کہ پھر رسم جلوے کی تھا
وہ مشاطہ تب لائی بینگی بجا

کلام اللہ اور آئینہ کو دکھائے
اور وہ رسم سے پھر تو مصری چبائے

مچا ہوگا تب رونا بے اختیار
پریان سب لگے رونے کو ایکبار

وہ دلہن تو ہوئی تھی بے اختیار
لگی رونے کو مثل ابر بہار

تو سمجھانے کے تئیں لگی اوسکو ساس ۔۔۔ لگا کر گلے بولی مت ہو اداس

کہ بیبیاں ہیں گلے دولے کو تب ۔۔۔ اُٹھا لیؤ دُلہن کے تئیں گو واب

یہ سُنتے ہی دولے کو ہوی ہے خوشی ۔۔۔ کہ یہ آرزو اوسکو مدت سے تھی

خُدا جیسا بر لایا اوسکی مراد ۔۔۔ ہمارے بھی دل ویسی ہی ہو وین شاد

کہ جب الغرض عاقل نام دار ۔۔۔ اوٹھایا ہے دُلہن کے تئیں ور کنار

وہ چنڈول میں تب بٹھائے لیجا ۔۔۔ وہ گاتے بجاتے ہوے جا بجا

بھی نرگس پری اور عاقل کی ماں ۔۔۔ وہ بیٹھے ہیں ہمراہ دولہن کے جا

لگی رونے دُلہن بہت زار زار ۔۔۔ اوسے ساس سمجھاتی تھی بار بار

گلے کو لگاتی تھی وہ ہر گھڑی ۔۔۔ تھی سمجھاتی پھر اوسکو نرگس پری

وہ چنڈول کے تئیں کہار روتے آ ۔۔۔ اوٹھائے ہیں بسم اللہ کہہ اوسجگا

پھر عاقل نے دمان سیتی باہر گیا ۔۔۔ بڑی شان سے جاکے گھوڑا چڑہا

بڑی دھوم سے عاقل نام دار ۔۔۔ چلا جب کہ دُلہن کو لے ایکبار

لگے بجنے نقارے باز یر و بم ۔۔۔ طبل اور شہنائی بھی دمبدم

بھی دولے کے گھوڑے کے تب رو برو ۔۔۔ لگا ناچ ہونے کے تئیں دو بدو

تھی عاقل کے اوپر نہایت خوشی ۔۔۔ برآئی مراد اوسکے دل کی سبھی

کہ تب تو عجائب ہوا ہے سماں ۔۔۔ تماشا سبھی دیکھے آکے وہاں پا

غرض وہاں سے دولہ ٹھمکتا ہُوا ۔۔۔ بڑی شان سے گھر کو پونچا ہے جا

اوتارے ہیں چنڈول دیوڑیاں لا ۔ بُلائے ہیں دولے کو پھر اوس جگا
وہاں صدقے دُولہ و دُلہن پہ لا ۔ اوتارے بہت کچھ بدفع بلا
اوسی طور دولے کے تئیں کو نہار ۔ تو دُولہن کو اپنے اٹھا گود میں
اُٹھا گود میں دُولہ دُلہن کو وہیں ۔ محل میں وہ داخل ہوا جاکے وہیں
بٹھایا ہے مسند پہ دلہن کو جب ۔ تو عاقل کی ماں بولی عاقل کو تب
کہ پلو پہ دلہن کے جلدی ستی ۔ بجا شکر کا لا دوگانہ ..... ابھی
وہ تھا باوضو جلدی سیتی اُٹھا ۔ دوگانہ وہ حق کا لے آیا بجا
لے آ شیر دلہن کے پاؤں کے تئیں ۔ دھلا سارے رسمان بجا لائی وہیں
طعام ولیمہ پھر حاضر کئے ۔ سبھی خویش و پیوند کھائی اُسے
خوشی سے تب عاقل کے پھر باپ ہاں ۔ لے آئے ہیں تب شکر حق کا بجا
اور وہ ہارے مانڈے جو تھی سو اُٹھی ۔ کہ یہ ستہ پہر کے تئیں جلد سیر
وہ جب الغرض دن گیا ہے گذر ۔ غرض تارے لے سات نکلا قمر
بھی دُلہن کے تئیں لاکے کھانا کھلائے ۔ بھی ایک جوڑا اور لاکے تازہ پہنائے
وہ پروردہ جوڑے کے تئیں تھے کئے ۔ معطر دماغیں ہیں جس سے ہوے
تھی دولہن تو رونے سے بے اختیار ۔ نہ کھانے سے پینے سے تھا اُسکو کار
کروں حسن دلہن کا میں کیا بیان ۔ کہ لکھنے سے باہر ہے ای سامعان
جہاں میں جو کچھ حسن تھا سو تمام ۔ نظر بند پہ تھا ختم بس والسلام

قیامت ہوا پھر تو اوس کا سنگار
جو کوئی دیکھے سو غش کرے یکبار

جہان مین نہ تھا کوئی ثانی اوسے
پریزاد بھی دیکھ... ... نے . اوسے

کہ چرچا تھا اوس حسن کا درمیان
سبھی مان تے تھے اوسے عاشقان

غرض پھر وہ دلہن کو کر سنگار
چلے لیکو خلوت مین تب ایک بار

بھی دولے کے تئین چھوڑی مین وہان بلا
کیا تب تو دولے نے شکر خدا

سبھی لوگ وہان سیتی باہر گئے
کوئی جاگتے تھے کوئی سو گئے

کبھی دولہ دلہن کا تو یہہ سنگار
نہ دیکھا تھا ور عمر خود ایکبار

اوسے دیکھ غش کر گیا ایک بار
پھر آخر کے تئین وہ ہوا ہشیار

جو دولے نے دلہن کو دیکھا خفا
پڑا پاؤن پر اور گلے کو... لگا...

کہا مت خفا ہو مین قربان ہون
تو شہزادی مین تیرا دربان ہون

غرض اس طرح وہ منانے لگا
گلے سیتی اپنے لگانے لگا

بنا پان کے بیڑیان پھر تو وہین
کھلانے کو چاہے دلہن کے تئین

نہ کھائی ہے اور ہاتھ مین نہین لئی
اوسی طور سے روتی تھی وہ پڑی

وہ پھر زور سے تب کھلایا اوسے
بہت طور سے تب منایا اوسے

نہین مانی تب بھی وہ با امتیاز
تب اون نے کیا ہاتھ اپنا دراز

یہہ دلہن نے گھبرائی ہے دیکھ حال
جھٹک کر دئی ہات اوس کا نکال

تب عاقل نے دلہن سے لٹ پٹ ہوا
پڑا کچھ وہ دونون مین جھٹ پٹ ہوا

دلہن کو گلے سے لگا وہ لیسا
عجائب زہین پہ سمایا ہوا

وہ آپسمین ایسا ہوے ہین وصال
دوئی کا وہان کچھ رہا نین خیال

لگا ہے بدن سے بدن لب سے لب
مزا پائے ہینگے وہ دونون عجب

ہوا ہے جب آپسمین دونون کا لاگ
حیا شرم وہان سے گئی ہینگے بھاگ

مراد آئی دولے کی اوسوقت پر
جو کچھ چھپا تھا عاقل شیر نر

وہ آپسمین ہین تب ہوے ایک دو
کوئی روسپید اور کوئی سرخ رو

فراغت جو پایا ہے دولے نے وہین
منانے لگا ہیگا دلہن کے تئین

دیکھا توٹ گہنا پہٹا سب لباس
وہ روتی پڑی ہیگی کہو کر حواس

پھر عاقل نے اوسکو بہت سا اسنا
گلے سے لگا کر دلاسا دیا

غرض دولہ باہر گیا فتح پا
سبھی عورتان آئے ہین اوس جگا

جو کچھ رسم تھے سو رے آئے بجا
وہین آئی ہے ساس بھی اوسجگا

نہایت ہوی تب سبھون پر خوشی
دوگانے بجائے ہین از خود ہی

بھی دلہن کے کپڑے وہ بدلائے ہین
نیا گہنا لا اوسکو پہنائے ہین

جو پھر ساس سمجھائی دلہن کتئین
گلے سے لگائی ہے دلہن کتئین

کہے گہا برے مت ہو کچھ غم نکو
خدا تجھکو دیوے گا اچھا ثمر

سحر ہوی ہے وہ رات جاکر تمام
نہلائے ہین دلہن کو لاکر تمام

نیا ایک جوڑا پہنائے ہین لا
سنگارے ہین پھر اوسکو گہنا پنا

تھی دلہن نے روتی تھی بے اختیار　　وہ تھی فکر اور شرم سے زار زار

تھے سمجھاتے لوگان سبھی اوسکو آ　　سمجھتے نہ تھے کس ستی وہ ذرا

بھی دولہ تو باہر نہایا ہے جا　　نہایت تھا دولہ خوشی مین بھرا

تیاری گئی ہے پھر عاقل کی ما　　کہ تنبول پنجیری کی پھر جا بجا

بنا سات اوس کے حریرو کے تئین　　بٹائی وزیرون امیرون کے تئین

پریزادون کے تئین بھی بھجوائی وہ　　خوشی کی خبر سب کو کروائی وہ

یہ سُن خوش ہوئے ہین پریزا سب　　پریان بھی یہ سُن خوش ہوئینگے تب

مبارک سلامت وہ کہلا دیان　　کہ تم ایسے لاکہون کرو شادیان

دربیان کنگن یعنے رسم چوتھی

بھی جب شہ بہر کا سمایا ہوا　　سمن کو پری پھول بھیجا دیا

سبھی چوتھی کا رسم دے اوسکو ساتھ　　بدل بہائے دلہن کی یہ نیک ذات

کہے جا کے دلہن کو ہمراہ لا　　کہ کنگن کا جو رسم ہے آج جا

سمن کے تئین کچھ نتھی یہ خبر　　نظر بند کے واسطے یہ ہے کر

سمن لیکے ہمراہ رسم و سوم　　چلا ہیگا دولے کے گھر کو زہوم

سمن جا کے پونچا ہے دو کے گھر　　رسم لیکے گھر مین گیا تب مگر

ملا ہیگا نرگس پری سے وہان　　کہا کیا سبب مجھکو بھیجے یہان

تجھے بہائی کے بدلے بھیجے سو کیا　　پری اور تھی اون کو تھا بھیجنا

کہ مین آدمی ہون برائے پری — کہ خاکی ہون مین اور وہ آتشی
وہ منھ دیکھکر اوسکا نرگس پری — وہ غصے مین آئی وہ تھوڑا ہنسی
کہی کیون سمن تو دیوانہ ہوا — نظربند کا عاقل ستی بیاہ ہوا
میری یہان سیتی ہوا بیاہ نین — سمن سن کے کرنے لگا آہ وین
کہا تم پریان کچھ کیان اوس تئین — نظربند تھا مرد سچ بالیقین
مین ہمراہ اوسکے رہا سالہا — نہ معلوم میرے تئین کچھ ہوا
یہ کہکر ہنسا ہیگا وہ ارجمند — پری بھی ہنسی اوس سے ازبسکہ تند
پری بولی آگے کہی تھی تجھے — جو لڑنے کو آیا تھا تو میرے سے
یہ باتون مین جو تھے کہ عاقل نے آ — سلام علیکم سمن کو کہا
سمن دوڑ عاقل کے لگ کر گلے — کہا تم عجب کام ہینگے کرے
نظربند کو کہتے ہین شادی کئے — مین سمجھا تھا شاید پری کر لئے
نظربند تھی کیا سو سچ مچ کہ زن — کہو میرے سے تم اے شاہ زمن
پھر عاقل نے تھوڑا سا تب مسکرا — کہا ہان وہ زن تھی زن بے بہا
تب عاقل پری اور سمن بھی ہنسی — گئے بات آخر مین پھر رسم سے
اور عاقل کی مان سے سمن جا ملا — بہی آداب پھر اوسکو لایا بجا
کہ جو رسم ہمراہ لایا تھا وہ — رکھا شاہزادے کے لا روبرو
تب عاقل کی مان نے بہت خوش ہوی — جو دلہن کے تئین وہ سنوارو کہا

کہ دو نیکے تئیں بہا کو بھی چھوڑ اپنا ‎ ‎ چلے دو گھڑی دن تھا جب کہ رہا
وہی طرز شب گشت کا تھا تمام ‎ ‎ چلے ہیں خوشی سے سبھی خاص و عام
پری جا کے پونچی ہے دلہن کے گھر ‎ ‎ چھڑیاں نیکے اترے ادھر اور ادھر
بدل سالی کے ہوی ہے نرگس پری ‎ ‎ بڑی دھوم دھام اوس جگہ پر پڑی
بھی دلہن کی ہیری کو کھلوائے ہین ‎ ‎ مزا با مزا وہ عجب پائے ہین
غرض ہیریاں کھولتے وقت پر ‎ ‎ لگے کھیلنے جو تھی سب خوش ہو کر
بجا لائے پھر سارے رسموں کے تئیں ‎ ‎ لگے چوتھی کو کھیلنے بعد ازین
دیوان خانے میں کھیلے مردان تمام ‎ ‎ عجب کچھ خوشی ہوی ہے در خاص و عام
جواہر وہ موتی کے تھے سب چھڑیاں ‎ ‎ وہ نقشی تھے اور پھول کے تھے چھڑیاں
نوا کے تھے اقسام اقسام کے ‎ ‎ یہ آپس میں ہیں کھیلنے کو لگے
نوا کون کے تئیں کو دئیے پھینک کر ‎ ‎ چھڑی سیتی کوئی مارے ہین دیکھ کر
محل اور باہر سبھی تھی خوشی ‎ ‎ لگا ناچ ہونے کو از خرمی
ہے پھر سحر شب کا جب وقت ہوا ‎ ‎ سبھوں کے تئیں نیند فردی ملا
وہ پھر دولہ دلہن کو رخصت کئے ‎ ‎ بڑی شان سیتی وہ رخصت ہوئے
اوسی طور روتی تھی وہ گلبدن ‎ ‎ کہ جسطرح بولا ہون آگے سخن
غرض لیکے دولے نے اپنی بنی ‎ ‎ چلا ہی گیا پھر گھر کو از خرمی
موافق تھی شب گشت کی روشنی ‎ ‎ وہی طور تھی اور وہی دھوم تھی

وہ پھر تو پہنچے ہیں اُس شہر سے گھر میں جا — سمجھو اسی طرح سے ہیں نیک وہ نجیب
نتیجہ یہ خوشی خستگی سے ہوئی — خوشی سے تو ان کے ہر ایک تھی
نظر بند کی شادی ہوئی انصرام — اب احوال آگے کا پڑھو تم تمام
نظر بند کا فوج تھی سب ملول — ہمارے پہ شہ پہ جو آئیا تھا نزول
نظر بند کے باپ کا ایک وزیر — نہایت تھا ہوشیار و روشن ضمیر
نظر بند کا احوال تھا جانتا — اور اس سارے لشکر کے تئیں یوں کہا
کہ رہتے ہو تم کیوں ملول و خفا — وہ معذور تھے میں جانتا ہوں کہا
جو اوس کے پدر کو نہ تھا کوئی پسر — تب اس شاہ عالی نے یہ فکر کر
یہ دختر کے تئیں کو بنایا پسر — کیا جانشین اپنا وہ نامور
یہ سن فوج سب خوش ہوئی جابجا — لگے کہنے اب تو ہوا ہے بجا
کدورت ہوئی دفع ان کی تمام — وہ پھر خوش ہوئے ہیں سبھی خاص و عام
پھر عاقل کا معمول یہہ تھا پڑا — نظر بند کے پاس رہتا وہ تھا
پری پاس ہر روز ایکبار جا — تھا بھی دیکھتا کام دربار کا
کئی دن جو گذری ہیں پھر اور بھی — عجب سب پہ تھی ان دونوں خرمی

دربیان رخصت خواستن قبایل از پھولپری

پری کے قبایل پری سبھی آ — لگے مانگنے رخصت وطن جانیکا
جواب انکو کچھ دی نہیں نیک بخت — پری پاس عاقل گیا اپنے وقت

پری نے یہ عاقل سے کہنے لگی
ٹلا ہیگا کیا اپنے عہد سے ستی

کہی میرا جو ہے قبیلہ سبھی
کہ رخصت وو منگتے ہیں شہر ستی

مبارک تب عاقل پری کو کہا
پری بولی عاقل ستی سُکر

فراموش کیا شرط اپنی کیا
نظر بند کو جا کے مجھ پاس لا

ہیں رکھتی ہوں کاغذ مہر سند
تو بھولا تو بھولا اے معشوقہ سرد

میرے طرف سے جان تیرا جب
نہیں اتنا لگ رہتا تو کس حکا

تیرے عشق میں مجھکو ہوتا خلل ہے
تجھے مارتی اژدہا کے بدل

تو عاشق کسیکا تھا میں تیری تھی
تیرا کام اس واسطے میں... گئی

اگر شادی تو مجھکو کرتا نہیں
تو میں خاک کردیونگی سب کے تئیں

یہ عاقل نے سن معذرت تب کیا
کیا میں فراموش تھا تب کیا

بہت سازماں گیا استاد
یہ سن تیرے سے مجھکو آیا ہے یاد

نظر بند کو جا کے لاتا ہوں میں
کہ یہ کام دل ستی کرتا ہوں میں

تو خاطر جمع رہ میری شہ پری
اوسے جا کہ میں بھیجتا ہوں ابھی

یہ کہہ کر گیا وو نظر بند کے پاس
یہ ساری حقیقت کہا حق شناس

نظر بند تحقیق سے ہے تب کہے
کہ کاغذ بھی ہر جو ہے اب کہے

وو پھر ساس سے اپنے جالی رضا
پری پاس گئی ہے سواری منگا

پری بیٹھوا آ اوسے لے... گئی
اور اپنی حقیقت وو ظاہر... کئی

نظر بند یہ سُن کے سچ ہے کہی
پری نے وہ کاغذ کے تئین لا دئی

نظر بند کو پھر پری نے کہی
مقرر تو اسباب کو کرا بھی

میکے لوگ رخصت کو ہین مانگتے
نہین راضی اسباب پر کر برے

نظر بند کہی حکم لے ساس کا
جواب اسکا کل مین دیؤنگی .. لا..

نظر بند یہ کہکے رونے لگی
وہ آنسو سے منھ اپنا دہونے لگی

پری پوچھنے مین دئی یہ جواب
کہ تو نے کئی میرے تئین کو خراب

نہین تو مین تھی خوب سے دلکشا
پری بولی قسمت مین تھا سو لکھا

نظر بند یہ سُن کے سچ ہے کہی
جو تقدیر مین میرے تھا سو یہی

پری نے نظر بند سے یہ کہی
کہ کاغذ میرا دیو مجھکو ابھی

نظر بند پری کو دئی ہے نکال
اور وہ اپنے گھر کو گئی خوش خصال

کہی ساس سُسرے سے یہ ماجرا
اُنہون نے ہمین کچھ خبر نین کہا

تو سوکن لے آنے کو ہینگی تیار
ہمارا اگیا کیا ہے اے کامگار

کہ اُس کام سیتی ہمین نین خبر
تیرے دل مین جو کام آیا سو کر

یہ سُن کر نظر بند نے چپ رہی
پری پاس پھر صبح کے تئین گئی

پری کے کہی باپ اور مان سو وہ
پریکو میرے شاہ کے تئین کو دو

نظر بند سے جب کہ وہ یہ سنے
کہے ہم سے کیا کہتی ہو تم برے

نظر بند پھر اونکے تئین کو کہی
مضائقہ کچھ اسباب کا نین تجی

سمن کے تئین ایک بیٹی دئے
میرے شاہ سے اسکی نسبت بجے
تعجب کئے سُن کے یہ بات وہ
لگے کہنے کے تئین پھر اوس بات وہ
ہمین جانتے تھے کہ نرگس... پری
وہ بیٹی ہمارے جو وہ گھر مین تھی
اوسے تو ہمین شاہ عاقل نے
جو اک خاکی کے تئین اٹھا کر دئے
اوسے تو ہمین اپنی نین جانے تھے
جو آپی اوسے ہم تھے جسکو دئے
اور عاقل نے اوس جن کے تئین مار ڈال
ہمارے سے ہم کو ملایا ہے لال
کہ یہ بات اب اوس کے ہے ہاتھ میری
پوچھا اوس کو ہم پہنچے بات مین
بھی نرگس پری کو بلایا ان سے وہ
پری پھول کے تئین وہ [illegible]
پری پھول نے سُن کے شرمائی ہے
بہن کے تئین کچھ [illegible] ہے
بہن بولی [illegible] نیم ہے رضا
کہی آکے اس طرح سے باپ ما
[illegible]
نظر بند کو اس طرح وہ کہا
[illegible] کرو
کہ شادی کو تم ہی مقرر کرو
[illegible] ہوئی
کہ پھر وان سے اپنے گھر کو گئی
[illegible] وہ جا
انہون بولے جو ہیگی تیری رضا

در بیان شروع شادی پھول پری بہ عاقل شہزادہ

وہ وان جا [illegible]
نظر بند لے ساس نے پھر رضا
وہ پھول پری کی [illegible]
لگی اس طرح سے وہ کہنے کو [illegible]

کہتا اور پھری کے دو ہان باپ سے ... کہ ہر آتی ہون شادی کے ...
مبارک ہو بہت بہتر ہے آج روز ... کہ دولہن کیا تجہے کرو ... روز
اُنکھوں لوسے ٹھنڈا رہے اسکین تو ... تو چاہینگی جب روز اس بات تو
نظر بند سار سے پہر نیا د بل ... ہوے ہین وہ راضی جو ہو ایک دل
کہ جب سے پہر کا ہوا ہے سمان ... دولہن کو لیجا کر نہلایان پہ بان
بڑی دہوم سے اوسکو منجہ بٹھاے ... جو کچھہ رسم تہا سو وہ سارے کرائے
وہین دوسرا روز دولے کتئین ... بٹھاے ہین منجہ اوسی طور ...
نظر بند کے شادی کا جو دہوم دہام ... لگا اوسمین ہونے کتئین کو تمام
لگے تورے بٹنے کتنئین کو تمام ... لگے جوڑے پلنے کیتئین خاص و عام
اوسی طرح سے ناچ اور روشنائی ... اوسی طور کی دہوم ہونے لگی
اوسی طرح سے رسم دونون طرف ... اوسی طور سیتی خوشی ہر طرف
بڑی دہوم سے پھر تو نکلی برات ... کہ لکھنے مین آتی نہین اوسکی بات
بڑے دہوم سے پھر تو باندھے نکاح ... ہوی تب ہاے دولے کو دلہن مباح
وہ پھر جلوہ کے تئین وے ہین ہین یا ... جو کچھہ رسم تھے سو کئے ہین وہین
پھر آئینہ قرآن دکھلاے ہین ... وہ پھر رسم مصری بجا لاے ہین
جو پھر وقت رخصت کا آیا ہے وہین ... لگے لوگ رونے کہ دلہن سکھ ہین
اوٹھا گو وہین دولہ دلہن کے تئین ... چلا جون کہ بلبل چمن کے تئین

کہا ڈول ہین پھر بٹھا یا لیجا
نظر بند بھی بیٹھی تھے تب اوسمین جا

چلا ہے بنا لے بنی کے جو تئین
بہت دھوم سے شہ پری کتئین

بہت دھوم سے پونچے ہین گھر کو جا
وہ ڈولے کو پھر ایک دو کھہ آپڑا

طعام ولیمہ دئے ہینگے پھیر
سبھی کہاتے ہین اور پیتے ہینگے پھیر

دھلائے ہین دلہن کے پا دودھ سے
کئے سب کو خوش بخشش و جود سے

ہوی شب گیا ہیگا جب دن گذر
ملے ہینگے آپس مین شمس و قمر

ہے کئے طرح سے اُن مین کُشتی ہوی
پہا پٹ سے آخر کو دوستی ہوی

پہنا ہیگا سارا لباس دُلہن
سبھی گھنا ٹوٹا ہے تا نور تن

تب عاقل نے ہو جنگ کیتئین تیار
چلا ہیگا لڑنے کے تئین شہسوار

چلانے مین تھا تیر کے اوستاد
چلایا ہے وہ تیر کو ہو کے شاد

کہ جو شاہ رگ کے تئین تھا تکا
اوسی جاے پر تیر بھی جا لگا

ہوا ہیگا عاقل تے تب شاد شاد
پری کی بھی بر آئی دلکی مراد

نہایت وہ دُلہن ہوی شرمسار
ہوا ہیگا لالہ کا وہان اک بہار

تب عاقل نے اوس جنگ مین پایا ظفر
جو باہر گیا وہان ستی جلد تر

سبھی عورتان آیان دلہن کے پاس
خوشی سیتی پھر آئے ہین اوسکے پاس

جو کچھ رسم تھا سو بجا لائے ہین
خوشی سے بجاتے دم اور گاتے ہین

خوشی سیتی وہ رات جا دن ہوا
رسم سے دلہن کو نہلاتے ہیجا

بھی دولہے نے حمام باہر کیا
نہایت خوشی سے پھر عاقل کی ماں
حسریرے بتاسے بنا کر تمام
پریزادوں کو پھر وہ بھجوائی ہے
انہو دیکھکر وہ بہت خوش ہوے
کہ جب وقت پھر سہ پھر کا ہوا
پری کی قرابت سے کوئی خوش نہاد
وہ آئے دلہن کے بلانے کے تئین
غرض پھر بڑی شان و شوکت ستی
نظر بند بیگم وہ نرگس پری
پھر عاقل کی ماں بھی ہوی ہمکی سات
غرض پونچے ہین گھر مین دولہن کے جا
لگا ہونے کے تئین رسم و رسوم
بھی دلہن کے میریاں کہلائے ہین وہ
لگے کھیلنے چوتھی سب جا بجا
ہوا ہے بڑا ناچ و رنگ و دھوم دھام
کہ تماشہ پہر رات لگ یہ سماں

نہایت خوشی خورمی مین وہ تھا
گئی حکم تنبول پنچیری کا وہاں
لگی بانٹ نیکو وہ ہر خاص و عام
مبارک سلامت وہ کروائی ہے
مبارک سلامت انہو بھی کئے
تیاری ہوی چوتھی کی جا بجا
برادر چچا زاد ..... یا خالہ زاد
بڑی شان سیتی لیجانے کتئین
وہ دولہ دلہن کی سواری چلی
دلہن کے وہ ہمراہ ہوی ادھ گھڑی
چلا شاہ مسعود بھی نیک ذات
چھڑیاں لے ملے ہینگے آپسمین آ
بڑا اسا ہوا ہیگا وہاں ایک ہجوم
جو کھانا سبھوں کو کھلائے ہین وہ
سبھی باہر اور گھر مین ہر ایک جا
سبھی انس و جن پر خوشی تھی تمام
پھر آپسمین رخصت لئے ہینگے آ

جو پھر دولہا دلہن کو رخصت کئے — چہرا [illegible] اور [illegible]
چلی ہنستے پھر گھر کو دولہا دلہن — پڑا یا نکلا شب [illegible]
خوشی سے غرض پہنچے ہین گھر کو جا — سبھی ماند [illegible] رہتے تھا بیا
اوشی ہینگے پھر صبح کو از خوشی — عجب دن وہ گذرے [illegible]
پری کی بھی شادی ہوی اب تمام — سبھوں کی مرادآئی ہے لا کلام
پھر عاقل کا معمول یون تھا پڑا — کہ رہتا تھا ایک رات اک پاس جا
نظر شاہ کے پاس ایک شب رہے — پری پاس جا دوسری شب رہے
پری پاس جاتا تھا از خوشی پر — یہ کہتا نتھا یہ حقیقت کبھی
خوشی خورمی سے وہ رہنے لگے — خوشی سیتی وہ دن گذرنے لگے
جو کئے روز پھر کہ گئے ہین گذر — پری اور رفاکی کہے ایک سفر
بہت دن ہوے چھوڑا اپنا وطن — ضرور ہیگا جانا ہمین گھر گذن
پری سے پری کا قبیلہ کہا — پھر عاقل سے اوسکے کہے باپ ما
کہ ہجرت کا یہ جو سنے ہین سخن — لگے رونے آپس مین سب مرد و زن
لگی رونے نرگس پری بھی جدا — کہ ماں باپ سیتی بچھڑنا پڑا
پریون کی تو جو کچھ تیاری نہ تھی — جو رخصت کے تھے منتظر وہ سبھی
مگر شاہ مسعود اوس کا محل — تیاری لگی ہونے اُن کے بدل
سمن اور جو اوس کے مادر پدر — لگی ہونے تیاری [illegible]

سمن اور جو اوس کے مادر پدر — لگی ہونے تیاری اونکی ادھر
پھر عاقل نے سب لوگوں کے تئیں بلا — کہا ہیگا اُن کے تئیں برملا
کہ چلتے ہیں رخصت میرے باپ ماں — سوئے شہر موگریاں سب کو کہا
شہروں کے سفر کی تیاری کرو — بہت جلدی سیتی خبر مجھکو دو
پھر عاقل سبھی ملک پر خط لکھا — کہ اس طرح سے آئے ہیں بادشاہ
کوئی چیز کی تصدیع ہونے نہ دو — خبردار تم یاد اسکو رکھو
وہ ایک ماہ کے بعد سب آن کر — یہ عاقل کے تئیں کو دیئے ہیں خبر
سفر کی سبھی چیز ہیگی تیار — یہ سن خوش ہوا عاقل نامدار
وہ پھر باپ ماں کو بھی ظاہر کیا — یہ سن وہ بھی خوش ہو دیئے ہیں رہا
تب عاقل بھی ماں اوسکی رونے لگی — غم ہجر کو دلمیں بونے لگی
پھر عاقل کو ماں نے لگا کر گلے — کہی پھر جدائی ہوئی ہے ہمیں
جو دو دن ہمیں ملکے تھے تیرے لیے — فلک یہ بھی چاہا نہیں ہے پرے
یہ سن باپ کو بھی لگا ہے برا — وہ تھوڑے سے آنسو دیا ہے بہا
غرض ایک دن وہ مقرر کئے — نکلنے کے تئیں وہ مقرر کئے
یہ پھر اطلاع وہ سمن کو کیا — سمن آکے عاقل ستی یہ کہا
وہی روز میں بھی مقرر کیا — کہ میں چلنے کے تئیں تقرر کیا
سمن پھر لگا رونے کو کوک مار — ہوا ہیگا عاقل بھی بے اختیار

اس طرح سیتی وہ سب دن گئے — جو ولیعہد کا پہنچا ہے اون کے
تب عاقل کے ماں باپ ہو کر سوار — پریزاد کے پاس گئے ایکبار
نظر بند و عاقل بھی ہمراہ تھے — وہ آپس مین سب رخصت ہونے لگے
گلے لگ کے عاقل کے ماں باپ کے — پریان اور پری سب زار رونے لگے
پری پھول پھر یہ مقرر کہی — وہ سسرال اپنے کہنے لگی
میرے دل مین آیا ہے اسطرح سے — کہ ہر مہ مین ایکبار ہم سب ملے
وہ پھر ساس سمدھن سے کہنے لگی — کہ مین تخت اڑنیکا بھیجواؤن گی
تمھین اور جو چاہے سو ہو سوار — چلو روم مین ہم سے آ ایکبار
یہ سنکر بہت خوش ہوے وہ تمام — وہ رخصت ہوے ہینگے پھر نیک نام
سمن اون کے ماں باپ نرگس پری — کہ اُن سب کو بھی پھر تو رخصت کہی
کھٹولے مین جو بیٹھ کر وہ اڑی — سو اک آن مین گھر مین داخل ہوی
تب عاقل نظر بند اور پھول پری — تھے ہمراہ مسعود شہ کے سبھی
نہایت یہ عاقل کو دشوار تھا — بچھڑنا تو ماں باپ کا بار تھا
غرض جا کے یہ پہلے منزل مین سب — رہے ہینگے یہ جا ٹھہر شب کی شب
صبح کو وہ آپس مین رخصت ہوے — لگا ہیگا عاقل نے ماں کے گلے
لگی ماں نے رونے کو بے اختیار — لگی کہنے اس طور سے بار بار
کہ رہتے سو رات آئی تو نین ہے ڈر — بچھڑنا بہت شاق ہے اے پسر

وہ بہو دن کو بھی پھر لگا کر گلے
سبھون کو خدا کے حوالے کیئے

زمانت کا بازو پہ باندھے ہین پھر
زمرد و یاقوت و لعل و گہر

وہ پھر بعد عاقل کو سعود شاہ
گلے کو لگا سب کے رونے لگا

لگایا ہے بہو کے تئین پھر گلے
وو روتے ہوے سارے رخصت ہو

بھی سعود شہ اور اُس کا محل
وطن کے تئین گئے ہین وہان سے نکل

پری اور نظر بند و عاقل تمام
وہ آئے مکان پر ہو ایکدل تمام

پریان اور پرے چڑھ کے تخت روان
گئے اپنے شہرون کے تئین اوس زمان

پھر عاقل نے بصرے مین چند رہا
کہ اوسکا پہ کچھ بندوبست اوسکو تھا

وہ پھر عامل بصر کے تئین بلا
دیا اوسکی منصب کے تئین کو بڑہا

سبھی صاحب کارخانون کے تئین
کیا خوش بہت دے کے انعام ہین

کئے روز کے بعد وہ شہریار
منگا روم جانے کے تئین نام وار

پری اور نظر بند سیتی کہا
ارادہ میرا اب تو ہے کوچ کا

وہ سن بولے تابع ہین ہم حکم کے
کہ جس وقت چاہے تو چل تو ہے

پری بولی لشکر کے تئین کو تمام
روانہ کرو تم سبھی خاص و عام

نظر بند اور تم سیر سے در محل
چلو تھیکر اور اوسمین نین کچھ خلل

کہ جس طرح سیتی ہوا آتے وقت
اوسی طور سیتی چلو جاتے وقت

یہ راضی ہوے سن نظر بند شاہ
غرض کوچ کا وقت پونچا ہے آ

اوسی طور لشکر روانہ کیے
سو منزل بمنزل چلے پہنچے وہ
ہوی ہے وہاں تب خوشی خرمی
کہ جس وقت تھا وہاں سے عاقل چلا
کہ اسطور اس طرح کا ایک محل
جو چاہے سو لیو خزانے سے تم
خرد بند اوسجا بنا کر محل
اوسے دیکھ کر عاقل نامدار
کہا اسے پسند [illegible] دیکھ کر
پھر اس کے تئیں بھی دیا [illegible] محل
سبھی عالم روم دیکھے [illegible]
بہت [illegible]
پھر عاقل ہوا روم کا بادشاہ
لگے عیش سے دن گذرنے کتئیں
یہ عاقل بجالایا شکر خدا
[illegible] ہند کے پاس اک شب رہے
اوسی طور سے روز تھوڑے گئے

محل [illegible]
گئے روز [illegible]
لگا بخشنے [illegible] ہر گھڑی
بلا کر [illegible] کہا
[illegible] تئیں [illegible] بدل
[illegible] کارخانے تم
رکھا تھا وہ عاقل لیے بدل
بہت خوش ہوا [illegible] بے اختیار
نظر [illegible] کے [illegible]
[illegible]
نظر [illegible] شادی
یہ آخر [illegible] چپ ہو رہے
سبھی حکم [illegible] کرنے لگا
لگے خلق پر [illegible] کرنے کے تئیں
جو اوسکا [illegible] لگا سب [illegible]
پری [illegible] پھول [illegible] ایک شب رہے
[illegible] عاقل کہے

که شاہون ستی ہم گئے تھے جو شرط — بجالانا اوسکے تئین خوش نمط
انھون سُن کے بولے بہت خوب ہے — کہ یہ فکر تو دلکو محبوب ہے

دربیان طلبیدن عاقل پدر و مادر و شاہان را

پھر عاقل نے ماں باپ کو خط لکھا — وہ آداب و تسلیم خط مین لکھا
لکھا خیریت سیتی ہم روم کو — جو پونچے ہین آکر ہم اس بوم کو
وہ بعد از ستی اس طرح سے لکھا — کہ ایک تخت مین بھون دیا بھیجوا
کہ حضرت بھی اور والدہ بھی سوار — جسے چاہے اوسکو بھی کر لیو سوار
جو وعدہ کئے تھے سو لانا بجا — ہمین آپ کو چھتے ہین دیکھنا
یہہ خط لکھہ کے تب عاقل نامدار — وہ خط پر کیا مہر کو ایکبار
پری پاس سے مانگ لے اک پرا — دے تخت اوسکے ہمراہ روانہ کیا
سمن کو بھی اسطور سے خط لکھا — پری کے قبیلہ کو بھی خط لکھا
جو عاقل نے شاہون کو خط لکھہ چکا — تیاری وہ پھر جشن کی یہان کیا
جو کچھہ جشن کے تھے لوازم تمام — مہیا کیا ہیگا وہ نیک نام
خطین پونچے ہین جبکہ شاہونکو جا — تہیہ کئے وہ بھی سب چلنے کا
جو عاقل نے وعدیکا دن تھا لکھا — اوسی روز پونچے ہین سب جلد آ
مُہیا یہان تھا سبھی کار جشن — ہُوا ہیگا پھر گرم بازار جشن
لگے کھانے پکنے کے تئین جا بجا — لگا ناچ ہونے کے تئین ہر جگا

ہر ایک مہ مین اسطرح سے بار بار
مقرر کئے جشن وہ نامدار

جو ملنے کا ملنا ہے آپسمین سب
خلل نین کبھی بات کا جسمین اب

اسی طور سیتی وہ رہنے لگے
مدام اس طرح دن گذرنے لگے

دربیان تولد شدن پسر بہ نظر بند بیگم وغیرہ

گئے روز کے بعد ایک بارگی
نظر بند بیگم ہوئی کاھلی

لگے اوسکو ارو ے رہا ہے حمل
کہ خورشید داخل ہوا ہے حمل

یہ سن خوش ہوئے ہینگے سب ایکبار
ہوا روم مین جشن سب آشکار

خوشی ہوئی ہے عاقل کے اوپر بڑی
غرض نو مہینے گئے از خوشی

خوشی خورمی سے تولد ہوا
نمط مہ کے شہزادہ فضل خدا

بڑی دھوم کی پھر تو شادی ہوئی
سبھی ملک اوپر منادی ہوئی

سبھی شادیانے خوشی کے بجے
سبھی نظرین لے کے حاضر ہوئے

ہین کیا اوس خوشی کا لکھوں مین بیان
قلم مین وہ لکھنے کی طاقت کہان

اگر وہ لکھے جاویگی داستان
کبھو ناتمام ہووے گی داستان

وہ پھر بعد کئے روز کے پھولپری
جنی ہیگی بیٹا ہوئی ہے خوشی

سمن اور نرگس کو دختر ہوئے
بہت خوب سے نیک اختر ہوئے

گئے گھر کو نرگس پری کے تمام
کئے دھوم سے شادی وہ نیکنام

اسی طور سیتی گذرنے لگے
خوشی سیتی ملکر وہ رہنے لگے

نظر بند کے بیٹے کو مسعود شاہ ۔ کیا جانشین اور اپنے لے گیا

در بیان خاتمہ کتاب گوید

بحمد اللہ قصہ ہوا ہے تمام ۔ بحق محمد علیہ السلام

کہ جس طرح سے اُنکی آئی مُراد ۔ ہمارے بھی اللہ کرے دلکو شاد

بحق رسولؐ و بآل رسولؐ ۔ بحق علیؑ و بحق بتولؑ

میرے دین و دنیا کے مطلب تمام ۔ برآوین بحق نبیؐ و امامؑ

مجھے دنیا اور دین مین چین دے ۔ بحق ائمہ و حسنین کے

تیرے پاس مانگونگا جو مین دعا ۔ بحق محمد اوسے کر روا

نکر مجھکو مایوس اپنے ستی ۔ بحق نبیؐ و بہ آل نبیؐ

خدا دین احمد کے تئین زور دے ۔ سبھی کفر کو توڑ کر توڑ دے

مجھے شعر مین راہ نہین ہے ذرا ۔ مین تکلیف سے ایک کے یہ کہا

یہ قصہ کے تئین سیر جو کوی کرے ۔ مجھے یاد نیکی سے ہر کوئی کرے

پڑھے فاتحہ اک میرے واسطے ۔ نہ اس بات مین کوئی بخیلی کری

یہ قصہ پڑھے جو لکھے جو سنے ۔ خدا و نبیؐ اوسکے تئین خوش رہے

یہ حاصل ہوا ہیگا جب مجھکو گنج ۔ تہا سن یکہزار و دو صد بست و پنج ۱۲۲۵

شروع جو کیا مین یہ قصہ کے تئین ۔ تہا بارہ سے بائیس و سن یقین ۱۲۲۲

مین چھوڑا تھا آدھا بنا کر اوسے ۔ جو کچھ فکر مجھکو پڑی آن کے

ہوا ہے بفضل خدا ایسہ... کلام | سن بارہ سے ۱۲۲۵ بیت پچپن تمام
شروع سے پکڑ کر مین تا اختتام | بنایا ہو نہین پنج مہ مین تمام
ہے مولو دسیر غلام حسین | مدد مین سیر ست ہین امام حسین
او رعبد الحسن بھی سیر انام ہے | یہی نام ہے مجہکو اکرام ہے
تخلص تو میر محمد ہوا | غلام اب مین تیر محمد ہوا
مجھے اشرا ہیگا سنیو یہی | محمد و آل محمد نبی
یہی چار دہ کو مین ہون جانتا | سوا اسکے کس کو نہ پہچانتا
ہے بعد از میر ا شاہ عالی مقام | وہ عباس علی جس کا ہو مین غلام
اسے اللہ بحق ہمہ کلہم | میرے پر تو کر فضل و رحم و کرم
بھی اول جمادی کی تاریخ چار | ہوا ختم یہ قصۂ نوبہار
تہا پنجشنبہ کا روز روز سعید | ہوا ختم یہ قصۂ با امید
محمد نہ دے طول کر اسکو بس | ہوس ہے تو تجہکو یہین قدر بس
کیا ہون مین اب ختم قصہ کی بات | ہو آل احمد یہ ہر دم صلوات

تمت ۲۵ ـ ۳ ـ ۱ بتاریخ ذی الحجہ ۹ باختتام رسید

قطعہ

ای شاہ رعیتون کا تو کہتا ہی ستم | ای داد یہ کچہہ شاہون کا قاعدہ ہی رسم
تو حال سون غریبون کے الطاف اٹھا | رہی تخت و تاج و دولت و اقبال عدہ جم